دروس التبری

(احکام لعنت و آداب تبرا)

نگارش

نور محمد ثالثی

ناشر

مرکز الزہراء(ص) العلمی النجف الاشرف العراق

https://downloadshiabooks.com/

بسمہ تعالی

مشخصاتِ کتاب

اسم کتاب	:	دروس التبری (احکام لعنت و آدابِ تبرا)
نگارش	:	نور محمد ثالثی
نظر ثانی	:	حجۃ الاسلام مولانا سید شوکت عباس رضوی النجفی مدظلہ
تقریظ	:	آیۃ اللہ محقق علامہ شیخ حسن رضا الغدیری مدظلہ
کمپوزنگ	:	حجۃ الاسلام مولانا شیخ خضر عباس صاحب
سیٹنگ	:	حجۃ الاسلام مولانا سید علی عباس رضوی کراروی مدظلہ
ناشر	:	مرکز الزهراء العلمی نجف الاشرف العراق

https://downloadshiabooks.com/

فہرست

درس ۱ ـــــــــــ ۵
درس ۲ ـــــــــــ ۱۰
درس ۳ ـــــــــــ ۱۶
درس ۴ ـــــــــــ ۲۲
درس ۵ ـــــــــــ ۲۷
درس ۶ ـــــــــــ ۳۱
درس ۷ ـــــــــــ ۳۷
درس ۸ ـــــــــــ ۴۳
درس ۹ ـــــــــــ ۴۸
درس ۱۰ ـــــــــــ ۵۴
درس ۱۱ ـــــــــــ ۵۹
درس ۱۲ ـــــــــــ ۶۵
درس ۱۳ ـــــــــــ ۷۱
درس ۱۴ ـــــــــــ ۷۸
درس ۱۵ ـــــــــــ ۸۳
درس ۱۶ ـــــــــــ ۹۰
درس ۱۷ ـــــــــــ ۹۹

https://downloadshiabooks.com/

درس ۱۸_______________ ۱۰۶
درس ۱۹_______________ ۱۱۱
درس ۲۰_______________ ۱۱۶
درس ۲۱_______________ ۱۲۲
درس ۲۲_______________ ۱۲۸
درس ۲۳_______________ ۱۳۲
درس ۲۴_______________ ۱۳۸
درس ۲۵_______________ ۱۴۴
درس ۲۶_______________ ۱۴۹
درس ۲۷_______________ ۱۵۵
درس ۲۸_______________ ۱۶۱
درس ۲۹_______________ ۱۶۷
درس ۳۰_______________ ۱۷۲
درس ۳۱_______________ ۱۷۷
درس ۳۲_______________ ۱۸۵
درس ۳۳_______________ ۱۹۱
درس ۳۴_______________ ۲۰۰
درس ۳۵_______________ ۲۰۶

درس نمبر ۱

تبرا کا مفہوم:

کلمہ تبری کلمہ برائت سے ماخوذ ہے اور برائت کے معنی بیزاری، نفرت اور دشمنی ہے ابو ہلال عسکری نے کہا ہے کہ مادۃ 'برّاء'' قطع کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اسی لیے برائت کا مطلب ہے رابطہ توڑ لینا اور کسی قسم کا تعلق نہ رکھنا "اصله القطع و منه البراءة وهی قطع العلقة"[1]۔ اور اگر تبرِائتُ من فلاں کہیں گے تو اس کا معنی یہ ہو گا کہ میں نے طرف مقابل سے رابطہ منقطع کر لیا ہے اور اس سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے مطلب یہ کہ برائت و تبراء مکمل طور پر لاتعلقی بلکہ اظہار نفرت کا نام ہے لہذا جو لوگ دشمن سے اور خاص طور پر دشمنان خدا اور رسولؐ اور دشمنانِ ائمہ و مومنین سے کسی طرح کا ربط رکھتے ہوئے تبرا کے قائل اور برائت کو اپنے دینی فروع یا اصول میں سے شمار کرتے ہیں وہ دوسروں کو دھوکہ دینے کے بجائے اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں اور در حقیقت وہ تبری اور برائت کے لغوی معنی سے جاہل ہیں۔

اصل برائت ایک قلبی مسئلہ ہے جسے مختلف طریقوں سے اظہار کیا جاتا ہے اور دشمنی و بیزاری کا اظہار کبھی زبان سے تو کبھی ہاتھ سے اور کبھی ضرورت پڑ جائے تو دشمن سے جنگ و جدال کے لیے ہوتا ہے اس کے علاوہ برائت، تبرا بالکل محبت و موالات کے مقابل و نقطہ مخالف کو کہتے ہیں محبت میں محبوب سے اظہار امر مستحسن ہے تو برائت میں بھی دشمن سے نفرت و بیزاری

1۔ معجم مقاییس اللغۃ، ج۱، ص۶۲۳۔

https://downloadshiabooks.com/

اس کے کانوں تک پہنچانا چاہیئے تبھی دو متضاد معنی رکھنے والے الفاظ صحیح معنوں میں ایک دوسرے کے متضاد کہلائیں گے۔ یہ تو ہو گیا لفظی تضاد کے تقاضہ کا مسئلہ، لیکن یہ صرف لفظی پہلو کا حامل نہیں ہے بلکہ عرف و عقل اور شریعت بھی نیز فطرتِ انسانی بھی سرچشمہ بدی و برائی اور نقصان پہنچانے والی اشیاء و اشخاص سے عداوت و دشمنی اور نفرت و بیزاری کا اعلان و اظہار کرنے کا تقاضا کرتی ہے بلکہ نقصان دہ اور گمراہ کن عوامل سے تبرا لازم وواجب ہے۔

تبری نعرہ ہے یا ضرورت؟

دشمن خدا اور رسولؐ اور دشمنان ائمہ معصومین علیہم السلام سے بیزاری و برائت کا اظہار نعرہ و شعار بھی ہے اور ضرورت دین مذھب بھی ہے نہ صرف شعار و نعرہ کہہ کر اس رکن رکین سے مومنین کو غافل بنایا جا سکتا ہے اور نہ ہی صرف دین و مذہب کی ضرورت کا نام دے کر سکوت اختیار کیا جا سکتا ہے زبان و بیان سے جہاں ہمارا یہ نعرہ و شعار ہونا چاہیئے کہ اے اہل بیت علیہم السلام رسول خداؐ "انی سلم لمن سالمکم و حرب لمن حاربکم" میں اس سے مسالمت آمیز زندگی اور صلح و مصالحت رکھتا ہوں جو آپ کے ساتھ مصالحت رکھتا ہے اور جو آپ کے سامنے سر تسلیم خم ہے اور اس سے بر سر پیکار ہوں جو آپ کے خلاف حرب و ضرب میں پیش پیش رہا ہے وہیں یہی نعرہ اور شعار ہمیں دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے مسلح جنگ اور باقاعدہ محاذ آرائی کی دعوت دیتا ہے سلم ضد حرب ہے حرب یعنی جنگ، مومن کو چاہیئے کہ دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے جنگ و جدال کے لیے ہر وقت آمادہ رہے اور موقع کا انتظار کرے اور جب تک مسلم حرب و ضرب کا موقع نہیں آتا زبان و بیان سے دشمن سے بیزاری و تبرا کا اعلان کرتا رہے اور

https://downloadshiabooks.com/

مکمل طور پر دشمن کشی کا مقدمہ فراہم کرتا ہے زیارت معصوم کا یہ فقرہ صرف زبانی جمع خرچ کے لیے نہیں ہے بلکہ ہم مذھب اور حق و صداقت کی راہ پر گامزن مومنین سے ہم آہنگی و اتحاد کا اعلان ہے تو بیگانوں اور فاسد عناصر سے نفرت کا اعلان اور گمراہ اور گمراہ کن عناصر سے تبراء و بیزاری کا اعلان بھی ہے دین اسلام اور مذہب حقہ کے پیروکاروں کو کھوکھلے نعروں سے کوئی واسطہ نہیں ہے مکتب اہل بیت علیہم السلام کے دو بنیادی عنصر ہیں ایک کا نام محبت و مودت ہے تو دوسرے کا نام دشمنی و تبراءوبیزاری جسے امام باقر علیہ السلام نے عصمت مآب کلمات میں یوں بیان فرمایا ہے "هل الدين الا الحب والبغض"[2] کیا دین و دین داری محبت و دشمنی کے علاوہ بھی کچھ ہے۔

"والذين كفروا أولياءهم الطاغوت يخرجونهم من النور الى الظلمات". عبدالله بن ابي يعفور قال: قلت لابي عبدالله: انی اخالط الناس فيكثر عجبی من اقوام لا يتولونكم ويتولون فلانا وفلانا، لهم امانة وصدق ووفاء واقوام يتولونكم ليس لهم تلك الامانة ولا الوفاء ولا الصدق، فاستوى ابو عبدالله عليه السلام جالسا فاقبل علیّ كالغضبان ثم قال عليه السلام لا دين لمن دان الله بولاية امام جائر ليس من الله ولا عتب على من دان بولاية امام عادل من الله، قلت: لا دين لأولئك ولا عتب على هؤلاء؟ قال عليه السلام: نعم لا دين لاولئك ولا عتب على هؤلاء، ثم قال عليه السلام ألا تسمع لقول الله عزوجل الله ولى الذين آمنوا يخرجهم من الظلمات الى النور "يعنی الظلمات الذنوب الى نور التوبة والمغفرة بولايتهم كل امام عادل من الله، و قال: "والذين كفروا أولياءهم الطاغوت يخرجونهم من النور الى الظلمات" انما رعنى بهذا انهم كانوا على نور الاسلام فلما ان تولوا كل امام جائر ليس

2۔ تفسیر العیاشی، ج۱، ص۱۶۷۔

https://downloadshiabooks.com/

من اللہ عزوجل خرجوا بولایتھم من نور الاسلام الی الظلمات الکفر فاوجب اللہ لھم النار مع الکفار فاولئک اصحاب النار ھم فیھا خالدون"۔

تفسیر عیاشی میں آگے وارد ہوا ہے کہ:قلت الیس اللہ عنیٰ بھا الکفار؟ حین قال: والذین کفروا؟قال:فقالؑ: وای نورٍ للکافر وھو کافر؟!فاخرج منہ الی الظلمات"[3]۔

توجہ:انما یتعجب الانسان من الشیء اذا اعظم موقعہ و خفی علیہ سببہ فیخبر لیعلم موقع ھذا الشیء عندہ"اصول مستحکم ہیں فروع میں کمزوری ہے مومن غیر مومن ،موحد و مشرک کا مسئلہ ہے۔

"الطاغوت" الشیاطین ،أئمۃ الجور۔۔۔التعمیم اولیٰ،خرجوا بولایتھم : نفس ولایتھم ظلمۃ الکفر"۔

عن ابان بن عثمان عن ابی عبد اللہؑ قال : " اذا کان یوم القیامۃ نادی منادٍ من بطنان العرش این خلیفۃ اللہ فی ارضہ ؟ حضرت داؤد نبیؑ اٹھ کر کھڑے ہو جائیں گے تو پروردگار کی جانب سے ندا آئے گی کہ ہم نے آپ کو مراد نہیں لیا ہے"وان کنت للہ خلیفۃ" اگرچہ آپ بھی خلیفہ خدا تھے۔

دوبارہ آواز قدرت آئے گی تو امام امیر المومنین علیہ السلام کھڑے ہو جائیں گے پھر آواز قدرت آئے گی "یا معاشر الخلائق ! ھذا علی ابن ابی طالب خلیفۃ اللہ فی ارضہ و حجتہ علی عبادہ،فمن تعلق بحبلہ فی دار الدنیا فلیعلق بحبلہ فی ھذا الیوم "اور ان کے نور کی روشنی

3۔ تفسیر العیاشی،ج۱،ص۱۳۸۔

https://downloadshiabooks.com/

میں جنت کے درجات معلی تک جائے وہ سب کے سب کھڑے ہو جائیں گے جو امام علی علیہ السلام کی رسی کو دنیا میں مضبوطی سے تھامے ہوئے تھے اور جنت تک جائیں گے "ثم یأتی النداء من عند الله: الا من تعلق بامام فی دار الدنیا فلیتبعه الی حیث یذهب به فحینئذ یتبرا الذین اتبعوا من الذین تبعوا ....وقال الذین اتبعوا: لو ان لنا کرة فنتبرا منهم کما تبرءو منّا"[4]۔

درس نمبر ۲

4۔ امالی للشیخ طوسی، مجلس ۳، ص ۶۳۔

https://downloadshiabooks.com/

سوال: کیا دشمنان انبیاء وائمہ علیہم السلام پر لعنت بھیجنا بہت ضروری ہے؟ اور کب تک ؟ کیا معاف کر دینا شیریں عمل اور لذت بخش کام نہیں ہے؟ آخر کیوں لعن طعن اور تبراء پر اس قدر تاکید کی گئی ہے؟

جواب: انبیاء ومرسلین علیہم السلام ہوں یا حضرات معصومین علیہم السلام ،ان بزرگواروں پر ڈھائے گئے ظلم وستم ایک محدود زمانہ سے مختص نہیں تھے کہ ان کے ظلم وستم کے مقابل چند روز لعن طعن کر کے چھوڑ دیا جائے بلکہ ان کے ظلم وستم کے آثار اور برے اثرات آج بھی مرتب ہو رہے ہیں آج مسلمان معاشرہ کو جس بدبختی و شقاوت نے اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے یہ سب انہیں ملعونوں کے ظلم وستم اور غصب حقوق معصومین علیہم السلام کی وجہ سے ہے۔

آج ہم ظالموں جباروں پر جو لعن طعن کرتے ہیں اور ان سے بیزاری و تبرا کرتے ہیں یہ کوئی صرف اپنے دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے نہیں ہے بلکہ ان ملعونوں کے باعث، مسلمان معاشرہ منحرف ہے اور قتل وخون نیز مسلمانوں کی عقب ماندگی و انحطاط کا باعث وہی ملاعین ہیں جنہوں نے اسلامی اقتدار کو اہل سے چھین کر اپنی چند روزہ ھوس اقتدار کو پورا کیا مگر ہمیشہ کے لیے ظلم وفساد کا بیج بو گئے ہم ان سے بیزاری و برات کا اعلان کر کے اوران کے اوپر لعن طعن کر کے دوسروں کو ان کے کرتوت سے آگاہ اوران کے کردار سے متنبہ اور انحراف سے بچانے اور راہ حق پر لانے کی کوشش کرتے ہیں۔

نیز خدا اور رسولؐ اور معصومینؑ و نبیین علیہم السلام کو اذیت پہنچانے والوں پر لعنت ملامت اور تبری کسی خاص زمان ومکان سے مخصوص نہیں ہے بلکہ قرآن مجید کا صریحی حکم ہے کہ موذی

https://downloadshiabooks.com/

لوگوں پر دنیا میں بھی لعنت ہو اور آخرت میں بھی لعنت ہو اور تبرا کا یہ سلسلہ ہر دور میں چلتا رہے وہ قرآن جو کہ ہر دور و زمان کے لیے ھدایت کی کتاب ہے کسی زمانے سے مختص نہیں ہے اس میں صریحی طور پر اعلان کیا جا رہا ہے کہ " ان الذین یوذون اللہ و رسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرۃ" کیا اس صریحی آیت سے بھی زیادہ صریح تر کوئی آیت ہو سکتی ہے جس میں دشمنوں پر لعن طعن اور ان سے بیزاری و برائت کا اظہار دنیا میں محدود نہیں رکھا گیا ہے سورہ احزاب کی اس آیت میں اذیت کا تعلق صرف خدا سے نہیں بلکہ رسول خداؐ سے بھی ہے اور آنحضرتؐ نے صاف لفظوں میں اپنے اہل بیت علیہم السلام سے بغض و عناد رکھنے والوں ان پر ظلم و ستم کرنے والوں اور ان کی اذیت کا باعث بننے والوں سے اذیت اٹھانے کا تذکرہ کیا ہے متعدد روایات میں آپؐ نے اپنے اہل بیت علیہم السلام کی فرد فرد کو تکلیف پہنچانے والوں کو لعن طعن اور برائت کا اعلان کیا ہے اور اہل بیت علیہم السلام سے دشمنی رکھنے والوں ،ان کو ستانے والوں کو شدید لعن طعن کی ہے اور ان سے اپنی دشمنی کا اعلان کیا ہے۔اور جہاں تک بخشش و عفو کا تعلق ہے تو ہمارے معصومین علیہم السلام نے اس کی بڑی تاکید کی ہے مگر جو شخص یا جو لوگ ضلالت و گمراہی اور ہمیشہ کے انحراف اور ملیونوں انسانوں کی بدبختی و شقاوت کا باعث بنے ہیں وہ ان کی عفو و بخشش سے خارج ہیں بلکہ خود ان کریموں نے ان خبیثوں پر لعنت کی ہے۔

نماز جنازہ اور تبرا:

https://downloadshiabooks.com/

مرحوم ثقۃ الاسلام کلینیؒ نے کتاب کافی میں کتاب الجنائز کے باب الصلاۃ علی الناصب میں سات روایتیں نقل فرمائی ہیں پہلی روایت میں رسول خداؐ کا تبرا اور دوسری، تیسری روایت میں امام حسین علیہ السلام کا تبرا ذکر کیا ہے اور بعد کی روایتوں میں امام باقر علیہ السلام اور امام صادق علیہ السلام کی مخالفین کی میت پر لعن طعن اور تبرا کا ذکر ہے۔

سورہ توبہ کی آیت "۸۴" نازل ہو چکی تھی جس میں خداوند متعال نے اپنے رسولؐ کو کافروں، فاسقوں اور منافقوں کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کر دیا تھا اور قبر پر دعا کے لیے کھڑے ہونے سے بھی روک دیا تھا لیکن دوسری آیت میں اپنے رسولؐ کو اختیار دے دیا تھا کہ آپ کسی منافق کے لیے استغفار کریں یا نہ کریں اور چاہے ستر بار بھی استغفار کریں خداوند متعال منافقوں کو بخشنے والا نہیں ہے اس آیت کریمہ سے رسول خداؐ نے فائدہ اٹھاتے ہوئے رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی سلول کی نماز جنازہ پڑھائی جونہی آپ اس ملعون کی نماز جنازہ کے لیے کھڑے ہوئے پیچھے سے ملعون ثانی نے گستاخی کی اور آپ کی رداء کو کھینچ کر کہا کہ کیا اللہ نے آپ کو منافق کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا ہے؟ جناب رسول خداؐ خاموش رہے دوسری مرتبہ ثانی نے کہا کیا آپ کو خدا نے منافق کی قبر پر کھڑے ہونے سے منع نہیں کیا ہے؟ اس دفعہ رسول خداؐ خاموش نہیں رہے اور آپ نے نماز کے بعد ارشاد فرمایا" ویلك و ما یدریك ما قلت" ویل ہو تم پر تجھے کیا پتہ کہ میں نے کیا کہا ہے اس کے بعد جناب رسول خداؐ نے منافق کی نماز جنازہ میں جو دعا بلکہ یوں کہا جائے کہ جو بد دعا کی تھی کھل کر ملعون ثانی کو بتا دی بقول امام صادق علیہ السلام جناب رسول خداؐ ظاہر نہیں کرنا چاہتے تھے لیکن ایک منافق دوسرے منافق کی بد دعا کے ظاہر ہونے کا سبب بن گیا جناب رسول خداؐ نے ملعون ثانی سے کہا" انی قلت: اللھم احش جوفه ناراً واملأ قبره ناراً

https://downloadshiabooks.com/

اصلہ ناراً۔" "میں نے عبد اللہ بن سلول پر دعا نہیں بد دعا کی ہے اور کہا ہے: خدایا! عبد اللہ بن سلول کے شکم کو آگ سے بھر دے خدایا اس کی قبر کو آگ سے بھر دے خدایا اس کو واصل جہنم کر دے" گویا رسول خداؐ فرمانا چاہتے ہیں کہ اللہ نے مجھے دعا کے لیے منع کیا ہے بد دعا اور تبرا کے لیے منع نہیں کیا ہے منافق سے تبرا بھی منافق پر بد دعا کرنا رسول خداؐ کی سیرت و سنت ہے[5]۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں "فابدا من رسول اللہ ما کان یکرہ" عمر بن خطاب کی وجہ سے رسول خداؐ کو وہ چیز بیان کرنا پڑی جسے آپ ناپسند کرتے تھے مکروہ جانتے تھے ایک منافق پر لعن طعن اور واصل جہنم کی بد دعا سیرت رسول خداؐ ہے تو پھر سربراہان نفاق پر لعن طعن اور ان سے بیزاری و برائت تو بطریق اولیٰ جائز ہے اگر ملعون ثانی کو منافقین کے سلسلہ میں رسول خداؐ کے اختیار کا علم ہوتا تو شاید اعتراض نہ کرتا لیکن اسے ناسخ و منسوخ آیتوں کا کہاں سے علم ہو گا جب ایک سورہ بقرہ کے حفظ میں بارہ سال بیت گئے اور بیٹے نے ۸ ہی سال میں حفظ سورہ بقرہ کر لیا تھا جن کو الفاظ قرآنی کے معانی سمجھنے میں دقت پیش آرہی تھی ان سے تاویل و تفسیر ،ناسخ و منسوخ کی اطلاع کی توقع بے جا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا بیان ہے کہ ایک روز زمانہ حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام میں ایک منافق مر گیا تھا امام حسین علیہ السلام اس کے جنازے کے ہمراہ چل رہے تھے کہ آپ کا ایک غلام ادھر سے گزر رہا تھا آپ نے اس کو بلایا اور پوچھا کہ کہاں بھاگ رہے ہو تو اس نے عرض کیا "افرّ من جنازۃ ھذا المنافق ان اصلی علیھا" مولا میں اس منافق

5۔ الکافی، ج۳، باب الصّلاۃ علی الناصب، ح۱، ص۱۸۸۔

https://downloadshiabooks.com/

کی نماز جنازہ نہ پڑھنی پڑے اس لیے فرار کر رہا ہوں میں اس کی نماز جنازہ میں شریک نہیں ہونا چاہتا تو امام حسین علیہ السلام نے اس غلام سے فرمایا "انظر ان تقوم علی یمینی" ٹھہر واور کوشش کرو کہ میرے داھنی جانب نماز جنازہ میں شریک ہو جاؤ "فما تسمعنی اقول فقل مثله" اور جو تم مجھ سے سنو وہی دھراؤ اس غلام نے امام علیہ السلام کی بات مان لی اور نماز جنازہ کے لیے امام حسین علیہ السلام کے داھنی جانب کھڑا ہو گیا۔

جب ولی میت نے نماز جنازہ کی تکبیر کہی اور آواز سے نماز جنازہ پڑھانے لگا تو امام حسین علیہ السلام نے تکبیر کہی اور فرمایا "الله اکبر اللهم العن فلاناً عبدك الف لعنة مؤتلفة" خدایا اپنے اس بندے پر پے در پے ایک ہزار لعنت کر خدایا اپنے اس بندے کو اپنے دیگر بندوں اور علاقوں میں خزی و عار کا لباس پہنا دے اور اس کو جہنم کے حوالے کر دے اور اسے اپنے شدید عذاب کا مزہ چکھا دے "فانه کان یتولی اعدائك" اس لیے کہ یہ تیرا منافق بندہ تیرے دشمنوں کی محبت کا دم بھرتا تھا "و یعادی اولیائك" اور تیرے اولیاء بندوں سے دشمنی کرتا تھا "و یبغض اهل بیت نبیك" اور تیرے نبیؐ کے اہل بیت علیہم السلام سے نفرت و بغض رکھتا تھا[6]۔

جیسے جیسے امام حسین علیہ السلام جملہ ارشاد فرماتے جاتے تھے ویسے ویسے وہ غلام امام علیہ السلام کی بات کو دھراتا جاتا تھا لہذا ہم بھی اگر کہیں کسی دشمن اہل بیت علیہم السلام کی نماز جنازہ میں شرکت پر مجبور ہو جائیں یا مصلحتاً یا تقیۃ ہمیں کسی ملعون کی نماز جنازہ پڑھنی پڑ جائے تو چوتھی تکبیر میں یہی دعا بلکہ بد دعا کریں جو امام حسین علیہ السلام نے کی ہے اور اس جیسی دیگر مشابہ

6۔ الکافی، ج ۳، باب الصّلاۃ علی الناصب، ح ۲، ص ۱۸۸۔

https://downloadshiabooks.com/

بد دعاؤں کو پڑھیں کسی منافق یا دشمن اہل بیت علیہم السلام کے حق میں کبھی کوئی خیر خواہی یا دعا طلبی نہ کریں اور اگر حقیقت حال کا علم نہ ہو مثال کے طور پر مرنے والا مستضعف تھا سنی تھا مگر پتہ نہیں دشمن اہل بیت علیہم السلام بھی تھا یا نہیں یا خاص طور سے مخالفین کے جہلاء اور خواتین اور بچوں کی نماز جنازہ میں شریک ہونا پڑ جائے تو پھر اس بد دعا کے بجائے وہ کلمات دھرائیں جو امام باقر علیہ السلام اور امام صادق علیہ السلام سے مروی ہیں یعنی مبہم دعا یا بد دعا کے فقرات کو استعمال کریں اور کوئی ضروری نہیں ہے کہ عربی زبان میں ہو بلکہ اپنی زبان میں دعا یا بد دعا کر سکتے ہیں جناب محمد بن مسلم کی امام باقر علیہ السلام یا امام صادق علیہ السلام سے نقل کردہ دعا کے فقرات ملاحظہ ہو "اللھم املأ جوفه ناراً و قبره ناراً و سلط علیه الحیات والعقارب" پھر جناب محمد بن مسلمؒ اپنے ساتھ پیش آئے واقعہ کو یوں نقل کرتے ہیں کہ ایک دفعہ بنی امیہ کی ایک عورت مر گئی تھی جو بڑی بد تمیز اور بری عورت تھی تو امام باقر علیہ السلام نے اسی طرح بد دعا کی تھی تو اس پر محمد بن مسلم نے سوال کر لیا تھا کہ مولی کیا اس عورت کو ان بدعاؤں سے عذاب پہنچے گا اور اسے درد عذاب مرنے کے بعد احساس ہو گا تو امام باقر علیہ السلام نے فرمایا تھا " نعم شدیداً " ہاں ہاں اسے سخت و شدید عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا مطلب یہ کہ مرنے کے بعد بھی جسم بے جان پر بد دعا سے روح کو سخت عذاب ملتا ہے[7]۔

درس نمبر ۳

7۔ الکافی، ج۳، باب الصلاۃ علی الناصب، ح۵، ص۱۸۸۔

https://downloadshiabooks.com/

برائت و تبرا کب سے کب تک:

تبراء کا آغاز روایات اہل بیت علیہم السلام کی روشنی میں بچے کی نام گذاری سے شروع ہوتا ہے دشمنان خدا سے اظہار نفرت، مومنین کو اپنے بچوں کے نام گذاری سے شروع کرنا چاہیئے کیونکہ ناموں کے اثرات بچوں کے کردار پر مؤثر واقع ہوتے ہیں یعقوب سراج کو امام کاظم علیہ السلام نے گھوارے سے ہی مامور کیا تھا کہ اپنی بیٹی کے نام بدل دو کیونکہ تم نے جو نام اپنی بیٹی کا رکھا ہے اس نام سے خدا تبراء کرتا ہے خداوند متعال کو اس نام سے بھی نفرت ہے یعقوب سراج نے تاریخ اسلامی کی ایک نام نہاد خلیفہ زادی، (جھانسی کی رانی کی طرح) خلافت کی رانی کے نام پر موسوم کیا تھا خدا اور رسولؐ ائمہ علیہم السلام اور مومنین کی لعنت ہو اس نام کی مصداق پر۔

زندگی کے آخری سانس تک ہر مومن کو دشمنان خدا و رسولؐ اور دشمنان ائمہ علیہم السلام سے بیزاری و برائت کا اظہار کرنا ہے بلکہ مرنے کے بعد تلقین کی شکل میں مومن کو جن کلمات کی یاددہانی کرائی جاتی ہے اس میں جہاں تولا کا ذکر ہے وہاں دشمنان خدا سے بیزاری و برائت کی بھی تلقین ہونی چاہیئے۔

علامہ سید ھاشم بحرانیؒ کی معاد و قیامت کے حوالہ سے ایک بہت بہترین اور جامع کتاب ہے جس کا نام ہے معالم الزلفیٰ اس کی دوسری جلد کے صفحہ ۱۷۵ پر علامہ نے ایک باب قرار دیا ہے جس کا نام ہے ''پل صراط سے کوئی نہیں گذر سکتا سوائے اس کہ جس کے ہاتھ میں ویزہ ہوگا اور اس ویزہ میں ولایت امیر المومنین علیہ السلام مکتوب ہوگی'' اس باب میں امام صادق علیہ السلام کی

https://downloadshiabooks.com/

روایت کے فقرے یہ ہیں" لا یجوز علیه الا من کان معه براٴة "[8] سائل محمد بن حمران نے پوچھ لیا یہ برائت کیا ہے تو امام صادق علیہ السلام نے فرمایا "ولایة علی ابن ابی طالب والائمة من ولدہ" دوسری روایت رسول خداؐ سے ہے جس میں یوں وارد ہوا ہے "لم یجز علیه الا من معه جواز فیه ولایة علی علیہ السلام" ابن عباسؓ نے رسول خداؐ نے پوچھا کہ کیا جہنم کا بھی کوئی پروانہ ہو گا "قلت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جواز؟ قال نعم قلت، ما هو قال: حب علی بن ابی طالب علیہ السلام"[9] اس سے بھی بالاتر ابن عباس سے سنیوں نے نقل کیا ہے صراط پر رسول خداؐ اور جبرئیلؑ کھڑے ہوں گے " فلا یجوز احد الا من کان معه برائة من علی بن ابی طالب علیہ السلام" سنیوں ہی سے ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ " لم یجز علیه الا من کان معه کتاب ولایة علی بن ابی طالب علیہ السلام" ایک اور روایت سنی میں ہے "الا من معه جواز من علی علیہ السلام"[10]۔

ان ساری روایتوں کا ماحصل یہ ہے کہ وہ نوشتہ وہ پروانہ صرف پروانہ ولایت امیر المومنین علی علیہ السلام نہیں ہو گا ادھورا پروانہ چھوڑ کر پھینک دیا جاتا ہے عطا کرنے والے مولا امیر المومنین علیہ السلام ہوں گے تو ادھورا کیسے ہو گا دیکھنے والے جبرئیلؑ اور رسول خداؐ ہوں گے تو کوئی بیچ کے ادھر ادھر جائے گا کیسے وہ نوشتہ وہ پروانہ جنت صرف ولایت ائمہ طاہرین علیہ السلام پر مشتمل نہیں ہو گی بلکہ علامہ شاذان بن جبرئیل قمی کی کتاب الفضائل اٹھا کر دیکھ لیجیے جناب رسول خداؐ نے فرمایا ہے " لا یجوز احد علی الصراط الا ببرائة من اعدا علی علیہ السلام" بغیر

8۔ بحار الانوار، ج ۳۶، ص ۷۲، ح ۲۳۔

9۔ مناقب آل ابی اطالب، ج ۲، ص ۷۔

10۔ تاریخ بغداد، ج ۱۰، ص ۳۵۵۔ تاریخ دمشق، ج ۴۴، ص ۲۵۴۔

https://downloadshiabooks.com/

دشمنانِ علی علیہ السلام سے تبرا کئے ہوئے پل صراط کو پار کر کے کوئی جنت میں نہیں جا سکتا ہے جنت میں داخلہ کے لیے لاسٹ چیک پوسٹ "بر عمر لعنت" ہے۔

عداوت، لعنت اور برائت میں فرق:

۱۸ ذی الحجہ ۱۱ھ کو رسول خداؐ نے میدان غدیر خم میں تمام حاضرین کے مجمع میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کی خلافت و جانشینی کا اعلان کیا اور انکے چاہنے والوں سے رضایت اور مخالفوں سے برائت کا اعلان کر دیا واقعہ غدیر تولی کا مرکز تو ہے ہی تبرا کا سنٹر بھی ہے محوری و مرکزی ذات جس سے عقیدت، تولیٰ ہے اور جس سے عداوت تبراء ہے وہ امیر المومنین علی علیہ السلام کی ذات ہے۔

اس روز ایک دعا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہوئی ہے جس میں دین آل محمد علیہم السلام کی توصیف میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہر مومن کو چاہیئے کہ اس عظیم عید کے دن اپنے دین کی تجدید کرے اور بارگاہ خداوندی میں گواہی دے کہ جن جن چیزوں کے محمد و آل محمدؐ پابند ہیں یعنی جو دین ان کا ہے وہی ہمارا دین ہے اور جو کچھ وہ بزرگوار کہتے ہیں وہی ہم بھی کہتے ہیں اس اجمالی اقرار و اعتراف کے بعد ایک بار پھر اس دعا میں وارد ہوا ہے کہ (۱)ما قالوا به قلنا (۲)و ما دانوا به دنّا۔(۳) وما انکروا انکرنا۔(۴) و من والوا والینا"۔ جس چیز کے اہل بیت علیہم السلام قائل ہیں اسی چیز کے ہم بھی قائل ہیں، جن جن چیزوں کے اہل بیت علیہم السلام دین دار ہیں دین کا حصہ سمجھتے ہیں انہیں چیزوں کے ہم بھی دین دار اور پابند ہیں جن جن چیزوں کے اہل بیت علیہم السلام منکر ہیں ان ان چیزوں کے ہم بھی منکر

https://downloadshiabooks.com/

ہیں اور جن لوگوں سے اہل بیت علیہم السلام محبت والفت رکھتے ہیں ان تمام لوگوں سے ہم بھی الفت ومودت رکھتے ہیں ان چار اعتراف و اقرار کے بعد ارشاد ہوتا ہے کہ اے محمد وآل محمدؐ ہم اسی پر اکتفاء نہیں کرتے ہیں بلکہ منزل برائت اور مقام عداوت لعنت اور تبرا میں آپ حضرات جن سے عداوت کرتے ہیں جن پر لعنت کرتے ہیں جن سے تبراء کرتے ہیں ہم آپ کے چاہنے والے بھی ان سے عداوت کرتے ہیں ان پر لعنت کرتے ہیں ان سے تبرا کرتے ہیں[11]۔

واضح سی بات ہے کہ عداوت دل میں ہوتی ہے لعنت دل کے ساتھ زبان سے ہوتی ہے اور تبراء دل سے دشمنی سے آگے بڑھ کر اور زبان سے اظہار بیزاری ولعنت سے آگے برملا طور پر دشمنوں سے کھل کر تبراء اظہار دشمنی کا نام ہے مخالفت قلبی، مخالفت لسانی سے بالاتر دشمنان اہل بیت علیہم السلام تک دشمنی وعداوت پہنچانے کا نام تبراء ہے۔

یقیناً عداوت و دشمنی کا تعلق دل سے ہے اور لعنت کا تعلق زبان سے ہے جسے خلوت و جلوت دونوں میں انجام دیا جاسکتا ہے لیکن پیغمبر خداؐ نے سورہ برائت کو مشرکین کے درمیان بھیج کر واضح کر دیا ہے کہ برائت و تبراء کا محل و مقام مخالفین ومشرکین کے درمیان ہونا چاہیئے اور اس کے رد عمل کو سہنے کی ہمت ہونی چاہیئے اسی لیے خدا کے حکم سے رسول خداؐ نے نااہل کو واپس بلالیا اور اہل کو روانہ فرمایا جس کی شان یہ ہے کہ وہ تبراء کا حق ادا کر کے واپس ہو گا کام کو پایہء تکمیل تک پہنچائے بغیر مڑ کے دیکھے گا بھی نہیں۔

11۔ بحار الانوار، ج۹۵، ص۳۰۰۔

https://downloadshiabooks.com/

نا اہل نے مقام روحاء پر جو کہ مدینہ سے چالیس میل کے فاصلہ پر ہے اہل سے سوال کر لیا کیا میرے بارے میں کچھ نازل ہوا ہے جو رسول خداؐ نے مجھے تبرائی آیات کی تبلیغ سے معزول کر دیا ہے مولا نے جواب میں وہاں اسے منہ نہیں لگایا صرف اتنا کہا: "سیخبرك رسول الله" جا تجھے رسول خداؐ خود ہی بتا دیں گے چور کی داڑھی میں تنکا ہوتا ہے بزم رسالت میں پہنچتے ہی پوچھتا ہے اے اللہ کے رسولؐ! کیا آپ مجھے صحیفہ تبراء کو پہنچانے کا اہل نہیں سمجھتے؟ رسول خداؐ نے جواب دیا خداوند متعال نے چاہا کہ صرف حضرت علی علیہ السلام پیغام برائت کی قریش اور مشرکین کے درمیان تبلیغ کے فریضہ کو انجام دیں اس جواب کو سن کر ملعون کو چپ بیٹھنا چاہیئے تھا لیکن ملعون نے بڑا احتجاج کیا بقول امام باقر علیہ السلام "فاکثر ابو بکر علیه من الکلام" ابو بکر نے بڑی بکواس کر ڈالی اب تاریخ میں مجھے نہیں ملا کہ اس کا اعتراض رسول اللہؐ کے اوپر تھا یا مولی امیر المومنین علیہ السلام کی کم سنی پر تھا یا اپنی سینیارٹی جتا رہا تھا لیکن جب اس نے کچھ زیادہ ہی بکواس کر ڈالی تو رسول خداؐ نے فرمایا" کیف تؤدیها وانت صاحبی فی الغار" تو کیسے پہنچائے گا جبکہ تو وہی ہے جو غار حراء میں میرے ساتھ تھا؟ یہ جملہ سنتے ہی سناٹے میں آگیا ہے اور کچھ نہیں بولا، جانتے ہیں کیوں؟ رسول خداؐ نے اس کے منہ پر تبرا کر دیا تھا اپنے ضر معظم کی شجاعت کا قصیدہ پڑھ دیا تھا! غار میں بے چین تھے جبکہ کوئی ایک دشمن یا دوست ہمارے بارے میں نہیں جانتے تھے اور تو وہاں رو رہا تھا تو عرفات و منیٰ میں حج اکبر کے روز لوگوں کے درمیان کیا خاک تو تبرا کرے گا[12]۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے تین تین لفظ استعمال کر کے صرف مترادف الفاظ کو دعا کا حصہ نہیں بنایا ہے یہ تفنن نہیں ہے بلکہ تینوں لفظ الگ الگ ہی رکھتے ہیں اور مومن کو غدیر خم

12۔ بحار الانوار، ج ۳۵، ص ۲۸۸۔

https://downloadshiabooks.com/

کے دن ان تینوں الفاظ کو زبان سے دہرا کر اقرار کرنا ہے کہ اے محمد وآل محمدؐ میں آپکے دشمنوں سے دشمنی بھی کرتا ہوں "من عادوا اعدائنا" اے محمد وآل محمدؐ میں آپکے دشمنوں سے دشمنی بھی کرتا ہوں "و من لعنوا لعناً" میں آپکے دشمنوں سے تبراء بھی کرتا ہوں "ومن تبرؤا منه تبرأنا منه"۔

اس دعا شریف میں تولیٰ کی کیفیت کے تذکرے کے ساتھ تبراء کی کیفیت کو اجاگر کیا گیا ہے اور پھر اسی دونوں رکن دینی پر ثابت قدم رہنے اور تولا و تبرا کے اصول پر پابر جا رہنے کی دعا کرتے ہوئے مومن اپنی زبان پر یہ اقرار و اعتراف کرتا ہے کہ اے خداوند متعال ہمیں دین مستقر اور ایمان ثابت سے ہمکنار فرما ہمارا دین و ایمان مستعار اور متزلزل نہ ہو ہماری حیات و ممات تولاء آل محمدؐ اور تبراء از دشمنان آل محمدؐ پر ہو کلمات صادق آل محمدؐ ملاحظہ ہوں میں آپکے دشمنوں سے دشمنی بھی کرتا ہوں کے کلمات ملاحظہ ہوں "اللهم فتمم لنا ذالك ولا تسلبناه، واجعله مستقراً ثابتاً عندنا ،ولا تجعله مستعاراً ،واحينا ما احييتنا عليه ،وامتنا اذا امتّنا عليه"[13]۔ یہ شریف دعاء، دعاء غدیر کے نام سے ادعیہ و زیارات کی کتابوں میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے وارد ہوئی ہے اور علامہ مجلسیؒ نے اپنی عظیم کتاب بحار الانوار کی ،ج۹۵ کے صفحہ ۲۹۸ پر بھی نقل فرمایا ہے۔

13۔ اقبال الاعمال سید ابن طاؤوس، ص ۴۷۳

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۴

ابراہیم ثقفی اور تبرا:

جناب مختار کے چچا سعید بن مسعود ثقفی کی نسل سے 283ھ میں رحلت کرنے والی عظیم تاریخی شخصیت صاحب کتاب الغارات علامہ شیخ ابراہیم بن محمد ثقفی کوفی جو کہ پہلے زیدی شیعہ تھے لیکن بعد میں دوازدہ امامی شیعہ ہو گئے آپ نے الغارات کے علاوہ ایک اہم کتاب المعرفۃ لکھی جس کے دو حصے تھے ایک تولی سے مربوط تھا جس میں آپ نے ائمہ طاہرین علیہم السلام کے مناقب و فضائل تحریر کیے تھے اور دوسرے حصہ میں اہل بیت علیہم السلام کے دشمنوں کے مثالب اور خاندان رسول خداؐ کے ظالموں کے کرتوت جمع کیے تھے۔ غیبت صغریٰ کے یہ عظیم محدث اپنی کتاب کو کوفہ کے اندر موجود ارباب علم و دانش کے سامنے پیش کرتے ہیں تو وہاں کی فضاء کے خیال سے بعض لوگ ابراہیم ثقفی کو کتاب المعرفۃ کی نشر و اشاعت سے منع کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کتاب کی ترویج تقیہ کے خلاف ہے اور مصلحت اسی میں ہے کہ آپ اس کتاب کو باہر نہ نکالیں حالانکہ کوفہ اس زمانہ میں شیعوں کا مرکز تھا اور کتاب معرفت کی نشر و اشاعت سے کوئی خاص رد عمل کا امکان نہیں تھا لیکن پھر بھی ڈرپوک یا مصلحت پسند لوگوں نے ابراہیم ثقفی کو اپنی کتاب معرفۃ کی نشر و اشاعت سے روکا تو آپ نے پوچھا "اىُّ البلاد ابعد من الشيعة"؟ اس وقت کون سا شہر شیعوں سے سب سے زیادہ دور ہے مطلب کس شہر میں شیعوں کے مخالفین اور دشمنان اہل بیت علیہم السلام اور خبیثوں کی کثرت پائی جاتی ہے؟ تو کہا گیا کہ اس وقت مخالفین اہل بیت علیہم السلام کا گڑھ اور شیعوں سے بیگانہ شہر، شہر اصفہان ہے یاد رہے کہ اس زمانہ میں

https://downloadshiabooks.com/

اصفہان خبیثوں کا ٹھکانہ اور مخالفین شیعہ کا مرکز تھا یہ جواب سن کر جناب ابراہیم ثقفی نے قسم کھائی کہ (میں اس کتاب کو نشر نہیں کروں گا اور اس کی نسخہ برداری نہیں کراؤں گا مگر اصفہان میں۔)

پھر کیا تھا جناب ابراہیم ثقفی نے کوفہ چھوڑ دیا اپنے وطن کو ترک کر دیا اور اصفہان کا رخ کیا اور سیدھے اصفہان پہنچ گئے اور وہاں پہنچ کر اپنی کتاب المعرفۃ کی نشر و اشاعت فرمائی جب قم کے بزرگوں جیسے شیخ احمد بن محمد بن خالد برنی صاحب المحاسن وغیرہ کو پتہ چلا تو کئی لوگ اصفہان پہنچے اور جناب ابراہیم ثقفی سے قم تشریف آوری کی گزارش کی لیکن جناب ابراہیم ثقفی نے قبول نہیں فرمایا اور تاحیات سنیوں کے مرکز اصفہان میں رہے اور وہیں ۲۸۳ ہجری میں رحلت فرما گئے۔

شاعر کہتا ہے:

"وبغض الذی عاداہ شرط لحبہ کما الطهر شرط فی الصلاۃ الفریضۃ"

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی محبت کے لیے ان سے دشمنی کرنے والے کا دل میں بغض و کینہ رکھنا شرط ہے ٹھیک اس طریقہ سے جس طرح فریضہ نماز میں طہارت شرط ہے۔

ابو خالد واسطی:

سورہ احزاب کی آیات ۵۷،۵۸ کی تفسیر میں عملی طور اذیت دینے کا ذکر " وهو آخذ بشعره" فقال ﷺ من آذی شعرۃ منك فقد آذانی و من آذانی فقد آذن الله و من آذن الله

https://downloadshiabooks.com/

فعلیہ لعنۃ اللہ"[14]۔

آخرت زیارت جامعہ صغیرہ "برئت من الجبت والطاغوت واللات والعزیٰ" ولعن اللہ ظالمیکم و غاصبیکم و لعن اللہ اشیاعھم و اتباعھم و اھل مذھبھم و ابراء الی اللہ والیکم منھم"

مجمع القضائح لارباب القبائح:

اپنے زمانے کی متقی و پارسا شخصیت ملا محمد کاظم ہزار جریبی شاگرد رشید استاد البشر وحید بھبھانیؒ ہیں ابو حمزہ ثمالیؓ نے امام سجاد علیہ السلام سے روایت کیا ہے جو شخص ایک مرتبہ جبت و طاغوت پر لعنت کرتا ہے خداوند متعال ہزار ہزار حسنہ، ہزار ہزار سیئہ، ہزار ہزار درجہ (امام باقر علیہ السلام نے بیان کیا تو آپ نے فرمایا بس بڑھا کر بتلاؤ صبح سے لے کر شام تک اور شام سے لے کر صبح تک نامہ ءاعمال میں کوئی گناہ لکھا نہیں جائے گا) امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں پہنچے اے ابو حمزہ یہ سب صحیح ہے اور خدا کی رحمت بڑی وسیع ہے۔

علی بن عاصم کوفی:

امام عسکری علیہ السلام کے پیروں پر گر پڑے بعض معجزات کے مشاہدہ کے بعد اور عرض کیا: نہ میں آپ کی نصرت کر پاتا ہوں نہ میرے اعمال کسی لائق ہیں سوائے آپ لوگوں سے مودت و محبت اور آپ لوگوں کے دشمنوں پر تبراء اور لعنت کے وہ بھی خلوت اور تنہائی میں تو

14۔ مجمع ۸ ص ۵۷۹، نور الثقلین، ۶، ص، ۵۸

https://downloadshiabooks.com/

بتلائیں میرا کیا حال ہو گا؟ امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا! میرے پدر بزرگوار نے اپنے جد بزرگوار سے اور انہوں نے رسول خداؐ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جو شخص ہماری نصرت سے عاجز و ناتواں ہے اور اگر خلوت میں ہمارے دشمنوں کے اوپر لعنت کرتا ہے اس کی لعنت کی آواز کو خداوند متعال اس قدر تند و تیز کر دیتا ہے کہ سارے فرشتوں کے کانوں میں پڑتی ہے پھر وہ فرشتے دو کام کرتے ہیں۔۔نہ لعنت کرنے والوں پر لعنت کرتے ہیں۔ لعنت کرنے والوں کے گناہوں کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔

ان فرشتوں کے حکم ملاحظہ ہوں: "اللهم صلی علی روح عبدك هذا الذی بذل فی نصرة اولیائه فهذه ولو قدر علی اکثر من ذلك الفعل" آواز قدرت آتی ہے: اے میرے فرشتہ میں نے تمہاری دعا کو قبول کیا ہے اس بندے کے حق میں، میں اس کی روح پر درود بھیجتا ہوں اور اسکی روح کو میں نے ابرار و برگزیدہ بندوں کی ارواح کے ساتھ محشور کر دیا۔۔اس کے اعمال امام حسن عسکری علیہ السلام کے مکارم الاخلاق۔

پہلی تبرائی آیت:

سورہ بقرۃ آیت ٦ " ان الذین کفروا سواء علیهم ءانذرتهم ام لم تنذرهم لا یومنون" امام صادق علیہ السلام نے کفر کی پانچویں قسم کے بیان میں فرمایا کہ خداوند متعال نے جناب ابراہیم علیہ السلام کے قول کو قرآن کا جزو بنا دیا ہے انہوں نے اپنی قوم سے کہا" کفرنا بکم و بدا بیننا و بینکم العداوة والبغضاء ابداً حتی تومنوا بالله وحده"[15] یعنی تبراء نا

15۔ ممتحنہ،۴

https://downloadshiabooks.com/

منکم نتیجہ خود نکالیں کفر البرائۃ بیزاری از عمل کرتوت شیطان نہیں کہے گا کہ میں تم سے تبراء کرتا ہوں[16]۔

امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: الذین کفروا، یعنی توحید خدا کا انکار نبوت نبیؐ کا انکار و صلیت علی اولادہ معصومین علیہم السلام کا انکار ان کے اوپر پر پڑھیئے کہ استغفار کریں یا نہ کریں یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے[17]۔

16۔ نور الثقلین 132

17۔ تفسیر امام حسن عسکری، ۳۳

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۵

امام باقر علیہ السلام اور تبرا:

جناب ابو حمزہ ثابت بن دینار ثمالی جناب امام محمد باقر علیہ السلام کے اصحاب خاص میں سے ایک ہیں اس بزرگوار نے کئی اماموں کا دیدار کیا اور متعدد احادیث ما سبق معصومین علیہم السلام اور اپنے زمانہ کے ائمہ طاہرین علیہم السلام سے اخذ کیں امام رضا علیہ السلام نے جناب لقمان سے اور امام صادق علیہم السلام نے جناب سلمانؓ سے تشبیہ دے کر ان کی عظمتوں کو سراہا ہے بزم ائمہ طاہرین علیہم السلام میں خاص منزلت کے حامل تھے ایک روز امام باقر علیہ السلام نے صریحی طور پر ابو حمزہ ثمالی سے فرمایا "ابرؤوا من خمسة" پانچ قسم کے لوگوں سے تبراء برائت کا اظہار اعلان کرو اور ان سے دوری بنائے رکھو پھر امام علیہ السلام گروہ مرجئہ، گروہ خوارج اور گروہ قدریہ کے بعد دو اور شخص و عنوان کو ذکر کیا ہے جو بڑی اھمیت کا حامل ہے امام باقر علیہ السلام فرماتے ہیں "والشامي والناصب" شامی اور ناصبی سے تبراء کرو آیت اللہ ھادی معرفت مرحوم تفسیر ابو حمزہ ثمالی کے حاشیہ شامی میں وضاحت میں فرماتے ہیں "أراد بالشامي كل قاسط من اصحاب معاوية" شامیوں کا سرغنہ پر ھند جگر خوارہ ابو سفیان کی ناجائز اولاد معاویہ سے تو تبراء کھلم کھلا ہونا ہی چاہیئے اس کلمہ شامی سے مراد ہر وہ ظالم و جابر اور راہ عدل و انصاف سے دور شامی ہے جو معاویہ کے لشکر میں شامل تھا۔

https://downloadshiabooks.com/

معاویہ علیہ الھاویہ سے تبراء جزو مسلک تشیع ہے علامہ ھادی معرفت کہنا چاہتے ہیں کہ اصحاب معاویہ سے بھی تبراء ہونا چاہیئے کیونکہ امام باقر علیہ السلام نے "الشامی" کہہ کر معاویہ کو تو مراد لیا ہی ہے اس کے لشکریوں کو شامیوں کو بھی الشامی میں داخل سمجھا ہے لہذا تبراء کا مرکز صرف معاویہ علیہ الھاویہ نہیں ہے بلکہ لشکر شامی کا ہر سپاہی اور معاویہ کے ہر حامی پر لعنت اور تبراء کرنا حکم امام باقر علیہ السلام ہے۔

اب اس حدیث کریمہ کی صریحی دستور اور علامہ ھادی معرفت جیسے بزرگواروں کے واضح بیانات کے بعد بھی کوئی معاویہ پرستی کا ثبوت دے تو پھر ہمیں اس شخص کو بھی داخل لشکر معاویہ سمجھنا چاہیئے ایسے گمراہ لوگ کھاتے علی علیہ السلام کے نام پر ہیں اور گاتے معاویہ علیہ الھاویہ کی ہیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ایسا تاریخ کے اوراق پر بہت سے مل جائیں گے۔

"والناصب"

امام باقر علیہ السلام نے ابوحمزہ ثمالیؒ کو حکم دیا ہے اور حکم بھی انفرادی نہیں ہے یعنی صرف ابوحمزہ سے متعلق نہیں ہے بلکہ ابوحمزہ ثمالیؒ کے نہج و طریق کو اپنانے والے ہر امام کے چاہنے والے کا یہ اسلوب ہونا چاہیے کہ معاویہ علیہ الھاویہ پر لعنت کرنے کے ساتھ ہر اس شخص سے تبراء کرے جس کا میلان اور جھکاؤ دشمنان اہل بیت علیہم السلام کی طرف ہوا اور وہ اپنے اخلاق و کردار سے اہل بیت علیہم السلام سے دشمنی کا اظہار کر رہا ہو یہ طے ہے کہ اہل بیت طاہرین علیہم السلام اس قدر پاک و پاکیزہ اور صفات حمیدہ و خصال محمودہ کے حامل ہیں کہ جلدی سے کوئی منحرف آپ حضرات کے اوپر طعن و تشنیع نہیں کرے گا اس لیے امام علیہ السلام نے فرمایا کلمۃ

https://downloadshiabooks.com/

الناصب کہہ کر چھوڑ دیا ہے یعنی ضروری نہیں ہے کہ وہ ہم اہل بیت علیہم السلام سے دشمنی کا پرچم اٹھائے ہو بلکہ اے ہمارے چاہنے والو تم سے بھی دشمنی پر اتا ولا ناصبی ہے تمہاری دشمنی کا اعلان کرنے والا بھی دشمن اور ناصبی ہے اور ناصبی سے اعلان تبراء اور اس کے اوپر کھل کر لعن طعن ہونا چاہیئے۔

ہر ناصبی چاہے وہ ناصیبت اہل بیت علیہم السلام کے مرض میں مبتلا ہو اور چاہے وہ ناصبیت شیعیان اہل بیت علیہم السلام میں مبتلا ہو ہمارا اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کا دشمن ہے اور دشمن کو گلے نہیں لگایا جاتا بلکہ موقع محل دیکھ کر گلا کاٹا جاتا ہے مذکورہ روایت ائمہ طاہرین علیہم السلام کے اصحاب کے ہاتھوں مرتبہ کردہ چار سو اصول میں سے ایک اصل علاء بن رزین کے صفحہ ۱۵۴ پر مذکورہ روایت مذکور ہے جو کہ کتاب الاصول الستۃ عشر میں درج ہے۔

لاعلمی کا تبرا:

عجلان ابی صالح کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے قبہ آدم علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا تو امام علیہ السلام نے جواب میں فرمایا یہ (اشارہ کیا شاید کسی ستارہ کی طرف) قبہ آدم علیہ السلام ہے اور اللہ کے پاس بہت قبے ہیں آگاہ ہو جاؤ کہ تمہارے مغرب کی جانب ۳۹ سفید زمین کی بستیاں ہیں جو خلائق الہی سے بھری پڑی ہیں "یستضیئون بنورنا" ان کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہمارے نور سے منور ہیں انہیں سورج چاند کے نور کی ضرورت نہیں پڑتی ان کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ "لم یعصوا اللہ طرفۃ عین" انھوں نے پلک جھپکنے بھر بھی کبھی اللہ کی نافرمانی نہیں کی ہے ان کی تیسری خصوصیت یہ ہے کہ "لا یدرون أ خلق اللہ آدم

https://downloadshiabooks.com/

ام لم یخلقه" کہ اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا ہے یا نہیں اور ان کی آخری خصوصیت یہ ہے کہ "**یتبرؤون من فلان و فلان**" وہ سب کے سب **فلان فلان ملعون اور فلاب ملعون** سے تبراء کرتے ہیں۔

کسی نے بزم امامت میں سے یہ سوال کر لیا ہے اے مولا جب وہ لوگ یہی نہیں جانتے کہ حضرت آدم علیہ السلام خلق ہوئے ہیں یا نہیں تو وہ ان کی خبیث ترین اولاد فلان اور فلان سے تبراء کیونکر اور کیسے کرتے ہیں؟ سوال بجا اور بموقع تھا امام جعفر صادق علیہ السلام نے بجائے اس کے کہ تفصیل سے جواب دیں نقضی اجمال سے کام لیتے ہوئے فرمایا "**أ تعرف ابلیس قال لا**" کیا تم ابلیس کو پہنچانتے ہو؟ کہ وہ کہاں اور کیسا ہے کب خلق ہوا ہے اس کی شکل و صورت کیسی ہے وغیرہ سائل نے کہا کہ نہیں مولا میں اسے نہیں پہچانتا ہوں "**الا بالخبر**" ہاں تجھے قرآن اور معصومین علیہم السلام کے کلام کی صداقت پر یقین ہے اس لیے جانتا ہوں کہ ابلیس ہے تو امام علیہ السلام نے پوچھا کہ "**امرت باللعنة والبرائة منه**" کیا تمہیں ابلیس سے آشنائی نہ ہونے کے باوجود اس پر لعنت کرتے اور اس سے تبراء کرنے کا حکم نہیں دیا گیا ہے؟ اس نے کہا ہاں مولا لعنت و برائت کا حکم دیا گیا ہے اس پر امام صادق علیہ السلام نے فرمایا "**فکذالك امر هولاء**" اسی طرح ۳۹ ملکوں کی ساری خلائق دونوں کتوں کی کیفیت سے آگاہ ہوتے ہوئے بھی تبرا اور لعنت پر مامور ہے اور وہ کر رہے ہیں صبح و شام ورد لعنت صبح و شام تبراء جاری رہتا ہے ابلیس کی ماھیت سے لاعلمی ہو تب بھی لعنت و تبراء لازم ہے[18]۔

18۔ بصائر الدرجات ۵۱۳

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ٦

منتظر مومنین اور تبرا:

حضرات ائمہ طاہرین علیہ السلام کے وہ چاہنے والے جو غیبت امام زمان علیہ السلام میں حضرت امام زمان علیہ السلام کے ارشادات کو اپنا دستور حیات قرار دے کر اس پر عمل پیرا ہیں اور امام علیہ السلام کے ظہور مسعود کا انتظار کر رہے ہیں انہیں دو کام پر بڑی پابندی کرنا ہے جس کے بغیر مومنین کو جنت میں رسول خداؐ کی ہم نشینی نصیب نہیں ہو سکتی ہے نبی کریمؐ نے حضرت امام زمان علیہ السلام کی غیبت میں ان کا انتظار کرنے والے مومنین کو خوشا بحال کہا ہے اور یہ بشارت دی ہے کہ اگر زمانہ غیبت کے مومنین اپنے زمانے کے امام کی پیروی کے ساتھ اور ان کے انتظار کرنے کے ساتھ تولیّٰ اور تبراء کرتے رہیں گے دوستان امام مہدی علیہ السلام سے الفت و مودت اور دشمنان قائم آل محمدؐ سے بیزاری و برائت کرتے رہیں گے تو وہ بروز قیامت میری امت کے مکرم و محترم ترین افراد کا خطاب پانے کے ساتھ ساتھ میرے یار ہوں گے یہ کلام رسول خداؐ شیعہ اور سنی دونوں کتابوں میں موجود ہے آنحضرتؐ ارشاد فرماتے ہیں "طوبیٰ لمن ادرك قائم اهل بيتي ،وهو يأتم به في غيبته قبل قيامه" خوشا بحال ان مومنین کے لیے جو میرے اہل بیت علیہم السلام کے قائم زمانہ کو درک کر لیں اور ان کے ظہور سے پہلے زمانہ غیبت میں ان کی پیروی کر رہے ہیں اس کے بعد جناب رسول خداؐ جو اہم امر کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں" و يتولیٰ اولياءه و يعادي اعدائه" حضرت قائم آل محمدؐ کے دوستوں اور چاہنے والوں سے محبت و الفت کرتا ہوں اور ان کے دشمنوں سے عداوت و دشمنی بیزاری و برائت کا اعلان کرتے

ہوں ظاہر ہے کہ اس وقت کی دنیا میں امام زمان علیہ السلام کا دشمن کون کون ہے اور کس کس قسم کے لوگ امام وقت کی دشمنی پر کمر کسے ہوئے ہیں ان سب سے تبراء مومن واقعی کی پہچان ہے آنحضرتؐ ان دونوں شرطوں کے بعد جزاء کا اعلان کرتے ہوئے مومنین کو بشارت دیتے ہیں " ذالک من رفقائی" ایسے لوگ میرے رفقاء اور احباب ہوں گے " و ذوی مودتی" اور میری خالص محبت والے ہوں گے اور میری عنایتوں کے شامل حال ہوں پھر فرماتے ہیں " و اکرم امتی علیّ یوم القیامة" زمانہ غیبت امام زمان علیہ السلام کے وہ مومنین جو پیروی امام زمان، انتظار قائم آل محمدؐ کے ساتھ تولیٰ اور تبراء کے دستور پر کاربند ہوں گے بروز قیامت صدر اسلام سے لیکر حجتؑ کی غیبت کے زمانہ تک کے تمام مومنین سے زیادہ رسول خداؐ کو پیارے مکرم اور محترم ہوں گے اور بروز قیامت حضرت رسول خداؐ بقیہ ادوار کے مومنین کی نسبت زمانہ غیبت کے مومنین پر زیادہ نظر عنایت کریں گے کیونکہ وہ لوگ نہ صرف ایمان باللہ و ایمان بالرسولؐ و ایمان الائمہ علیہم السلام کے حامل ہوں گے بلکہ غیبت کے سخت ترین دور میں حجت خداؑ کی پیروی کے ساتھ دو خطر ناک دستور پر بھی سختی کے ساتھ پابند ہوں گے اور وہ دو دستور یہی ہے کہ ایک تولیٰ یعنی امام زمان علیہ السلام کے تمام چاہنے والوں سے الفت و پیار چاہے وہ مزاج سے ہم آہنگ ہو یا نہ ہو اور ان کے دشمنوں سے بغض و عداوت اور اعلان برائت و بیزاری کرنا چاہے وہ اپنا رشتہ دار اور سگا ہی کیوں نہ ہو۔

حسن بن طریف امام حسن عسکری علیہ السلام کے صحابی تھے انھوں نے امام علیہ السلام کو خط بھی لکھ کر سوالات کیے ہیں ان تحریری سوالوں میں سے ایک یہ سوال تھا کہ مولا یہ بتلائیں کہ رسول خداؐ نے حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے لیے یہ کیوں فرمایا ہے کہ " من کنت

https://downloadshiabooks.com/

مولاہ فھذا مولاہ" میں جس جس کا مولا ہوں یہ بھی اس کے مولا و آقا ہیں بظاہر یہ عبارت کسی پیچیدگی کی حامل نہیں ہے لیکن حسن بن طریف نے اس کے واقعی معنی کو سمجھنا ضروری سمجھا اور امام علیہ السلام کے پاس خط لکھ کر وضاحت چاہی امام عسکری علیہ السلام نے جواب میں تحریر فرمایا کہ "ارادبذالك ان جعله علماً یعرف به حزب الله عند الفرقة" اللہ کے رسولؐ نے اس فرمان کے ذریعہ حضرت علی علیہ السلام کو علم و پرچم قرار دیا ہے جس کی بدولت اختلاف و افتراق کے وقت اللہ کی پارٹی کے لوگوں کی شناخت ہو جائے۔

یہی سوالات جناب ابان نے امام باقر علیہ السلام سے کر لیا تھا تو امام علیہ السلام نے ان کو ٹوک دیا تھا کہ تمہارے جیسے خرد مند اور ہوشیار نیز معارف آل محمدؐ سے اس قدر آشنائی کے بعد ایسے سوالات کی توقع نہیں تھی پھر بھی امام علیہ السلام نے جواب میں فرمایا "اعلمهم انه یقوم فیهم مقامه" غدیر میں رسول خداؐ نے اصحاب کو اطلاع دے دی تھی کہ حضرت علی علیہ السلام میرے قائم مقام ہیں چوتھے امام علیہ السلام نے اسی سوال کے بارے میں ابو اسحاق سے فرمایا تھا "اخبرهم انه الامام بعده" پیغمبر خداؐ نے "من کنت مولاہ" کہہ کر انہیں باخبر کر دیا تھا کہ میرے بعد علی بن ابی طالب علیہ السلام امام ہیں۔

حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کو امام، پرچم ہدایت، قائم مقام اور رسول خداؐ تسلیم کرنے والے اللہ کی پارٹی کے لوگ ہیں اور انہیں رسول خداؐ کا جانشین، امام، قائم مقام اور خلیفہ بلا فصل نہ تسلیم کرنے والے شیطان کی پارٹی کے لوگ ہیں کچھ لوگ نہیں چاہتے تھے شیطان اور رحمان کی پارٹی کے لوگ ایک دوسرے سے علاوہ ہوں لہذا نہ مولا کی ولایت کی باریکیوں کو تقاضوں کو بیان کرتے ہیں اور نہ ہی دشمنان مولا کی خباثتوں اور کرتوتوں سے پردہ اٹھائے جانے کی

https://downloadshiabooks.com/

قائل ہیں اسی لیے اپنے بھی ان کے نالاں ہیں اور بیگانے بھی ان کی ڈارھی پر ہنستے ہیں اور اپنی خلوتوں میں مزاق اڑاتے ہیں لیکن یہ طے ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام ہی معیار ،میزان حق و باطل ہیں اور آپ ہی پرچم ھدایت ہیں جب بھی رحمانی اور شیطانی پارٹی کے لوگوں میں جدائی ہو گی حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کے ذریعہ ہی حزب اللہ پہچانے جائیں گے جیسا کہ امام عسکری علیہ السلام نے اپنے خط میں تحریر فرمایا ہے "یعرف به حزب الله عند الفرقة" مولا امیر المومنین علی علیہ السلام کی بدولت افتراق کے وقت خدا کی پارٹی اور شیطان کی پارٹی میں تمیز پیدا ہو گی۔

امام علیؑ کے ہمراہ جنگ جمل میں شریک نہ ہونے والوں کو عتاب کیا ہے اور فرمایا ہے " فاهجروهم واسمعوهم ما يكرهون حتى يعتبوا ليعرف بذالك حزب الله عند الفرقة "[19] ان سے ترک تعلق کر لو اور انہیں وہ سناؤ جو وہ ناپسند کرتے ہیں یہاں تک کہ سدھر جائیں مقصد یہ ہے کہ افتراق کے وقت اللہ کا لشکر پہچانا جا سکے۔

اشراف الانساب اور تبراء:

دنیا میں بہت سے حرامی لوگ اپنی خباثت میں مشہور ہوئے لیکن حسب و نسب میں میدان مار لینے والا سوائے عمر بن الخطاب کے کوئی مد مقابل نظر نہیں آتا اس خبیث کا تابناک شجرہ کتوں اور کتیوں کو بھی مات دے رہا ہے کوئی دوسرا نہیں خود کلام عمری ملاحظہ ہو کہتا ہے "تعلموا انسابكم تصلوا بها ارحامكم " اپنے بچوں کو حسب و نسب کی تعلیم دو شجرہ نامہ بتلاؤ انہیں بتلاؤ

19۔ وقعۃ صفین للمقریزی، ص ۴

کہ ان کا باپ دادا کون تھا کیسا تھا تا کہ ان کی اولاد میں قریبی رشتہ داروں کا اتہ پتہ چلے اور تم صلہ رحم کر سکو بات بظاہر بڑی پیاری ہے (لیکن ترامپ کی طرح، منہ پر ماسک لگاؤ لیکن میں نہیں لگاؤں گا) عمر بولا "ولایسالنی احد ما وراء الخطاب" کوئی مجھ سے میرے باپ خطاب کے اوپر سوال نہیں کر سکتا مطلب صاف ہے خطاب کے آگے صرف شرمندگی ہی شرمندگی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں عمر بن خطاب کی ماں صھاک جو کہ عبد المطلب کی کنیز تھی اونٹوں کو چراتی تھی "کانت ذات عجز" اس کا پچھواڑا بڑا بھاری تھا یہ میرے الفاظ نہیں ہیں علامہ مجلسیؒ نے بحار الانوار میں جلد ۳۱ ص ۱۰۰ پر امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے اور پھر دنیائے انساب کا پاکیزہ ترین شجرہ نامہ عمری لکھنے کے بعد فرماتے ہیں 'کان الخطاب اباہ و جدہ و خالہ" خطاب عمر کا صرف باپ ہی نہیں تھا اسے عمر کے نانا اور ماموں بننے کا شرف بھی حاصل تھا "و کانت حنتمة امه و اخته و عمته" اور عمر کی ماں حنتمہ کو ماں کا عظیم شرف تو حاصل تھا ہی اسکو عمر کی بہن اور پھوپھی ہونے کا بھی شرف حاصل تھا!!

علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں "و ینسب الی الصادقؑ فی ھذا المعنی شعر " حضرت جعفر صادق علیہ السلام کی طرف شجرہ عمریہ کے حوالہ سے ایک شعر بھی منسوب ہے امام صادقؑ فرماتے ہیں:

من جدہ خالہ و والدہ — و امہ اختہ و عمتہ

اجدر ان یبغض الوصی و ان — ینکر یوم الغدیر بیعتہ

''جس کا نانا ہی اس کا ماموں اور باپ ہو اور جس کی ماں ہی اس کی بہن اور پھوپھی ہو وہی اس قابل ہے کہ وصی رسول خداؐ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے بغض رکھے اور عید غدیر کی بیعت کو انکار کر دے''۔

میں واقعہ بیان کر چکا ہوں کہ ایک روز رسول خداؐ منبر پر تھے کہ کسی شخص نے اٹھ کر پوچھ لیا حضور میرا باپ کون؟ فرمایا حذافہ دوسرا اٹھا میرا باپ کون؟ فرمایا سالم بس یہ دیکھ کر عمر زانوں کے بل کھڑا ہو کر بہت سی باتیں اور گزارشیں کرتا ہے آپ سمجھ سکتے ہیں کہ کیا کیا کہا ہو گا آخر میں کہتا ہے ''لا تبد علینا سواتنا واعف عنا'' حضور ہماری بے حیائی اور بے غیرتی و خباثت کو ظاہر نہ فرمائیں ہمیں معاف کر دیں۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۷

امام عسکری علیہ السلام اور تبرا:

فضل بن شاذان ابو محمد قمی نے اپنی کتاب میں تحریر کیا ہے کہ حضرت امام علی نقی علیہ السلام اور حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کے زمانہ میں مشہور جھوٹوں میں سے ایک ابن بابا" نام کا شخص تھا جس کا پورا نام حسن محمد بن محمد بابا قمی" تھا اس شخص کے اوپر امام علی نقی علیہ السلام نے بھی لعنت کی ہے اور امام حسن عسکری علیہ السلام نے بھی لعنت کی ہے اشعری کہتے ہیں کہ مجھ سے محمد عبیدی نے روایت کی ہے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے میرے پاس ابتداء خط لکھ کر کوئی سوال نہیں کیا تھا بلکہ امام حسن عسکری علیہ السلام نے موضوع کی نزاکت و اہمیت کے پیش نظر خود ہی میرے پاس خط لکھا کہ میں فھری اور ابن بابا قمی سے برائت کرتا ہوں تم بھی ان دونوں سے تبراء کرو اور ان سے دوری اختیار کرو اس کے بعد امام حسن عسکری علیہ السلام نے کلی طور پر نہ صرف مجھے بلکہ اپنے تمام چاہنے والوں کو بھی فھری اور قمی سے ڈراتے ہوئے فرمایا "فانی محذرك وجميع موالیّ وانّی العنهما ،علیهما لعنة الله" دیکھو میں تمہیں فھری اور ابن بابا قمی سے بر حذر کرتا ہوں اور تمام اپنے چاہنے والوں کو بھی بر حذر کرتا ہوں اور میں ان دونوں پر لعنت بھیجتا ہوں ان دونوں کے اوپر خدا کی بھی لعنت ہو۔

بات صرف لعنت اور برائت پر ہی ختم نہیں ہوئی امام حسن عسکری علیہ السلام نے محمد عبیدی کو خط میں لعنت و تبراء کی وجہ بھی بتلائی ہے اور خاص طور سے ابن بابا قمی کو قتل کر دینے کا بھی حکم صادر فرمایا ہے آپ فرماتے ہیں " یہ دونوں ملعون ہمارے نام پر لوگوں سے مال کھا رہے

https://downloadshiabooks.com/

ہیں دونون فتنہ پرور اور موذی انسان ہیں خداوند متعال ان دونوں کو عذاب میں مبتلا کرے اور ان دونوں کو خداوند فتنہ میں اوندھے منھ گرادے“۔

”ابن بابا خیال کرتا ہے کہ میں نے اسے نبی بنا کر بھیجا ہے اور وہ میرا باب ہے خدا کی اس کے اوپر لعنت ہو، شیطان اس کے اوپر مسلط ہو گیا ہے اور اسے اچھی طرح بہکا دیا ہے اس شخص کے اوپر بھی خدا کی لعنت ہو جو اس کی باتوں کو قبول کرلے اس کے بعد امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ہیں ”“یا محمد! ان قدرت ان تشدخ راسه بالحجر فافعل“ اے محمد! اگر تم میں قدرت ہو تو تم اس کا پتھر سے سر توڑ دو“ اس لیے کہ اس نے مجھے اذیت دی ہے خدا اسے دنیا و آخرت میں اذیت و آزار میں مبتلا فرمائے۔“فانه قد آذانی آذاه الله فی الدنیا والآخرة“۔

معصوم امام کو اذیت پہنچانے والا صرف تبراء ولعنت کا ہی مستحق نہیں ہے بلکہ مومنین میں استطاعت پائی جاتی ہو تو ایسے موذی کو دھرتی سے ہٹانے کا حکم ہے ہم تو حضرت زہراء صلوت اللہ علیھا کو اذیت دینے والے کتوں پر صرف تبراء اور لعنت کر کے ٹھہر جاتے ہیں اللہ نے موقع فراہم کیا تو ان کا سر بھی پتھروں سے مار مار کر توڑیں گے اور زندہ عمر جلائیں گے۔

امام حسن عسکری علیہ السلام نے قتل کی وجہ اپنے کو اذیت پہنچانا قرار دیا ہے حضرات معصومین علیہم السلام کو تکلیف دینے والا کوئی بھی ہو صحابی رسولؐ ہو یا زوجہ رسولؐ حکم معصوم یہ ہے کہ لعنت کرو اس پر، تبراء کرو اس پر، تبراء و بیزاری پہلا قدم ہے موقع اور استطاعت ہو تو اسے راستہ سے بھی ہٹادو اور الحمد للہ، بعض جری مومنین ایسا کر رہے ہیں خدا انہیں سلامت رکھے اہل بیت علیہم السلام کی شان میں جسارت کرنے والے لوگ صرف لعنت و تبراء کے ہی مستحق

https://downloadshiabooks.com/

نہیں ہیں بلکہ واجب القتل ہیں اور یہ وجوب ،وجوب کفائی ہے اسی لیے امام علیہ السلام نے "ان قدرت" اگر قدرت واستطاعت ہو تو ایسا کر گزرو فرمایا ہے۔

کوئی نادان یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ یہ تو دہشت گردی ہو گئی اس لیے کہ دھشت گردی دو قسم کی ہے ایک فتنہ پروری والی دہشت گردی جس کا اسلام خاتمہ چاہتا ہے اور دوسرے فتنہ کی جڑ کاٹنے والے دہشت گردی جس کا عقل سلیم حکم دیتی ہے اور اس بھی فتنہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا حکم دیتا ہے گمراہ کن سربراہ نہ صرف لعنت کے مستحق ہیں بلکہ قرآن صریحی طور پر حکم دیا ہے " قاتلوا ائمۃ الکفر " سربراہان کفر و نفاق اور ضلالت و گمراہی کو راستے سے مٹا دو۔

یاد رہے کہ نام اہل بیت علیہم السلام پر غلط طریقہ سے روٹی توڑنے والے بھی ائمہ طاہرین علیہم السلام کے حق میں موذی ہیں ان پر بھی اللہ کی لعنت ہوتی ہے شیطان نے ان کو گمراہ کر دیا ہے اور وہ بھی تبراء و لعنت کے دائرہ میں آتے ہیں خداوند متعال اہل بیت علیہم السلام کے صدقہ میں ہمیں بھی اپنے قہر و غضب سے محفوظ رکھے اور ہمیں اہل بیت علیہم السلام کا مخلص بنائے۔ آمین

حضرت نوح علیہ السلام اور تبرا:

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کتاب کافی ،ج ٦ ص ٣٨٩ پر روایت وارد ہوئی ہے کہ آپ نے حضرت آدم ثانی علیہ السلام کے زمانہ میں طوفان کے ایام میں ایک دعا و دعوت کا تذکرہ فرمایا ہے کہ جناب نوح علیہ السلام نے ایام طوفان میں تمام پانی کے اقسام کو پکارا انھیں دعوت دی کہ اس عظیم عذاب الہی میں شرکت کریں اور کفار و ملحدین کو تہس نہس کر دیں مگر دو

https://downloadshiabooks.com/

قسم کے پانی نے حضرت نوح علیہ السلام کی آواز پر لبیک نہیں کی تو حضرت نوح علیہ السلام نے اس سے برائت کا اعلان کیا اور ان دونوں قسموں کے پانی پر لعنت فرمائی روایت کے فقرے ملاحظہ ہوں "ان نوحاً لما کان فی ایام الطوفان دعا المیاہ کلھا فاجابتہ الا ماء الکبریت والماء المر فلعنھما"۔ جناب علامہ حر عاملیؒ صاحب وسائل الشیعہ نے وسائل کی ۱۷ ویں جلد میں اس روایت کو کتاب کافی سے نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ جناب شیخ صدوق نے اس حدیث کو اپنی معروف کتاب الخصال میں ذکر کیا ہے مگر انہوں نے روایت کے آخری فقرہ "فلعنھما" کو ترک کر دیا ہے۔

میرا سوال یہ ہے کہ علامہ شیخ صدوقؒ جیسے بزرگوار نے اس فقرہ کو کیوں حذف کیا ہے؟ جواب میں کئی وجہیں ذکر کی جاسکتی ہیں۔

(۱) ہو سکتا ہے کہ جناب شیخ صدوقؒ نے عمداً ایسا کیا ہو کیونکہ پانی کے اقسام پر لعنت اور بد دعا کا مفہوم ان کے لیے واضح نہ رہا ہو لیکن یہ توجیہ قابل قبول نہیں ہے کیونکہ جناب صدوقؒ مفہوم لعنت و بد دعا پر پانی سے واقف نہ رہے ہوں بہت بعید تصور ہے نیز کلام معصومؑ کی تقطیع بلاوجہ کوئی معنی نہیں رکھتی اور یہ عمل جناب شیخ صدوقؒ سے بہت بعید ہے۔

(۲) ممکن ہے نساخ الخصال نے ایسا کر دیا ہو اور انہوں نے آخری فقرہ کو کسی وجہ سے حذف کر دیا ہو یا فقرہ کو پڑھنے میں دشواری کے باعث حذف کر دیا ہو وغیرہ۔

(۳) بعید نہیں ہے کہ جناب صدوقؒ نے تقیۃً و مدارات کے تحت ایسا کیا ہو لیکن یہ توجیہ بھی قابل قبول نہیں ہے کیونکہ جناب شیخ صدوقؒ نے اس سے بھی سخت الفاظ پر مشتمل روایات کو اپنی کتاب

https://downloadshiabooks.com/

میں جگہ دی ہے اور خاص طور سے اس لیے بھی کہ یہاں کسی شخص پر لعنت نہیں ہے بلکہ پانی کے بعض اقسام پر لعنت ہے تو تقیہ و مدارات کا مقام بھی نہیں ہے۔

(۴) چوتھی وجہ یہ بیان کی جا سکتی ہے کہ جناب صدوقؒ نے جس روایت امام صادق علیہ السلام کو حضرت نوح علیہ السلام کی دعوت کے حوالہ سے نقل کیا ہے اس کی سند الگ ہے اور جناب کلینیؒ کا سلسلہ سند الگ ہے ہو سکتا ہے کہ جو روایت جناب صدوقؒ کو ملی ہو وہ آخری فقرہ سے خالی ہو یا اسے نقل کرنے والے جناب ابن ماجیلویہ یا ان سے قبل کے کسی راوی نے آخری فقرہ کو نقل نہ کیا ہو اور اسی طرح یہ مقطوع اور دم بریدہ روایت جناب صدوقؒ کو ملی ہو بظاہر یہ توجیہ مناسب تر معلوم ہوتی ہے۔

جناب حر عاملیؒ نے مذکورہ روایت اور جناب صدوقؒ کے خصال میں آخری فقرہ کے ترک کو بیان کرنے کے فوراً بعد ایک اور روایت نقل کی ہے جو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے پدر بزرگوار کی کراہیت اور نفرت کی غماز ہے امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میرے پدر بزرگوار آب کبریت اور آب ترش سے علاج و معالجہ کو ناپسند کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ یہ دونوں پانی کی وہ قسمیں ہیں جن پر جناب نوح علیہ السلام نے لعنت اور بددعا فرمائی ہے کلام امام صادق علیہ السلام ملاحظہ ہو ”کان ابی یکرہ ان یتداوی بالماء المرء و بما الکبریت“ میرے پدر بزرگوار آب کبریت اور آب ترش سے علاج کو ناپسند کرتے تھے ”و کان یقول،ان نوحاً لما کان الطوفان دعا المیاہ فاجابتہ الا الماء المر وماء الکبریت فلعنھما و دعا علیھما“ اس جملہ میں لعنت کے ساتھ ان دو قسم کے پانی کے حق میں بددعا بھی کیا گیا ہے یعنی امام صادق علیہ السلام نے یہ واضح کیا ہے کہ ہم اہل بیت طاہرین علیہم السلام اللہ کے معصوم پیغمبروںؑ

https://downloadshiabooks.com/

کے اعمال و کردار کے تابع ہیں جن جن چیزوں یا اشخاص سے انہوں نے برائت و بیزاری لعنت و ملامت کی ہے ہم اہل بیت علیہم السلام بھی ان سے برائت و بیزاری اور نفرت کرتے ہیں اور ان سے دوری بنائے رکھتے ہیں گویا تبراء و لعنت اور بد دعا، نفرت وہ پسندیدہ عمل ہے کہ جسے نہ صرف اہل بیت علیہم السلام بلکہ انبیاء علیہم السلام ما سبق نے بھی انجام دیا ہے اور ائمہ طاہرین علیہم السلام نے ان سے نفرت و بیزاری کا اعلان کر کے اپنے شیعوں کو اس سے متمسک رہنے کا حکم دیا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۸

نقش نگین امامؑ اور تبرا:

دشمنوں سے بیزاری و نفرت کا اظہار خاموشی سے اور عملی طور پر بھی ممکن ہے اور اہل بیت طاہرین علیہم السلام پر ظلم و ستم کی بنیاد رکھنے والوں سے تبراء لازم و واجب ہے حالات ساز گار ہوں تو کھلم کھلا تبراء ہونا چاہیئے تاکہ دشمنوں کے چنگل میں سیدھے سادھے لوگ نہ آجائیں اور حالات نامساعد ہوں تو عمل و کردار عبادت وھئیت و کیفیت لباس وغیرہ سے بھی اظہار عقیدت یا اظہار برائت کیا جاسکتا ہے۔

حضرت امام سجاد علیہ السلام کا زمانہ امامت کچھ ایسا ہی تھا کہ آپ بر ملا بعض امور کا اظہار نہیں کرسکتے تھے اس دور میں تشیع کا تحفظ، تقیہ و سکوت میں ممکن تھا تو امام علیہ السلام نے تکلم و دعا اور لباس وغیرہ کو دشمنوں سے بیزاری کا وسیلہ قرار دیا آپ کی دعاؤں میں دشمنان خدا اور رسولؐ سے اور بالخصوص اعداء امام حسین علیہ السلام سے تبراء ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

ظاہر ہے کہ کربلاء یکایک وجود میں نہیں آئی ہے بانیان ظلم وجور نے سقیفہ بنی ساعدہ میں قتل سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کی بنیاد رکھی تھی اسی لیے جناب زینب علیہا السلام فرماتی ہیں کہ میرا بھائی دوشنبہ کے منحوس دن شہید کیا گیا جبکہ عاشورہ کا دن جمعہ کا دن تھا وجہ یہ ہے کہ دوشنبہ وہ منحوس دن ہے کہ جس دن سقیفہ بنی ساعدہ میں اہل بیت طاہرین علیہم السلام پر ظلم کی بنیاد رکھی گئی جس کا اقرار و اظہار ہر مومن زیارت عاشورہ میں کرتا ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے باپ کے قاتلوں سے تبراء کرنے کا ایک خاموش اور پیارا اسلوب اپنایا تھا اور بظاہر صرف اپنے باپ سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں سے بیزاری و برائت کا اعلان تھا لیکن درپردہ بانیان ظلم و اراکین اجماع سقیفہ سے بھی تبراء کا اعلان تھا۔

حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے دست مبارک میں ایک ایسی انگشتری ہوا کرتی تھی کہ جس کے نگین پر یہ عبارت تحریر تھی "خزی و شقی قاتل الحسینؑ" امام حسین علیہ السلام کا قاتل شقی و بدبخت اور خسارے میں ہے۔[20]

بدبختی کا بر ملا اعلان، خسارہ یعنی جہنم قرار دینے کا یہ انوکھا طریقہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے ہمیں سکھایا ہے کیا بہتر ہے کہ ہم بھی نقش نگین عابدین علیہ السلام کی طرح قاتلین اہل بیت علیہم السلام کہ جن میں سرفہرست سقیفائی اوباش و اشرار ہیں سے اظہار نفرت و بیزاری کے لیے زبان و بیان کے ساتھ ساتھ اپنی انگشتریوں اور لباسوں کے ذریعہ بھی تبراء کا عظیم فریضہ انجام دیں اور دشمنان اہل بیت علیہ السلام سے اس روش پر بھی عمل پیرا ہو کر اپنے وسائل کو ان سے بیزاری کا مارکہ لگا کر اظہار تبراء کریں تاکہ لوگوں کو پتہ چلے کہ شقی الاشقیاء کون کون مخلوق ہیں اور دشمنان خدا اور رسولؐ اور دشمنان ائمہ علیہم السلام کون ہیں۔

20۔ الکافی، ج6، 473، ح1۔

https://downloadshiabooks.com/

امام موسی کاظمؑ اور تبرا:

نادرہ روزگار حضرت علامہ بزرگوار جناب شیخ محمد بن حسین معروف بہ شیخ بہائیؒ اپنی کتاب مفتاح الفلاح کے عنوان " سجدۃ الشکر " میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت نقل فرمائی ہے جس میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے نماز کے بعد کیا جانے والا سجدہ شکر کو " واجب " قرار دیا ہے امام علیہ السلام فرماتے ہیں " سجدۃ الشکر واجبۃ علی کل مسلم " سجدہ شکر ہر مسلمان پر واجب ہے سجدہ شکر کے ذریعہ ہی نماز منزل کمال کو پہنچتی ہے اور خوشنودی پروردگار سجدہ شکر کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اور اس سجدہ شکر کو دیکھ کر اللہ کے فرشتوں کو تعجب ہوتا ہے جب کوئی بندہ نماز ادا کرنے کے بعد سر کو سجدہ شکر میں رکھ دیتا ہے تو " فتح الرب الحجاب بین العبد و بین الملائکۃ " خداوند متعال عبد اور فرشتوں کے درمیان حجاب ہٹا دیتا ہے یعنی عبد اور فرشتوں کے درمیان اس قدر قرب بڑھ جاتا ہے کہ بندہ فرشتوں سے ہم کلام ہو سکتا ہے اور فرشتوں کو دیکھ سکتا ہے بظاہر اس روایت کا یہی مطلب ہے لیکن سجدہ شکر کے اندر خلوص نیت اور ضمیر کی پاکیزگی ہمارا کریکٹر بھی دخیل ہے فرشتوں کو مشاہدہ نہ کر سکنے کی وجہ یقیناً ہمارے عیوب اور نقائص ہیں ورنہ سجدہ شکر اپنے تمام شروط کے ساتھ انجام دیا جائے تو یقیناً فرشتوں کا دیدار اور ان سے ہم کلام ہوا جا سکتا ہے کیونکہ کلام امام صادق علیہ السلام ہے جو کبھی جھوٹا نہیں ہو سکتا ہے۔

سجدہ شکر کے باب میں روایت بہت ہیں وجوب سجدہ شکر کے بعد امام موسی کاظم علیہ السلام کی ایک روایت شیخ بہائیؒ سجدہ شکر کی طوالت کے استحباب پر نقل کی ہے جس میں بیان ہوا

https://downloadshiabooks.com/

ہے کہ حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام نماز صبح کے بعد جو سجدہ شکر بجالاتے تھے تو وہ اس قدر طویل ہوتا تھا کہ صرف دن نکل نہیں آتا تھا بلکہ " كان يسجد بعد ما يصلي الصبح فلا يرفع رأسه حتى ايتعال النهار" آپ اس وقت تک سر سجدہ شکر سے نہیں اٹھاتے تھے جب تک کہ سورج چڑھ نہ جائے اور دن باقاعدہ سے نکل نہ آئے، ارتفاع نہار سے مراد سورج کا مرتفع اور بلند ہوتا ہے صرف سورج کا نکل آنا مراد نہیں ہے یعنی وجوب سجدہ شکر کے ساتھ طوالت سجدہ شکر کا استحباب، عمل امام موسی کاظم علیہ السلام سے ثابت ہے اب آیئے اس عظیم ترین عمل واجب کا ذکر کیا ہونا چاہیئے اور قرب خدا کے سب سے زیادہ اہم عمل کے دوران کون سا ذکر معصومین علیہم السلام پڑھا کرتے تھے یہ جاننا ضروری ہے ورنہ سجدہ شکر اً شکر اً سجدہ شکر ہے۔

علامہ بزرگوار جناب شیخ بہائیؒ اپنی اسی کتاب میں حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام کے سجدہ شکر کرنے کا انداز اور دعا دونوں ذکر کرتے ہیں سجدہ شکر دو عدد ہے پہلے سجدہ شکر کی دعاء میں امام موسی کاظم علیہ السلام یوں تبرائی کلمات اپنی مقدس زبان پر مقدس عبادت میں اس طرح جاری فرماتے ہیں " اللهم انی اشهدك و اشهد ملائكتك و انبياءك و رسلك و جميع خلقك"۔

"خدایا میں تجھے تیرے ملائکہ کو تیرے نبیوں اور تیرے رسولوں کو بلکہ تیری تمام خلائق کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ تو ہی میرا پروردگار ہے اسلام میرا دین ہے حضرت محمد مصطفیؐ میرے نبی ہیں (حضرت امام علیؑ، حضرت امام حسنؑ، حضرت امام حضرت امام حسینؑ، حضرت امام زین العابدینؑ، حضرت امام محمد باقرؑ، حضرت امام جعفر صادقؑ، حضرت امام موسی کاظمؑ، حضرت امام علی رضاؑ، حضرت امام محمد تقیؑ، حضرت امام علی نقیؑ، حضرت امام حسن عسکریؑ، حضرت امام محمد

https://downloadshiabooks.com/

مہدی عج)میرے امام ہیں ان سب سے تولی کرتا ہوں اور ان کی ولایت کا قائل ہوں (و من اعدائهم اتبراء)اور میں ان کے دشمنوں اور بدخواہوں سے تبرا کرتا ہوں ان سے اعلان بیزاری و نفرت کا اعلان کرتا ہوں۔

پھر تین مرتبہ خون مقدس مظلوم کا واسطہ دیکر تجھ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ تو نے ہی اپنی ذات کے اوپر لازم قرار دے دیا ہے کہ اپنے اولیاء محبوں کو اپنی پناہ میں رکھے گا اور اپنے اور آل محمدؐ کے دشمنوں پر اپنے چاہنے والوں کو ظفریاب کرے گا(لتظفرنهم بعد بعدوك وعدوهم)تو خدایا محمد و آل محمدؐ پر دورد و سلام بھیج اور جلد ہماری مراد پوری کر دے"۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۹

شراب و شطرنج اور تبراء:

شراب اور شراب خوری کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے معصومین علیہ السلام ہر قسم کی نشہ آور شی سے اپنے اصحاب کو منع کرتے تھے خشک و تر کے چکر میں نہ پڑ کر فعل حرام کے ارتکاب سے جہاں تک ممکن ہو پرہیز کیا جانا چاہیئے اس طرح شطرنج اہل بیت علیہم السلام پر ظلم وستم کی یادگار شی کا نام ہے جہاں تک ہو سکے اس طرف نظر بھی اٹھا کر نہیں دیکھنا چاہیئے لھو لعب میں تو شامل ہے ہی، اس منحوس شی کو دیکھ کر اہل بیت علیہم السلام کے غم تازہ ہو جاتے تھے ٹائم پاس یا ذھنی تھکن دور کو دور کرنے یا کسی اور مریض تاویل کے چکر میں نہ پڑ کر اس منحوس و منفور شی سے دور رہنا ہی محبت محبان خدا کی نشانی ہے شراب و شطرنج دونوں کی مذمت میں متعدد روایات ہی سنجیدہ سلجھے ہوئے مومن کو ان دونوں سے دوری اختیار کرنے کے لیے کافی ہیں شراب و شطرنج کی قباحت و مذمت کے لیے یہی کہہ دینا کافی ہے کہ اہل بیت علیہم السلام نے ان دونوں کی شدت سے مذمت کی ہے۔

شراب و شطرنج کا لعن طعن اور تبراء سے بھی گہرا رشتہ ہے حضرت امام علی بن موسی الرضا علیہا السلام ان دونوں چیزوں کو دو چیزوں کا باعث قرار دیتے ہوئے عظیم ترین اجر و ثواب کا تذکر فرماتے ہیں آپ کا ارشاد گرامی ہے کہ "من نظر الی الفقاع والی الشطرنج" جس شخص کی شراب یا شطرنج پر نظر پڑ جائے صرف نظر پر جانے کا ذکر ہے شراب نوشی اور شطرنج بازی کسی بھی عنوان سے منفور شی ہے جس کے لیے دغدغہ کی بات نہیں ہے اور یہ بھی یاد رہے کہ جو کی

https://downloadshiabooks.com/

شراب کا تذکرہ در حقیقت خفیف ترین شراب کی قسم کا تذکرہ ہے جس سے ہر نشہ آور شی کی حرمت آشکار ہے اور فقاع وہی آب جَو ہے جس کے عذاب و گناہ کو کم رنگ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے شراب کس قسم کی ہو چاہے وہ ہلکے نشہ کا آب جو ہی کیوں نہ ہو اگر اس پر فقاع کا عنوان صادق آتا ہے تو وہ اس حدیث کا مصداق ہے اور اس پر نظر پڑ جائے تو مومن کو چاہیئے کہ دو کام انجام دے ایک کا عنوان ہے تولا اور دوسرے عنوان تبرا مومن کو چاہیئے کہ جب بھی کسی قسم کی شراب چاہے فقاع یعنی آب جو پر نظر پڑ جائے اور اس طرح شطرنج پر نظر پڑ جائے تو اسے چاہیئے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کو یاد کرے ان کے مصائب کو یاد کرے اور کربلا کے مظلوم کی مظلومی کا یاد تازہ کرے "فلیذکر الحسین علیہ السلام" اور دوسرا کام مومن کو یہ کرنا چاہیئے کہ تبرا کرے لعنت کرے نفرین بھیجے یزید پلید اور آل زیاد پر دشمنان اہل بیت علیہ السلام پر لعنت بھیجے تبرا کرے ان سے اور ان کے کرتوت سے بیزاری کا اعلان کرے اور اگر کوئی مومن شراب اور شطرنج کو دیکھ کر امام حسین علیہ السلام کو یاد کرتا ہے اور یزید پلید اور نسل زیاد پر لعنت کرتا ہے تو امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں" یمحو الله عزوجل بذالك ذنوبه" خداوند متعال ان دونوں عمل (تولا اور تبراء) کے ذریعہ سارے اعمال قبیحہ اور گناہوں کو محو کر دیتا ہے واضح سی بات ہے کہ محو ہو جانے والے گناہوں پر بروز قیامت کوئی مواخذہ ہی نہیں ہو گا بلکہ ایسے مومن کا نامہ اعمال گناہوں سے پاک اور کورا ہو چکا ہو گا خدائی محو کے بعد آثار گناہ کے بقاء کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا امام رضا علیہ السلام فرماتے ہیں" ولو کانت کعدد النجوم "[21]۔

21۔ عیون الاخبار باب ۳۰، رقم ۲۳

https://downloadshiabooks.com/

جناب شیخ صدوقؒ اپنی معروف کتاب الفقیہ، ج۴، ص۴۱۹ پر آخری پانچ حدیثوں سے پہلے حدیث نمبر ۵۹۱۵ صرف دو واسطوں سے عبد الواحد نیشاپوریؒ نے علی بن محمد قتیبہ سے کہ انہوں نے امام رضا علیہ السلام کے صحابی فضل بن شاذانؒ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے خود امام رضا علیہ السلام کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس وقت سر امام حسین علیہ السلام کو شام میں یزید پلید کے پاس لے جایا گیا ہے تو اس نے دستر خوان لگانے کا حکم دیا اگرچہ پوری کیفیت تاریخ میں ذکر نہیں ہوئی ہے لیکن امام رضا علیہ السلام کا جملہ یوں نقل ہوا ہے جس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یزید پلید نے کیا گل کھلائے تھے امام علیہ السلام فرماتے ہیں "لما حمل رأس الحسین علیہ السلام الی الشام امر یزید لعنہ اللہ فوضع و نصب علیہ مائدۃ" جب سر حسین علیہ السلام کو شام لایا گیا یزید ملعون نے اس کو رکھ کر اس پر دستر خوان لگانے کا حکم دیا پھر وہ اور اس کے درباری ساتھی سب کے سب کھانے اور شراب پینے کے لیے بیٹھ گئے جب فارغ ہو گئے تو یزید پلید کے حکم سے سر امام حسین علیہ السلام طشت طلاء میں رکھ کر اس کے تخت کے نیچے رکھ دیا گیا اور تخت کے اوپر شطرنج کی بساط پھیلا دی گئی اور یزید ملعون شطرنج بازی میں مصروف ہوا ساتھ کھیلتے کھیلتے وہ ملعون، امام حسین علیہ السلام، امیر المومنین علیہ السلام اور رسول خداؐ کی شان میں جسارت کرتا جاتا تھا اور جب بھی یزید پلید کا طرف مقابل شطرنج میں بازی مار لے جاتا تھا تو یہ ملعون شراب کے تین گھونٹ پیتا اور بقی ماندہ حصہ سر مبارک کے قریب زمین پر گراتا جاتا۔ اس منظر کو امام رضا علیہ السلام نے پیش کرنے اور بیان کرنے کے فوراً بعد فرمایا ہے "فمن کان من شیعتنا فلیتورع عن شرب الفقاع واللعب بالشطرنج" لہٰذا جو بھی ہمارے شیعوں میں سے ہے اسے چاہیئے کہ شدت سے شراب اور فقاع سے پرہیز کرے اور شطرنج بازی سے دور رہے امام رضا علیہ السلام چاہتے تو

https://downloadshiabooks.com/

فقاع و شراب خوری اور شطرنج بازی سے ممانعت کے لیے "فلیتجنب او فلیتق" وغیرہ کے کلمات بھی استعمال کر سکتے تھے لیکن امام رضا علیہ السلام نے "فلیتورع" کا کلمہ استعمال کیا ہے جس کے معنی شدت سے پرہیز کرنے کے ہیں اور ورع نہایت پرہیز گاری کا نام ہے۔

تولی و تبرا، دو پر پرواز ہیں:

اگر کوئی مسلمان یہ سمجھتا ہے کہ جناب دوستوں سے دوستی، اولیاء الہی سے الفت اور رہبران راشین سے عقیدت کافی ہے کیا ضرورت ہے کسی کو مورد لعن طعن قرار دینے کی، کیا ہم مجبور ہیں کہ دشمنان اہل بیت علیہم السلام پر تبراء ہی کریں ان کو لعن طعن اور تشنیع کا محور بنا کر دوسروں کی دل آزاری کا باعث بنیں تو جواب میں عرض ہے کہ کوئی پرندہ چاہے جتنا ماہر ہو پرواز کرنے کے لیے بہر حال دو پروں کی ضرورت ہے وہ کبھی ایک پر کی بدولت پرواز نہیں کر سکتا ہے اسی طرح حقانیت و کمال ایمان تک رسائی کے لیے سعادت و خوش بختی کی چوٹی پر پہنچنے کے لیے اور واقعی مومن و مسلمان بننے کے لیے ہمیں دو پروں کی ضرورت ہے ایک پر سے ہم حقانیت ،سعادت اور واقعی مودت وولایت تک نہیں پہنچ سکتے ہیں۔

اسلام و ایمان کے دو پر ہیں ایک کا نام تولی تو دوسرے کا نام ہے تبراء ہم ایمان کے سر بفلک پہاڑ کی چوٹی پر اور کمال و سعادت کی معراج تک صرف ایک پر پرواز یعنی ولایت و محبت اہل بیت علیہم السلام کے ذریعہ نہیں پہنچ سکتے بلکہ ان کے دشمنوں سے نفرت و بیزاری اور ان پر لعن طعن کے دوسرے پر کی بھی ضرورت ہے ورنہ ہم اڑان بھرتے ہی کسی شقاوت و بد بختی کی وادی میں گر جائیں گے اور ہلاک ہو جائیں گے اس کی دلیل روایت ذیل میں ملاحظہ ہو جناب اسماعیل

https://downloadshiabooks.com/

جعفی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے صحابی ہیں خدمت امام علیہ السلام میں پہنچ کر عرض کرتے ہیں کہ مولا ایک شخص حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے دل میں محبت رکھتا ہے لیکن ان کے دشمنوں سے بیزاری و برائت نہیں کرتا بلکہ کہتا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے نزدیک غیروں سے کہیں زیادہ محبوب اور پیارے ہیں۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا! ایسا شخص آشفتہ حال اور پریشان خاطر شخص ہے وہ دشمن شمار ہو گا ایسے شخص کے پیچھے نماز مت پڑھو اس کی کوئی حیثیت و ویلو نہیں ہے مگر یہ کہ تم مجبور ہو جاؤ اور تقیۃً اس کے پیچھے تمہیں نماز پڑھنا پڑ جائے۔

کلام امام محمد باقر علیہ السلام سے آشکار ہے کہ تبراء نہ کرنے والا اور دشمنان امیر المومنین علیہ السلام سے بیزاری و برائت کا اعلان نہ کرنے والا عادل نہیں ہے وہ امامت کے لائق ہی نہیں ہے اس کے پیچھے صرف تقیہ کی حالت میں نماز پڑھی جا سکتی ہے امام امیر المومنین علیہ السلام سے دوستی کا دم بھرنے والے ان کے دشمنوں سے بیزاری و برائت کا اعلان نہ کرنے والے اس شخص کی مانند ہیں کہ جنھوں نے خدا کو مان لیا ہے اس کے وجود کے مقر و معترف ہیں اور اسے وحدہ لاشریک مانتے ہوئے بھی بتوں کے قائل ہیں اور بتوں سے بیزاری نہیں کرتے۔

امام باقر علیہ السلام کے الفاظ ملاحظہ ہوں فرماتے ہیں "ھذا مخلط وھو عدو فلا تصل خلفه ولا کرامة الا ان تقیة" وہ مخلوط (حق و باطل کو ملانے والا) کرنے والا ہے اور وہ دشمن ہے (بھلے امیر المومنینؑ سے دوستی کا دم بھرتا ہے) لہذا اس کے پیچھے نماز نہ پڑھو اس کی کوئی حیثیت و

https://downloadshiabooks.com/

کرامت نہیں ہے سوائے تقیہ کے (تقیہ میں دشمن کے پیچھے نماز کی دوھرا اجر وثواب ملتا ہے ایک تو خود نماز کا دوسرے تقیہ کرنے کا اجر وثواب)[22]

22۔ وسائل الشیعۃ، ج۸، ص۳۰۹، کتاب التہذیب، ج۳، ص۲۸

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۱۰

جعلیات کی بھرمار:

جناب رسول خداؐ کی رحلت کے بعد اگرچہ خلفاء جور کی فضیلت تراشی کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا لیکن زمانہ رسالت سے قرب اور حق و باطل میں تمیز دینے والے صحابہ کی کثرت اس بات سے مانع تھی کہ کہ حکام جور کی فضیلت تراشی کا بازار گرم ہو لیا اہل بیت علیہم السلام کی فضیلتوں کی رذیلتوں میں تبدیل کیا جا سکے یا ان کی شان میں کھلم کھلا گستاخی کی جا سکے لیکن ۲۵ سالہ دور شرارت نے ایسے بیج بو دیئے تھے کہ شرارت و خباثت کے پودے تناور ہونے لگے پھر کیا تھا بنی امیہ کے نمک خواروں نے حکام ظلم کی فضلیت تراشی اور فضائل و مناقب اہل بیت علیہم السلام کو الٹ پلٹ کرنا شروع کر دیا اور نوبت یہاں تک پہنچی گئی کہ امیر المومنینؑ اور آل رسول علیہم السلام کی شان میں گستاخیاں ہونے لگیں بلکہ ان کی نہ صرف فضیلتوں کا انکار کیا جانے لگا بلکہ ان کی شان میں طرح طرح رذائل و قبائح تراشے جانے لگے اور انہیں اسلام کا دشمن، خرابکار، بدخواں اور چور اور ڈاکو (معاذ اللہ) جیسے عناوین سے یاد کیا جانے لگا۔

خدا کی لعنت ہو ان میدان دینے والوں پر جنھوں نے مصلحتاً سکوت اختیار کیا لیکن بعد کی نسلوں کو اہل بیت علیہم السلام سے منحرف بنا گئے دین اسلام کے دشمنوں کو مسلمانوں کے سر پر بیٹھا گئے اور بے دین و مکار و فریبی لوگوں کو جگہ جگہ حاکم، قاضی، سپہ سالار اور دیگر منصبوں پر براجمان کر گئے اہل بیت طاہرین علیہم السلام کے اوپر ظلم و ستم کی بنیاد قائم کر گئے اور قیامت تک کے لیے لعنت و تبراء کا طوق اپنی گردن میں ڈالے ہوئے واصل جہنم ہوئے اور مسلمانوں کی بھاری

https://downloadshiabooks.com/

اکثریت کے اہل بیت علیہم السلام سے بیگانہ بننے کا سبب بنے اور ان پر لعنت ہو جنہوں نے میدان پا کر اپنے خلفاء کی شان میں کو خرافات کی بھرمار کر دی اور اہل بیت رسول خداؐ سے عناد و دشمنی میں حد سے آگے نکل گئے۔

خلفاء جور کی شان میں جعلیات کا شمار ناممکن نہیں ہے جو سنیوں کا پیشوا ابن جوزی حنفی لکھتا ہے کہ " قد تعصب قوم لا خلاق لهم يدعون التمسك بالسنة فوضعوا لابي بكر فضائل" ایک گروہ نے تعصب کی حد کر دی ان کا برا ہو حالانکہ وہ اس بات کے دعویدار ہیں کہ ہم سنی ہیں اور سنت سے تمسک کرنے والے ہیں لیکن ان لوگوں نے ابو بکر کے لیے فضلیت کی بڑی حدیثیں تراشی ہیں یعنی ایسی ایسی باتیں ابو بکر کے بارے میں گڑھ دی ہیں کہ جس کا ابو بکر کے اندر سراغ ہی نہیں ملتا ہے اس کے بعد ابن جوزی بطور نمونہ ۱۵ جعلی حدیثیں ذکر کرتا ہے اور پھر کہتا ہے " و قد ترکت احادیث کثیرة یروونها فی فضل ابی بکر " سنیوں نے ابو بکر کی فضیلت میں بہت زیادہ حدیثیں روایت کی ہیں لیکن میں انہیں چھوڑ دینا ہی بہتر سمجھتا ہوں اس کے بعد تین حدیثیں اور بھی ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ان تین حدیثوں کو آپ نہ تو کسی صحیح کتاب میں پائیں گے اور نہ ہی کسی جعل سازی پر مشتمل کتاب میں منقول دیکھیں گے مگر یہ تین حدیثیں سینہ بہ سینہ سنی عوام میں چلی آرہی ہیں اور بڑے دھڑلے سے سنی عوام ان حدیثوں کو رسول خداؐ سے منسوب کرتے ہیں۔

نادر و نایاب فضائل ابی بکر:

۱: رسولخداؐ سے منقول ایک حدیث جسے سنی عوام برسوں سے نقل کرتی چلی آرہی ہے وہ یہ ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے " ناصب الله فی صدری شیاً الا وجبته فی صدر ابی بکر " الله

https://downloadshiabooks.com/

عزوجل نے نے میرے سینے میں کوئی بھی علم و دانش اور حکمت و اسرار نہیں انڈیلے ہیں مگر یہ کہ ان سارے علوم وفنون واسرار ورموز کو میں نے ابو بکر کے سینے میں انڈیل دیا ہے۔

بعید نہیں ہے کہ یہ روایت شیعوں اور اصحاب امیر المومنین علی علیہ السلام کے ذریعہ رسول خداؐ کی بیان کردہ روایت کی نشر اشاعت کے توڑ میں گڑھی گئی ہو جس میں آپؐ نے فرمایا ہے "علمنی رسول اللہ الف باب من العلم فانفتح لی من کل باب الف باب" یا وہ معروف روایت جس میں مولیٰ نے فرمایا ہے "زقنی رسول اللہ زقا زقاً" یا پھر ابو بکر کی شان میں گڑھی گئی روایت کے مشابہ روایت خود آنحضرتؐ نے امیر علیہ السلام کے لیے فرمایا ہے اور اس کے الفاظ کو تبدیل کرکے پہلے چور کی طرف منسوب کر دیا گیا ہو اس لیے کہ آنحضرتؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ میں نے اپنے لیے بھی خداوند متعال سے جو بھی مانگا "سألت لك مثله" تو اس کے مانند اے علیؑ! میں نے آپ کے لیے بھی خدا سے دریافت کیا ہے اور رسول خداؐ کا ایک سوال قرآن کا جز بن گیا ہے "وقل ربی زدنی علما" پالنے والے میرے علم و دانش میں اضافہ کر دے۔

۲: سنی عوام کے درمیان سینہ بہ سینہ نقل ہونے والی رسول خداؐ کی طرف منسوب دوسری حدیث بھی ملاحظہ ہو کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ "اذا اشتقت الی الجنة قبلت شیبة ابی بکر" میں جب بھی جنت کا مشتاق ہوتا ہوں تو ابو بکر کی داڑھی چوم لیتا ہوں گویا ابو بکر کی داڑھی جنت سے آکر خبیث کے منحوس چہرے پر چسپاں ہو گئی تھی جسے رسول خداؐ جنت کے مشتاق ہونے پر چوم لیا کرتے تھے۔

https://downloadshiabooks.com/

ایک بات تو طے ہے کہ یہ روایت جناب سیدۃ علیہا السلام کی شان میں وارد حدیث نبوی کے توڑ میں گڑھی گئی ہے ہمارا نبیؐ جنت کے اشتیاق میں خاتون جنت کی پیشانی اور سر قدس کا بوسہ لیا کرتے تھے عائشہ خود گواہ ہے کہ جناب رسول خداؐ حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کے سر اقدس اور پیشانی مبارک کا کثرت سے بوسہ لیا کرتے تھے ایک بار اس منحوسہ نے ٹوکا تو بھی رسول خداؐ نے اس کی وجہ بھی بیان کر دی جو شیعہ کتب میں زیادہ سنی کتب میں درج ہوئی ہے اس کے علاوہ یہی ملعونہ رسول خداؐ کی سیرت بھی بیان کرتی ہے وہ کہتی ہے کہ "**کان النبیﷺ اذا قدم من السفر قبل نحر فاطمۃ و قال:: منھا اشم رائحۃ الجنۃ**[23]"۔ رسول خداؐ جب بھی کسی سفر سے واپس ہوتے تھے تو جناب سیدۃ علیہا السلام کی گردن مبارک کا بوسہ لیتے تھے اور فرماتے تھے میں ذات سیدۃ علیہا السلام سے جنت کی خوشبو محسوس کرتا ہوں۔

گمراہ اور ایمان سے بے گانہ لوگوں کی دوری شرعی ذمہ داری ہے قرآن و اہل بیت علیہ السلام نے بے ایمانوں سے دور رہنے کا حکم دیا ہے اور ان سے میل بیوہار کو خطرناک قرار دیا ہے محل تقیہ نہ ہو تو دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے حتی الامکان دوری رکھنا ہی مرضی الہی اور منشاء اہل بیت علیہم السلام ہے معصومین علیہم السلام بالکل سے پسند نہیں کرتے کہ ان کے دکھ درد میں اضافہ کرنے والوں ان کو ستانے والوں اور ان دشمنوں سے کسی قسم کا ربط ضبط رکھا جائے ائمہ طاہرین علیہم السلام اور رسول خداؐ نے گمراہ لوگوں کو مردہ جانا ہے اور مردہ لوگوں کی ہم نشینی سے دل خراب ہوتا ہے دل کی خرابی کا مطلب ایمان و عقیدہ میں تزلزل پیدا ہوتا ہے اور جس کا نتیجہ بے ایمانی اور بد عقیدتی کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

23۔ ینابیع المودۃ باب ۳۴، ۵۶

حضرت رسول خداؐ فرماتے ھیں " اربعة مفسدة للقلوب ۔۔و مجانسة الموتیٰ فقیل یاؐ رسول اللہ و ما مجالسة الموتیٰ ؟ قالﷺ : مجالسة کل ضال عن الایمان و جائر عن الاحکام[24]" چار چیزیں دلوں کی تباہی کا باعث بنتی ہیں جن میں سے ایک مردوں کی ہم نشینی ہے سوال کیا گیا کہ اے اللہ کے رسولؐ! مردوں کی ہم نشینی سے آپؐ کی کیا مراد ہے ظاہر ہے کہ انسان مردوں کی بظاہر ہم نشینی اختیار کر ہی نہیں سکتا ہے بے جاں پتھروں درختوں اور پہاڑوں میں بیٹھے کے مانند ہے قبرستان وغیرہ میں بیٹھنا (اگرچہ قبرستانوں میں جاکر دعا وعبادت کی بڑی تاکید کی گئی ہے لیکن یہاں بے کار بیٹھنا درست نہیں ہے) تو سوال پیدا ہوا کہ آخر مردوں کی ہم نشینی سے مراد کیا ہے تو رسول خداؐ نے فرمایا: ہر اس شخص کی ہم نشینی کہ جو ایمان کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور احکام شرعیہ کی پابندی سے بیگانہ ہے جناب رسول خداؐ بے ایمان و بد اعمال شخص کو مردہ قرار دے رہے ہیں اور دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے زیادہ بے ایمان اور بد عمل کون ہے ؟ مخالفین اہل بیت علیہ السلام اگر عمل و عبادت بھی کر رہے ہوں تو وہ ان کے کسی کام آنے والا نہیں ہے بلکہ وہ اعمال کے غاصب اور عبادت کے چور کہلاتے ہیں کیونکہ اجر رسالت یعنی محبت اہل بیت علیہم السلام کے بغیر اعمال و عبادات، حق اہل بیت علیہ السلام کا غاصب بناتی ہے اور ایسے غاصبوں اور گمراہوں سے ہم نشینی دلوں کو تباہ کرتی ہے دل کی تباہی کا معنی سوائے گمراہی و بد عقیدتی و بے ایمانی کے کچھ اور نہیں ہے۔

24۔ امالی الشیخ الطوسیؒ: ج۱، ص۸۱

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۱۱

علامہ مجلسیؒ اور تبرا:

علامہ کبیر مجلسیؒ اپنے دور کے سب سے بڑے مولائی اور تبرائی تھے انہوں نے بحار الانوار کی ۲۸ ویں جلد سے لیکر ۳۴ ویں جلد تک بعد رسول خداؐ اٹھنے والے فتنوں کو ان دو جلدوں میں جمع کر دیا ہے اور مقدمہ بحار میں اہل بیت علیہم السلام اور خاص طور سے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے حقوق کو چھیننے والے خلفاء اور لڑنے والے خبثاء کے سلسلہ میں زبردست تبراء کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

علامہ مجلسیؒ غاصبین خلافت امیر المومنین علی علیہ السلام کو مسلمان ہی نہیں سمجھتے بلکہ ان کے ماننے والوں کو ملحد و کافر سمجھتے ہیں اسی طرح مولا امیر المومنین علیہ السلام کے درو خلافت ظاہریہ میں ان کے خلاف سر اٹھانے والے بیعت شکن طلحہ و زبیر اور عائشہ کو صفین میں جمع عمرو عاص اور معاویہ کو نہروان میں جمع ہونے والے خارجیوں کو نہ صرف لائق تبرا سمجھتے ہیں بلکہ ان کے کفر و الحاد کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں " بحار الانوار کی آٹھائیسویں (۲۸) جلد منافقوں ،غاصبین خلافت اور ان کے مدد گاروں، بیعت توڑنے والے، ظلم و ستم کرنے والے، دین سے نکل جانے والے (یعنی جمل صفین اور نہروان والوں) کے کفر کو بیان کرتی ہے۔

علامہ مجلسیؒ کا یہ صرف دعویٰ نہیں ہے بلکہ آپ ۲۹ ویں جلد میں خطبہ فدکیہ کے بعد کچھ روایتیں نقل کرتے ہیں پھر فرماتے ہیں مخالف و موافق طرق سے اس قدر روایات کو نقل کرنے

https://downloadshiabooks.com/

کے بعد میں گمان نہیں کرتا کہ کوئی اس کا انکار کر سکتا ہے کہ " ان فاطمۃ علیہا السلام کانت ساخطه علیهم ،حاکمة بکفرهم و ضلالتهم غیر مذعنة بامامتهم " جناب فاطمۃ زہراء علیہا السلام ان لوگوں پر ناراض تھیں، ان کی گمراہی بلکہ کفر کی قائل تھیں اور ان کی امامت کو نہیں مانتی تھیں اور نا ہی ان لوگوں کی اطاعت گذار تھیں اور ناراضگی اور نافرمانی کا یہ سلسلہ اس وقت تک چلتا رہا جب تک کہ حضرت فاطمۃ زہراء علیہا السلام رضوان و کرامت الہی تک نہ پہنچ گئیں۔

"حاکمة بکفرهم" کا جملہ پکار کر کہہ رہا ہے کہ علامہ مجلسیؒ ہی نہیں بلکہ حضرت فاطمۃ زہراء علیہا السلام خلفاء ثلاثہ اور انکے حوالی موالی کے کفر کی قائل تھیں اس کے بعد علامہ مجلسیؒ ایک بڑی خطرناک بات مگر حقیقت پر مبنی بات کہتے ہوئے نہیں ہچکچاتے کہ جو شخص بھی ابو بکر کی امامت کا قائل ہے اسے یہ بھی کہنا چاہیئے کہ حضرت فاطمۃ زہراء علیہا السلام امامت ابو بکر کو نہ مان کر جاہلیت کی موت بلکہ کفر و گمراہی اور منافقت کی موت مری ہیں۔!

اپنے قول کی قباحت سے بخوبی واقف علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں کہ ایسا قول تو بس کوئی ملحد اور زندیق ہی کہہ اور مان سکتا ہے کہ جناب سیدۃ معاذ اللہ کفر والحاد، یا نفاق و گمراہی کی موت مری ہیں لیکن امامت ابو بکر کے قائل کے قول کا یہی لازمہ ہے کہ وہ حضرت فاطمۃ۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے کہ خداوند متعال ہمارے شیعوں پر رحمت نازل فرمائے کہ ہمارے شیعہ ہماری خاطر آزار و اذیت کا شکار بنائے جاتے ہیں جبکہ ہم اہل بیت علیہم السلام اپنے شیعوں کی خاطر آزار و آذیت کا شکار نہیں بنائے جاتے ہیں ہمارے شیعہ ہم سے ہیں بتحقیق کہ وہ ہماری باقیماندہ طینت سے پیدا ہوئے ہیں اور ہماری ولایت کے نور

https://downloadshiabooks.com/

سے ان کا عجین تیار کیا گیا ہے وہ ہمیں اپنا امام انتخاب کرنے پر خوش ہیں اور ہم انہیں اپنا شیعہ انتخاب کرنے پر خوش ہیں انہیں ہماری مصیبتوں پر حزن و ملال ہوتا ہے ہمارے دکھ درد پر انہیں رونا آتا ہے وہ ہمارے حزن و غم میں محزون و مغموم ہو جاتے ہیں اور ہماری خوشیاں انہیں خوش کر دیتی ہیں اور ہم بھی ان کے دکھ درد سے درد محسوس کرتے ہیں ان کے احوال سے باخبر ہوتے ہیں لہذا وہ ہمارے ساتھ ہیں وہ ہم سے جدا نہیں ہوتے اور ہم بھی ان سے جدا نہیں ہوتے ہیں اس لیے کہ ہر غلام کی بازگشت اس کے مولا و آقا کی طرف ہوتی ہے اس کا اپنا بھروسہ اپنے آقا پر ہوتا ہے لہذا " فھم یھجرون من عادانا" وہ ہمارے دشمنوں سے دوری اختیار کرتے ہیں ان سے ھجر ان پسند کرتے ہیں جس جس نے ہم سے دشمنی و خصومت برتی ہے ہمارے شیعہ ان سے دوری بنائے رکھتے ہیں اور جو جو ہماری ولایت کے معترف ہیں ہمارے شیعہ ان کی مدح و ثناء علی الاعلان کرتے ہیں ان کے مداح ہوتے ہیں ہماری ولایت کا اقرار و اعتراف کرنے والوں کی ہمارے شیعہ تعریفیں کیا کرتے ہیں اور " و یباعدون من آذانا" اور جن جن لوگوں نے ہمیں اذیت پہنچائی ہے ہمیں ستایا ہے ہمارے اوپر ظلم و ستم کیا ہے ہمارے شیعہ ان سب سے دوری اختیار کرتے ہیں انہیں اپنے پاس پھٹکنے نہیں دیتے ان سے دوری بنائے رکھتے ہیں۔

لہذا معصومین علیہم السلام کی محبت و ولایت کا تقاضا پورا کرتے ہوئے اور اپنی شیعیت کا بھرم باقی رکھنے کے لیے ہر دشمن اہل بیت علیہم السلام سے بیزاری دوری بنائے رکھنا لازم ہے ان سے رشتہ الفت و محبت قائم کرنا سراسر فرامین معصومین علیہم السلام کی خلاف ورزی اور اپنے آپ کو دھوکہ دینا اور دوسروں کو گمراہ کرنا ہے دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے تبراء ان کو ستانے والوں سے دوری اختیار کرنا ہر مومن کا ولائی وظیفہ شرعی ذمہ داری اور ضرورت مذھب ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی روایت میں آگے وارد ہوا ہے کہ خدایا ہمارے شیعوں کو ہماری حکومت میں زندہ کر دینا اور انہیں ہماری دولت و مملکت میں باقی رکھنا، خدایا بلا شبہ ہمارے شعہ ہم سے ہیں ان کی نسبت ہم سے ہے اور انہیں ہماری طرف ہی منسوب کیا جاتا ہے لہذا جو ہماری مصیبتوں کا تذکرہ کرے اور ہماری خاطر آنسو بہائے یا آنسو بہانے کی بزم سجائے تو اللہ عزوجل کو حیا آتی ہے کہ ایسے شخص کو آتش جہنم سے عذاب دے[25]۔

علامہ محمد بن یعقوب معروف بہ شیخ کلینیؒ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب الکافی کو تین حصوں میں تقسیم فرمایا ہے پہلا حصہ اصول الکافی کے عنوان سے جانا پہچانا جاتا ہے دوسرا حصہ فروع الکافی کے عنوان سے معروف ہے اور تیسرا حصہ روضۃ الکافی کے نام سے متعارف ہے بیس سال کے عرصہ زحمات سفر اٹھا کر اس مرد زبردست نے الکافی مرتب فرمائی ہے اور الکافی کے تینوں اجزاء یکساں اہمیت و عظمت کے حامل ہیں پہلا حصہ عقائد سے متعلق ہے دوسرا حصہ عبادت سے متعلق ہے اور تیسرا حصہ اخلاق و کردار سے متعلق ہے اور تینوں ہماری مذھبی زندگی کا لائحہ عمل ہے۔

روضۃ الکافی میں سند کے ساتھ ذکر کی گئی روایت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہوئی ہے امام جعفر صادق علیہ السلام نے کائنات کی تین عظیم ھستیوں، بہترین ذوات مقدسہ اور خلائق الہی میں خیر الخلق اشخاص کے نام ذکر فرمائے ہیں اور پھر ان تین عظیم المرتبت ذوات مقدسہ خلق خدا میں خیار الخلق کے تین بدترین دشمن، شرار الخلق، شیطان کو شرمندہ کر دینے والے شیطانوں کا نام ذکر فرمایا ہے بعض نادان کہہ بیٹھتے ہیں کہ معصومین علیہم السلام نے نام بنام تو

25۔ المنتخب للطریحی، ص ۲۶۳

https://downloadshiabooks.com/

لعنت نہیں کی ہے آپ لوگ کیوں نام بنام لعنت کرتے ہیں انہیں چاہیئے کہ اصول فروع اور روضۃ الکافی کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیں پھر بات کریں، امام جعفر صادق علیہ السلام کی امامت وولایت کے منکر ہو جائیں پھر گفتگو کریں خیار الخلق اور شرار الخلق میں تمیز نہ کرسکنے کی عقلانیت و خرد سے بے بہرہ ہونے کا اعتراف کرلیں پھر اعتراض کریں۔

روضہ الکافی کی حدیث نمبر ۳۱۱ میں امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں" ثلاثۃ شرار الخلق" تین بدترین خلق خداہیں تین سے بدتر امام جعفر صادق علیہ السلام کے بیان کی روشنی میں بظاہر کوئی نہیں ہے اور تین بدمعاشوں ،اوباشوں میں خلق خدا کے بہترین لوگ ،خیار الخلق ،پسندیدہ ترین مخلوق الہی مبتلا ہوئے "ابو سفیان احدھم قاتل رسول اللہ و عاداہ" پہلا مردود شخص ملعون خلق ،شریر الخلائق ابو سفیان ہے اس ملعون نے رسول خداؐ سے جنگ کی اور ان کی دشمنی کے درپے رہا میں کہوں گا اے امام جعفر صادق علیہ السلام گستاخی معاف آپ کو تو علم ہے نا کہ ابوسفیان مسلمان ہو گیا اور آپ کے دادا نے فرمایا اسلام سابقہ کرتوتوں پر پانی پھیر دیتا ہے کیا یہ اچھی بات ہے کہ ایک بگڑے ہوئے انسان کے مسلمان ہو جانے کے بعد اس کے قبل از اسلام ،کردار پر آپ کیچڑ اچھال رہے ہیں آپ کو تو مسلمانوں کی اصطلاح کا علم ہے کہ گذشتہ را صلوات اور مضیٰ ما مضی ، تو آپ بھی اسی حاشیہ کے ساتھ فرماتے کہ ابو سفیان کبھی ایسا ویسا تھا بعد میں مسلمان ہو گیا تھا کبھی جنگ کی تھی کبھی دشمنی کی تھی اب تو وہ حلقہ بگوش اسلام ہو گیا ہے پھر اس کے ماضی پر انگلی کیوں اٹھا رہے ہیں مؤدب لوگوں کے چکنے چپڑے قول کے مطابق گڑے مردے اکھاڑنے سے آپ کو کیا ملے گا مولا امام جعفر صادق علیہ السلام کیا آپ کو یہ پتہ نہیں ہے کہ بعض مسلمانوں کے مقدسات میں ابوسفیان کا نام بھی داخل ہو جائے گا اور پھر آپ کو چاہنے والوں کو

https://downloadshiabooks.com/

اس کی مذمت کرنے پر اس کے اوپر لعنت بھیجنے پر، اس کی قدح کرنے پر حرملائی افکار کے خود اپنے بھی تیر سرزنش کا شکار بنائیں گے؟

تو شاید امام صادق علیہ السلام جواب میں فرمائیں کہ میں نے اپنے جد بزرگوار امیر المومنین علی علیہ السلام کی سیرت و کردار کو سامنے رکھ کر بات کر رہا ہوں میرے جد نے ابو سفیان سے دوٹوک فرمادیا تھا کہ تو کب سے اسلام کا ہمدرد بن گیا نیز امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے قرآن مجید کی آیتیں ہیں زلیخا زوجہ نبیؑ بنی مگر سابقہ گھنونے کریکٹر ذکر کیے گئے ہیں ازواج نبیؐ میں بعض کے دل ٹیڑھے ہو گئے تھے وہ منحرف تھیں رہتی دنیا تک ان کے کرتوت کا تذکرہ ہو گا اور ان سے نفرت و بیزاری کی جائے گی بھلے ہی وہ کسی خاص مسلک و مذہب کی سپر لیڈی ہی کیوں نہ ہو گھوشٹ کر دی جائے۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۱۲

زیارت امام حسینؑ اور تبرا:

اس امر میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ زیارت امام حسین علیہ السلام ان شریف ترین اور بر ترین اعمال میں سے ہے جن کے اوپر جو ثواب بتلایا گیا ہے وہ کسی پر ڈھکا چھپا نہیں ہے اور یہ بھی واضح ہے کہ حقیقت اجر و ثواب سے یا تو خدا آگاہ ہے یا اسکے معصوم اولیاء علیہم السلام یقیناً ہر شخص کی معرفت و عقیدت کی بنیاد پر زیارت امام حسین علیہ السلام کے اجر و ثواب میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سنجیدہ و سنہرے عمل میں لعنت و برائت از دشمنان خداوند متعال کا بڑا دخل ہے شاید ہی کوئی ایسی زیارت معصوم علیہ السلام سے نقل ہوئی ہو کہ جس میں دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے بیزاری و دوری کا تذکرہ نہ ہو اور زائر امام حسین علیہ السلام بالکل ان پڑھ ہو تب بھی امام حسین علیہ السلام پر درود و سلام دینے کے ساتھ ان کے دشمنوں اور بانیان ظلم و ستم پر اپنے لب و لہجہ میں لعنت کرنا ضروری ہے اور لعن طعن اور تبراء کرنے والوں پر اللہ کا درود و سلام نازل ہوتا ہے اور یہ بھی یاد رہے کہ اگر کوئی مومن زیارت امام حسین علیہ السلام کو نہیں جا سکتا ہے تو وہ جہاں بھی ہو دور سے امام حسین علیہ السلام کو سلام دے سکتا ہے اور مظلوم کربلا پر گریہ کر سکتا ہے سید الشہداء امام حسین علیہ السلام اور تمام اہل بیت علیہم السلام کے دشمنوں سے تبراء اور ان پر لعن طعن اس قدر اہمیت کا حامل امر ہے کہ جناب رسول خداؐ نے امام حسین علیہ السلام پر گریہ وزاری اور دشمنوں سے تبراء اور برائت کو ایک ساتھ ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ امام حسین علیہ السلام پر گریہ کرنے والوں اور دشمنان اہل بیت علیہم السلام پر تبراء کرنے والوں کے

https://downloadshiabooks.com/

اوپر ایک ساتھ یکساں خدا کا دورد و سلام نازل ہوتا ہے لیجیئے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی نقل کردہ ارشاد رسول خداؐ کو ملاحظہ فرمائیں آپ فرماتے ہیں کہ انحضرتؐ کا ارشاد گرامی ہے "الا و صلی اللہ علی الباکین علی الحسین رحمۃ و شفقۃ، والاعنین لاعدائھم والممتلیئن علیھم غیضا و حنقاً" آگاہ ہو جاؤ کہ خداوند متعال کا درود و سلام ہو از روئے شفقت و رحمت حضرت امام حسین علیہ السلام پر گریہ کرنے والوں کے اوپر اور دشمنان معصومین علیہم السلام پر لعنت کرنے والوں پر۔

ایک بے حد بیہودہ خیال بعض نادانوں سے دشمنان اہل بیت علیہم السلام کے ماروں کی زبان پر آجاتا ہے کہ جناب لعن طعن نہ کریں تبراء سے پرہیز کریں کہ دشمن سنیں گے تو وہ نے حد غیض و غضب میں آجائیں گے اور پھر وہ ایسا ویسا کریں گے وغیرہ۔

جواب میں عرض ہے کہ چودہ سو سال سے دشمنان اہل بیت علیہم السلام ان بزرگواروں کے چاہنے والوں سے خار کھائے بیٹھے ہیں لعن طعن اور تبراء نہ بھی ہو تو وہ موقعہ پا کر ہمیں تہس نہس کرتے رہتے ہیں لیکن ان سب کے باوجود ہمارے معصوم علیہ السلام محافظ ہماری حفاظت کی دعا کرتے رہتے ہیں ورنہ ہمارے دشمن ہمیں کب کا کچل چکے ہوتے اور بلائیں ہمیں پامال کر چکی ہوتیں، یقیناً موارد تقیہ میں ہمیں تقیہ سے کام لینا چاہیئے لیکن ہمارے پورے وجود میں عشق وولاء اہل بیت علیہم السلام کی طرح ان کے دشمنوں سے غیض و غضب اور نفرت و کینہ بھرا رہنا چاہیئے اور جب جہاں مناسب موقع ملے لعن طعن اور تبراء سے نہیں چوکنا چاہیئے کہ خداوند متعال کا درود و سلام مومنین پر بھی نازل ہوتا رہتا ہے کہ جن کا وجود دشمنان اہل بیت علیہم السلام کے بغض و کینہ اور نفرت سے بھرا ہوتا ہے اسی حدیث کا آخری فقرہ دوبارہ دیکھیں کہ رسول خداؐ نے فرمایا

https://downloadshiabooks.com/

ہے کہ خدا کا درود و سلام اس مومنین کے اوپر بھی نازل ہو کہ جن کا پورا وجود دشمنان محمدؐ و آل محمدؐ سے پر ہوتا ہے۔ "الا و صلی اللہ علی الباکین علی الحسین رحمة و شفقة، والاعنین لاعدائهم والممتلیئن علیهم غیضا و حنقاً"۔ (تفسیر الامام العسکریؑ، ص۳۴۹ و بحار الانوار ۴۴،۳۰۴)

تبرا، صداقت کی علامت ہے:

اخلاق کی کتابوں میں صفاء نفس کے باب میں دو عنوان بڑی شد و مد کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے اور وہ ہے تخلیہ اور تحلیہ۔ تخلیہ کا مطلب ہے کہ برے صفات اور ناپسندیدہ اوصاف سے دوری اور نفس کے غلاظتون اور پلیدیوں سے پاک صاف کرنا جبکہ تحلیہ کا مطلب ہے کہ اچھے اخلاق اور پسندیدہ صفات سے نفس کو آراستہ کرنا تحلیہ کا مرحلہ تخلیہ کا بعد کا ہے یعنی اچھے صفات اور پسندیدہ اوصاف سے نفس اسی وقت آراستہ ہو سکتا ہے جبکہ نفس کو برے اخلاق سے خالی اور ناپسندیدہ صفات سے پاک صاف کر لیا گیا ہو۔

ٹھیک یہی صورت حال ایمان و عقیدت کی بھی ہے جو انسان اپنے دل کو دشمنان خدا و رسولؐ اور دشمنان آل رسولؐ کی محبت و اطاعت کی پلیدی و کثافت سے دور نہیں کرے گا اور مرحلہ تخلیہ کو پار نہیں کرے گا وہ اولیاء الٰہی اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کی محبت کے زیور سے آراستہ نہیں ہو سکتا تبراء و بیزاری، ایمان کے باب میں تخلیہ کی حیثیت رکھتی ہے جبکہ تولاء اور محبت و مودت، تحلیہ کی حیثیت رکھتی ہے اور اگر کوئی شخص اہل بیت طاہرین علیہم السلام سے محبت و عقیدت کا دم بھرتا ہے مگر دشمنان اہل بیت علیہم السلام سے نفرت و بیزاری نہیں کرتا وہ اپنے دعوائے محبت میں جھوٹا ہے اور اس کا ایمان آلودہ ہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے

https://downloadshiabooks.com/

ہیں" کذب من ادعیٰ محبتنا ولم یتبراء من عدوّنا" وہ شخص جھوٹا ہے جو ہماری محبت کا دعویدار ہے اور ہمارے دشمنوں سے تبراء نہیں کرتا برائت و بیزاری ایمان کی صداقت کی پہچان ہے اور تبراء نہ کرنا دعوائے محبت میں جھوٹے ہونے کی علامت ہے۔ تخلیہ دل کے لیے تبراء ضروری ہے اسی لیے علامہ شیخ یعقوب کلینیؒ کے شاگرد رشید۔

مصیبت و بلاء کا ایک اور مفہوم:

تقیہ و مدارات کے ماحول میں بھی اہل ولاء کو ہوشیار رہنا چاہیئے اور خاص طور پر جس بزم اہل بیت علیہم السلام کی کسی شکل و صورت میں توتوہین کی جارہی ہو وہاں قطعاً حاضر نہیں ہونا چاہیئے اور اگر اتفاق سے ایسی بزم میں کسی وجہ سے حضور و شرکت ہو جائے تو جتنی جلدی ہو سکے اس محل و مکان کو ترک کر دینا چاہیئے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے "اذا ابتلیت باهل النصب و مجالستهم" جب تم کسی ناصبی سے مبتلا ہو جاؤ اور ان کی بزم میں ٹھہرنے اور بیٹھنے میں مجبور ہو جاؤ تو "فکن کانك علی الرضف حتی تقوم" اس شخص کے مانند وہاں سے بھاگنے پر اتاولے رہو کہ جیسے وہ گرم لوہے یا دہکتے پتھر پر مجبور بیٹھا ہوا ہے کہ جونہی موقع ملے وہ وہاں سے بھاگ کھڑا ہو گا۔

امام علیہ السلام نے " اذا ابتلیت "یعنی مبتلی ہو جاؤ تو کا لفظ استعمال کیا ہے ناصبیوں کی بزم میں خود سے جانا تو ممنوع ہے پھنس جانے کی صورت میں دھکتے پتھر اور جلتے لوہے پر بیٹھنے سے تعبیر کر کے امام علیہ السلام نے شدت کے ساتھ دشمنوں سے دوری بنائے رکھنے کی تلقین کی ہے

https://downloadshiabooks.com/

کلمہ ابتلیت کے ذریعہ واضح کر دیا ہے یہ بلا و مصیبت خود سے پالنے کی اجازت نہیں ہے اتفاقی طور پر دشمنوں میں مبتلا ہو جائے اور کسی معصوم یا مومن کو برا بھلا کہہ رہے ہوں تو اولین فرصت میں وہاں سے فرار اختیار کرنا مومن کی شرعی ذمہ داری ہے اس لیے کہ وہاں قہر و عذاب الٰہی کا نزول ہو تا ہے اور وہاں بیٹھا مومن بھی قہر و غضب اور انتقام الٰہی کا شکار ہو سکتا ہے جناب علامہ کبیر مجلسیؒ اس حدیث کی تشریح کے بعد فرماتے ہیں "یجب الاحتراز عن مجالستھم اذا لم تکن تقیة" دشمنان اہل بیت علیہم السلام کی ہم نشینی سے دوری اختیار کرنا واجب ہے اگر محل تقیہ مورد مدارات نہ ہو[26]۔

عبد اللہ بن مسعود جناب رسول خداؐ کے صحابی کوفہ سے مدینہ واپس آئے تو اس وقت عثمان منبر پر خطبہ دے رہا تھا جیسے عبد اللہ بن مسعود پر نظر پڑی عثمان تیزی سے بولا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ تمہارے پاس ایک بد ترین و حقیر ترین کپڑا اپنے خوراک کو روندھتا ہوا آپہنچا ہے الغدیر میں واقدی سے نقل ہوا ہے کہ عثمان نے کہا "یا ایھا الناس انه قد طرقکم اللیلة دویبة من یمشی علی طعامه یقئی و یسلح" عبد اللہ بن مسعود نے کہا میں ایسا نہیں ہوں بلکہ میں رسول خداؐ کا وہ صحابی ہوں کہ جو جنگ بدر میں انہیں کہ ہم رکاب تھا اور بیعت رضوان میں بیعت کرنے والوں میں سے تھا (عثمان ان دونوں مقامات سے غائب تھا) عائشہ نے بھی بعد مداخلت کی لیکن عثمان کے حکم سے جناب عبد اللہ بن مسعود کو مسجد سے گھسیٹ کر باہر کر دیا عثمان کے ایک غلام کا نام یحموم تھا جس نے عبد اللہ بن مسعود کی ٹانگیں پکڑ کر کھینچتے ہوئے انہیں مسجد سے باہر لے کر جا کر اس زور سے پٹکا کہ ان کی پسلیاں ٹوٹ گئیں امام علی علیہ السلام نے بھی اعتراض کیا مگر کوئی سنوائی نہیں

26۔ بحار الانوار ۲۱۹،۱۷

https://downloadshiabooks.com/

ہوئی جناب عبد اللہ بن مسعود نے اس موقع پر جو فتویٰ صادر فرمایا ہے بقول بلاذری "ان دم عثمان حلال" عثمان کا خون حلال ہے ابن حجر عسقلانی نے المطالب العالیۃ ۳/۱۴۳ پر بھی اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو خالد قماط سے فرمایا کہ "ان الله خلقنا من اعلی علیین و خلق قلوب شیعتنا من حیث خلقنا و خلق ابدانهم من دون ذالك فمن ثم صارت قلوبهم تحن الینا" بلا شبہ اللہ نے ہم اہل بیت علیہم السلام کو اعلی علیین سے خلق فرمایا ہے اور ہمارے شیعوں کے دلوں کو اسی اعلی علیین سے خلق کیا ہے جس سے ہمیں خلق کیا ہے اور ان کے جسموں کو اس سے کمترین شی سے پیدا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ (ان کے ابدان انحراف کا شکار ہوتے ہیں) مگر ان کے دل ہماری طرف مائل رہتے ہیں اور ہمارے دشمنوں کو اللہ نے یحموم سے خلق کیا ہے اور ہمارے دشمنوں کے چاہنے والوں کے دلوں کو اسی یحموم سے خلق کیا ہے جس سے ہمارے دشمنوں کو خلق کیا ہے یہی وجہ ہے کہ (ان کے ابدان کبھی اچھائیوں کی طرف جاتے ہیں مگر) ان کے دل ہمارے اعداء کی طرف میلان رکھتے ہیں یحموم سیاہ ترین دھویں کو کہتے ہیں۔[27] "وان الله خلق عدونا من یحموم و خلق قلوب شیعتهم من حیث خلقهم فمن صارت قلوبهم تحن الیهم"[28]۔

27۔ مجمع البحرین ۱،۴۶۰

28۔ مشکاۃ الانوار: ۱۷۳

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۱۳

تبراء کی مخالفت کیوں؟

بعض لوگ تبراء کی مخالفت اس لیے کرتے ہیں کہ ان کی نظر تبراء تفرقہ وانتشار کا باعث ہے وہ سمجھتے ہیں کہ اگر مومنین اپنے دشمنوں اور اپنے اماموں کے دشمنوں سے بیزاری و برائت کا اعلان کریں گے تو لوگوں کے درمیان تفرقہ پیدا ہو گا اور معاشرہ بکھر کر رہ جائے گا اور اپنی بات کو صحیح ثابت کرنے کے لیے وہ چند آیتوں اور روایتوں سے بھی استناد کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ وہ انکی بات درست ہے حالانکہ انہیں درج ذیل باتوں پر توجہ دینی چاہیئے اور غلط فہمی سے باہر نکل آنا چاہیئے۔

۱: تبرا پہلے مرحلہ میں دل کا مسئلہ ہے اور اس کا تعلق انسان اور خدا کے درمیان ہے یعنی انسان کو پہلی فرصت میں خدا اور رسولؐ اور ائمہ طاہرین علیہم السلام کے دشمنوں سے دل ہی دل میں نفرت و بیزاری کرنی ہے ہر جگہ ہر مقام پر زبان و ہاتھ سے تبرائی کام انجام نہیں دینا ہے اسی لیے اسلام نے روز ظہور امام زمان علیہ السلام تک مومنین کے اوپر تقیہ مداراتی فرض کر رکھا ہے۔

۲: دوسرے مرحلہ میں تبرا اظہار بیزاری سے عمل و کردار میں، مصلحت پسندی سے جب کام چل سکتا ہے تقیہ کے عنوان سے چلایا جاسکتا ہے ورنہ اہل ایمان کو اپنے ایمان و عقیدہ میں سر سخت ہونا چاہیئے اور دشمنان دین سے سمجھوتا نہیں کرنا چاہیئے البتہ محل تقیہ میں۔

https://downloadshiabooks.com/

۳: تبراء باطل کی خلاف ورزی ہے، حق کے بعد صرف گمراہی ہوتی ہے اور امام سجاد علیہ السلام کے اتباع میں ہمیں خدا اور رسولؐ اور ائمہ طاہرین علیہم السلام سے بیگانہ لوگوں سے دوری بنائے رکھنے کا حکم ہے آپ فرماتے ہیں " اللهم صلی علی محمد وآل محمد ولا تبتلینی بالکسل عن عبادتك ولا بجاهة من تفرق عنك" خدایا درود بھیج محمد و آل محمدؐ پر اور مجھے ایسے لوگوں میں مبتلانہ کر جو تجھ سے جدا ہو چکے ہیں تبراء کی مخالفت کا مطلب دشمنان خدا سے اتحاد کی کوشش ہے امام سجاد علیہ السلام اس اتحاد کو بیماری سمجھتے ہیں۔

۴: تبراء کی مخالفت در حقیقت حق و باطل کی آمیزش چاہتا ہے وہ جنت اور دوزخ کو ملانا چاہتا ہے وہ جہالت اور علم کی دوستی کا خواہاں ہے وہ خوش بختی اور بد بختی میں تال میل چاہتا ہے قرآن مجید کا اعلان ہے کہ اللہ نے کسی کے وجود میں دو دل نہیں رکھے ہیں کہ ایک سے خدا اولیاء خدا سے محبت کا دم بھرے اور دوسرے سے دشمنان ائمہ ھدیٰ علیہم السلام سے محبت بھی کرے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے " انما هلك الناس حين ساووا بين ائمة الهدی و بين ائمة الكفر" لوگوں کی ہلاکت صرف اس لیے پکی ہے کہ انہوں نے ائمہ ھدیٰ علیہم السلام اور ائمہ کفر و ضلالت میں برابری و مساوات سمجھا ہے اور یہ خیال کر رکھا ہے کہ جو بھی مسند خلافت پر براجمان ہو چاہے وہ نیکو کار ہو یا بد کار وہ واجب الاطاعۃ ہے حالانکہ قرآن نے مجرمین کو مسلمین کے برابر اور اندھے کو بینا کے جیسا قرار نہیں دیا ہے قرآن مجید کا اعلان ہے کہ "هل يستوی الاعمی والبصير ام هل تستوی الظلمات والنور"۔ کہہ دیجیئے کہ کیا اندھا اور بینا ایک جیسے ہو سکتے ہیں یا نور و ظلمت برابر ہو سکتے ہیں۔

https://downloadshiabooks.com/

۵: سب سے بڑا اتحادی بعد رسولؐ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام تھے جو خود آپ نے ایک خط میں امت اسلامی کے درمیان اتحاد کا سب سے بڑا حریص اپنے آپ کو قرار دیا ہے لیکن حق و حقیقت کو برملا کرنے میں اور سربراہان سقیفہ کو ننگا کرنے میں نہ صرف آپ نے کوئی کسر چھوڑی ہے نہ آپ کی زوجہ مکرمہ حضرت سیدۃ زھراء علیہا السلام نے کوئی دقیقہ فروگذاشت کیا اور نہ ہی آپ کی نسل پاک کے سربراہان مسلمین و ائمہ مومنین نے خبیثوں کے چہرے سے نقاب ہٹانے میں کوتاہی فرمائی۔

کیا رات کو اپنی زخمی زوجہ اور چھوٹے چھوٹے بچوں کو مہاجرین و انصار کے دروازے پر جا جا کر علی ابن ابی طالب علیہ السلام اتحاد کی دعوت دے رہے تھے یا سربراہان سقیفہ سے ٹکرانے کے لیے مدد مانگ رہے تھے؟

کیا پہلے خطبہ خلیفہ اول سے لے کر اس کے مرنے تک اصحاب امام علی علیہ السلام کڑی نکتہ چینی اور احتجاج و استدلال کر کے اتحاد کی دعوت دے رہے تھے اور بالائے منبر سربراہ امت اسلامی بن جانے والے کو ذلیل و رسواء نہیں کر رہے تھے کیوں کسی دن امیر المومنین علیہ السلام نے نہیں ٹوکا؟

کیا خطبہ فدکیہ میں حضرت فاطمۃ الزھراء علیہا السلام سربراہان سقیفہ کو منافق، کافر اور پیرو شیطان کہہ کر اتحاد کی دعوت دے رہی تھیں ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ نبیؐ کی بیٹی آ کر برملا اعلان کرتیں کہ خبر دار میرے باباؐ کے بوڑھے صحابی ہیں ان کا احترام کرو ان کا ساتھ دو ان سے ملکر دین اسلام کو پھیلاؤ میرے باباؐ کے سسر ہیں میرے نانا ہیں ان سربراہان سے ہر ممکن تعاون کرو؟

https://downloadshiabooks.com/

۶: مخالفین تبراء چاہتے ہیں کہ تبرائی آیات کے معنی و مفہوم کو نہ سمجھیں خبیثوں کے بارے میں وارد روایات معصومین علیہم السلام کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیں وہ آیات قرآنیہ جن کی تاویل سربراہان سقیفہ کے بارے میں ہوئی ہیں اس پر خط بطلان کھینچ دیں قرآن کی مخالفت کریں اور ان بیانات کی بھی مخالفت کریں جو ائمہ طاہرین علیہم السلام نے بیان کی ہیں ان بیش بہا خزانوں کو اندھی کوٹھری میں بند کر دیں جو ہزاروں بلاؤں کو جھیل کر قتل وغارت سے بچتے بچاتے اصحاب مخلص و روایان قوت و صراس کے ماحول کے باوجود بڑی امانت داری کے ساتھ ہم تک پہنچایا ہے خون دل پی کر نقل کیا ہے جان ہتھیلی پر رکھ کر ہم تک پہنچایا ہے یہ اہل بیت علیہم السلام کے چاہنے والوں سے کبھی نہیں ہو گا تقیہ کے بہانے حقائق کا کتمان ممنوع ہے روایات کے صدور کے یقین کے بعد ان کی ٹھنڈی تاویلیں قدغن ہیں اپنے بچوں نوجوانوں کو عقائد حقہ سے روشناس کرانا کہ جس کا ایک حصہ دشمنان خدا سے برائت و بیزاری ہے تمام دشمنان اہل بیت علیہم السلام پر واجب ہے۔

۷: تبراء کے مخالف آیت اتحاد کو بھی صحیح سے نہیں سمجھ پا رہے ہیں وہ "لا تفرقوا" تک پہنچ گئے "واعتصموا" میں اٹک گئے ہیں مگر قرآن نے صرف لا تفرقوا کہا ہے کیا اس سے پہلے واعتصموا نہیں ہے اعتصام و تمسک کا امر بھول کر تفرقوا کی نہی سے چھیڑ خانی کرنے کا حق کس نے دیا ہے جمیعا کی قید پہلے ہے اور امر اعتصام سے متعلق ہے لا تفرقوا سے نہیں ہے اتحاد کے ساتھ جمیعاً کی قید ہے مگر ہم کو محور اتحاد تو معلوم ہونا چاہیئے اگر لا تفرقوا : تفرقہ سے نہی وجوب رکھتی ہے تو پھر واعتصموا کا امر و دستور بھی وجوب پر دلالت کرتا ہے ؟!

https://downloadshiabooks.com/

اسی آیت کے ذیل میں امام محمد باقر علیہ السلام کی کیا بہترین حدیث وارد ہوئی ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول خداؐ کو خوب پتہ تھا کہ امت تفرقہ کا شکار ہو گی ایک بار نہیں بارھا تفرقہ و انتشار کی گھنٹی رسول خداؐ نے اصحاب کے درمیان بجائی تھی اور اصحاب بھی خوب اچھی طرح جانتے تھے کہ بعد رسولؐ ہنگامہ ہونے والا ہے پارٹیاں بننے والی ہیں لڑائی جھگڑے ہونے والے ہیں خدا کو بھی اعلم ازل تھا کہ میرے رسولؐ کے بعد اس کے اپنے چاہنے والے بکھر جائیں گے لہذا پیش بندی لازم ہے خدا کے واحد نبیؐ خاتم کو مرکز اتحاد کی تبلیغ کا حکم دے دیا امام باقر علیہ السلام کے الفاظ میں سنیں فرماتے ہیں " ان اللہ تبارك و تعالی علم انهم سیفرقون بعد بینهم و یختلفون" خدا کو پتہ تھا کہ اپنے نبیؐ کی آنکھ بند ہونے کے بعد نہ صرف انتشار کا شکار ہو جائیں گے بلکہ پارٹی بندی کر کے خوب ایک دوسرے کے خلاف یلغار کریں گے لہذا "نهاهم اللہ عن التفرق کما نهی من کان قبلهم " تو خداوند نے انہیں افتراق و انتشار سے اسی طرح منع کیا جس طرح سے ان سے قبل والوں کو منع کیا تھا مطلب یہ کہ تفرقہ کی بیماری پرانی ہے اور ہر قوم اپنے نبیؑ کے بعد اسی مرض مبتلا ہوئی ہے اور بیماری لاحق ہونے سے پہلے ہی خدا نے دواء کا بندوبست کر دیا تھا وہ دواء اور ٹیبلٹ کیا تھا جو اس بیماری انتشار کا جڑ توڑ علاج کر سکتا تھا ہر نبیؑ کا وصیؑ و جانشین برحق، جناب موسی اولوالعزم صاحب کتاب و صاحب شریعت نبیؑ کے بعد قوم جناب موسیؑ ۷۱ فرقوں میں بٹی سارے ہلاک یوشع بن نون کی پارٹی نجات یافتہ، جناب عیسیؑ اولوالعزم صاحب کتاب صاحب شریعت نبی کے بعد قوم عیسیؑ ۷۲ فرقوں میں بٹی سارے ہلاک شمعون الصفا کی پارٹی نجات یافتہ، حضرت رسول خداؐ خاتم النبیین خاتمۃ الشریعۃ خاتمۃ الکتاب خاتمۃ الادیان کے بعد قوم نبی محمدؐ ۷۳ فرقوں میں بٹنی ہے افتراق ہونا ہے آپ چاہے جتنی کوشش اتحاد و وحدت کر لیں قدرت کا لکھا مٹا نہیں سکتے نبیؐ کا

https://downloadshiabooks.com/

فرمان محو نہیں کر سکتے قرآن و احادیث کا بیان ٹل نہیں سکتا یہ قوم ۷۳ فرقوں میں بٹنی ہے بس ایک پارٹی نجات یافتہ ہے اس پارٹی کے لیے کنوسنگ کیجئے اسی مرکز اتحاد پر زور دیجئے کہاں قرآن نے اتحاد المسلمون اخوۃ کہا ہے ''انما االمومنون اخوۃ'' ہے بھائی چارگی شیعوں میں پیدا کرنے کی بجائے کیوں ان کو سقیفائی بتوں کی پوجا کی دعوت دی جارہی ہے۔

رسول خداؐ کے اوپر افتراء پردازی کرنے والوں پر خدا اور رسول خداؐ و مومنین کی لعنت ہوتی ہے اور جو رسول خداؐ پر بہتان باندھے وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ سمجھ لے ایسی حدیثوں کے بعد آشکار ہو جاتا ہے کہ خبیث اول اور اس کی بیٹی جہنمی ہیں اور جہنمیوں پر لعنت و تبراء جائز ہے جناب رسول خداؐ کے نزدیک سب سے زیادہ پیارا شخص مردوں میں حضرت علی علیہ السلام اور خواتین میں حضرت فاطمہ الزہراء سلام اللہ علیہا تھے لیکن ان بزرگواروں کی عظمت کو گھٹانے کے لیے اور دوسرے غاصبوں کو محترم ظاہر کرنے کے لیے حدیثیں گھڑی گئیں انہیں حدیث میں سے ایک حدیث جسے بیہقی نے اپنی سنن میں، ذہبی نے اپنی لسان المیزان میں حاکم نے مستدرک میں لکھا ہے کہ عمرو عاص سے مروی ہے کہ میں نے رسول خداؐ سے عرض کیا "یا رسول اللہ من احبّ الناس الیك؟ فقال عائشة" اے اللہ کے رسولؐ! یہ بتلایئے کہ آپ کو لوگوں میں سب سے پیارا کون ہے؟ تو جناب رسول خداؐ نے فرمایا عائشہ اور جب عمرو عاص نے پوچھا کہ مردوں میں سے سب سے پیارا کون ہے؟ تو آنحضرتؐ نے فرمایا "ابوھا" اس کا باپ۔

اس حدیث کو حدیث نہیں خرافات میں سے ایک کہنے کے لیے یہی کافی ہے کہ عمرو عاص جیسے فاسق و فاجر شرابی جواری کے سامنے رسول خداؐ جیسا غیور انسان اپنی زوجہ کا نام لینا گوارا نہیں کر سکتا چہ جائے کہ اس سے پیار و محبت کو ایسے فاسق و فاجر کے سامنے برملا کرے خیر ہمیں کیا! دونوں باپ بیٹی کو عمرو عاص کی زبانی رسول خداؐ پر یہ تہمت مبارک ہو۔

عائشہ ہو یا حفصہ دونوں گھوڑیاں رسول خداؐ کو بہت تنگ کیا کرتی تھیں سورہ تحریم کی ابتدائی آیتیں ان دونوں کی ایذا رسانی پر بہترین دلیل ہیں نبی کریمؐ اور ان کے اہل بیت علیہم السلام کو اذیت دینے والی ان ملعونات پر خدا اور رسول خداؐ اور مومنین کی تا قیامت لعنت ہو۔

https://downloadshiabooks.com/

نبی کریمؐ پر جعلیات کی بھر مار تو خود ان کے زمانہ میں ہی ہو گئی تھی اور بقول امیر المومنینؑ پیغمبر خداؐ کو کھل کر خطبہ دینا پڑا کہ جو میرے اوپر افتراء پردازی کرے گا وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ سمجھ لے پیغمبر خداؐ پر افتراء پردازیوں میں سے ایک یہ ہے کہ آپ نے فرمایا ہے "لو لم ابعث فیکم لبعث عمر" اگر میں تمہارے درمیان مبعوث نہ کیا جاتا تو یقیناً عمر تمہارے درمیان مبعوث ہوتے یعنی وہ خاتم النبیین و سید المرسلین اولوالعزم نبی ہوتے، جب ہم یہ کہتے ہیں کہ مولا امیر المومنین علی علیہ السلام اولوالعزم پیغمبروں سے افضل ہیں اور دلیلیں بھی ذکر کرتے ہیں تو سنی وہابی سلفی مخالفین کہتے ہیں کہ ہم علی علیہ السلام کو بڑھا رہے ہیں جبکہ یہی بدبخت لوگ رسول خداؐ پر افتراء پردازی کرتے ہوئے عمر کو سید المرسلین خاتم النبیین سارے اولوالعزم پیغمبروں سے برتر ثابت کرنے والی جعلی حدیث دھڑلے سے اپنی کتابوں میں نقل کرتے ہیں اور اس پر اعتبار بھی کرتے ہیں۔

اس روایت میں شک و تردید کا پہلو بظاہر نہیں ہے لیکن دوسری جعلیات میں رسول خداؐ کو مشکاک اور اپنی نبوت پر ہی ایمان و اعتقاد میں ڈانواں ڈول ظاہر کیا گیا ہے کنز العمال حدیث نمبر ۳۲۷۴ میں رسول خداؐ کی طرف منسوب ہے کہ "ما احتبس نمی الوحی الا ظننته قد نزل علی عمر" جب کبھی وحی کا سلسلہ مجھ سے ٹوٹا یا تاخیر سے جبرئیلؑ آئے تو میں نے ان دنوں یہی گمان کیا کہ عمر کے اوپر وحی کا نزول تو نہیں شروع ہو گیا ہے روایت کے ایک فقرے میں اس طرح بھی آیا ہے "ما ابطأعنی جبرئیل الا ظننت انه قد بعث الی عمر" جبرئیلؑ نے جب بھی میرے پاس آنے میں تاخیر کی میں نے یہی سمجھا کہ جبرئیلؑ کو عمر کی طرف مبعوث کیا گیا ہے یہ جملہ بول رہا ہے

https://downloadshiabooks.com/

کہ نبی سوء ظن کرتے تھے جبرئیلؑ کو خائن سمجھتے تھے یا پھر رسول خداؐ، خدا پر ایمان نہیں رکھتے تھے کہ خدا نے انہیں خاتم النبیینؐ وسید المرسلین اور سید اولوالعزم نبیؐ قرار دیا ہے۔

عمر کا بھی باپ تھا:

اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ ثانی بڑا بد جنس، خبیث اور لئیم ملعون تھا لیکن اس کے اوپر بازی مار لے جانے والا پہلا کتا عمر سے بھی زیادہ چالاک تھا بلکہ عمر کو بھی اس نے داو دے دیا تھا ایک روز کسی نے عمر سے پوچھا حضور یہ فرمائیں کہ سب سے زیادہ دھوکہ باز کون شخص ہے؟ اس کے سوال کا مطلب یہ تھا کہ بہت سے لوگ دھوکہ باز ہیں لیکن اس میدان کا سپر اسٹار کون ہے تو عمر نے صاف لفظوں میں کہا ابو بکر مطلب یہ کہ اس نے مجھے بھی مات دے دی ہے میں تو سب سے بڑا دھوکے باز، مکار ہوں لیکن ابو بکر نے مجھے بھی دھوکہ دے کہا ہوا یوں کہ رات میں یہ طے پایا تھا کہ سقیفہ میں بہت سی گفتگو کے بعد بالآخر میں ہاتھ بڑھادوں گا اور تم میرے ہاتھ پر بیعت کر لینا لوگ تو سقیفائی پارٹی کی بنیاد پر سب میری بیعت کرلیں گے میں نے ایسا ہی یا موقع سے اپنا ہاتھ بڑھایا تو اس ملعون نے تجاہل سے کام لیا اور مجھے منہ کی کھانی پڑی ناچار میں نے اپنا ہاتھ سمیٹ لیا اور لوگوں نے جب اس کی بیعت کی آواز لگائی تو مجھے بھی بیعت کرنی پڑی اس روز اس نے مجھے چونا لگایا تھا۔ ایک تحقیق یہ ہے کہ ابو بکر کو عمر نے وقت سے ہی جہنم رسید اس لیے کر دیا تھا اس روز کی خفس باقی تھی اور یہ حکومت پر قبضہ بھی کرنا چاہتا تھا۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۳۲

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے مکتوب میں جسے آپ نے اپنے شیعوں کے نام تحریر فرمایا ہے اس میں فرماتے ہیں "احبوا فی اللہ من وصف صفتکم وابغضوا فی اللہ من خالفکم" راہ خدا میں اور خدا کے لیے بس اس سے محبت کرو جو تمہاری طرح اوصاف کا حامل ہے مطلب مولائی اور حق کا شیدائی ہے اور بغض وعناد رکھو خدا کے لیے ہر اس شخص سے جو تمہارا مخالف ہے یہاں مخالف سے مراد کسی سے جھگڑا ہو جائے وہ مومن مراد نہیں ہے بلکہ مخالف عقیدہ ولایت مراد ہے جو اہل بیت علیہم السلام سے بے گانہ ہے انکی راہ وروش کا مخالف ہے ایسے اشخاص سے بغض رکھنے کا حکم ہے یہ وہ دستور ہے جسے امام صادق علیہ السلام نے تحریری طور پر شیعوں کے پاس بھیجا ہے اور اس مکتوب کو شیعہ لوگ اپنے سجادوں اور محرابوں میں رکھتے تھے اور اس کا بار بار مطالعہ کرتے تھے اور یہ روز کا مشغلہ تھا کاش ہم بھی اس کے پابند ہو جائیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام مخالفین سے بغض رکھنے کا حکم دے رہے ہیں اور پھر فرماتے ہیں دیکھو محبت و مودت اور اچھا مشورہ اور خیر خواہی بس اسی کے لیے ہو جو تمہارے جیسا ہو یعنی مومن ہے اور "لا تبذلوھا لمن رغب عن صفتکم و عادا کم علیھا و بغاکم الغوائل" اور خبر دار جو مخالفین ہیں اور تمہارے جیسے اوصاف نہیں رکھتے ان کو پیار نہ دینا اس سے مودت و محبت نہ کرنا جنہوں نے تم سے ولایت اہل بیت علیہم السلام کی خاطر دشمنی کی ہے اور تمہارے لیے طرح طرح کی دشمنی کے ہتھکنڈے استعمال کیے ہیں خبر دار ان سے دوستی کا دم نہ بھرنا خبر دار جس سے دشمنی کرنا چاہیئے ان سے دوستی نہ کر بیٹھنا جو تمہارے حق میں اچھا نہیں

سوچتے خبر دار ان سے دوستی کا ہاتھ نہ بڑھانا بلکہ ان سے بغض و کینہ رکھنے کا دستور امام جعفر صادق علیہ السلام دے رہے ہیں اور پھر فرماتے ہیں "ھذا ادبنا ادبُ اللہ فخذوا بہ" یہ ہم اہل بیت علیہم السلام کا ادب اور ہماری ثقافت و کلچر ہے اور یہی اللہ کا ادب ہے یعنی وہ بھی دشمنوں سے دشمنی اور ہمارے دوستوں سے دوستی و محبت کرتا ہے لہذا تمہیں چاہیئے کہ ادب الٰہی اور ثقافت اہل بیت علیہم السلام کو مضبوطی سے تھام لو۔

اس خط میں امام صادق علیہ السلام مخالفین کے ساتھ از روئے تقیہ اٹھنے بیٹھنے کا حکم دیتے ہیں مگر بڑی ہوشیاری کے ساتھ کیوں؟ وجہ امام صادق علیہ السلام کی زبانی سنیے "ولولا ان اللہ تعالی یدفعھم عنکم لبسطوا علیکم" اگر اللہ عزوجل تم سے ان کے شر کو دور نہ کرتا رہتا اور ان کی چالبازیوں اور سازشوں کو ناکام بناتا نہ رہتا تو وہ لوگ تم کو کچل ڈالتے نیست و نابود کر ڈالتے تمہیں قابو میں کر کے ختم کر ڈالتے بس تقیہ کے ساتھ سے ان کے درمیان اٹھو بیٹھو اس لیے کہ ان سے ملکر رہے بغیر چارہ نہیں ہے ان کے دل میں تمہاری طرف سے نفرت ہے بغض ہے بھلے ہی وہ تم سے ہنس کر بات کریں امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں " و ما فی صدورھم من العداوۃ والبغضاء اکثر مما یبدون لکم" ان کے سینوں میں تمہارے لیے دشمنی و کینہ اس سے کہیں زیادہ بھرا ہوا ہے جتنا کہ وہ اظہار کر دیتے ہیں۔

شہید ثانیؒ نے آیت کریمہ "ولا تسبوا الذین یدعون من دون اللہ فیسبوا اللہ عدواً بغیر علمٍ" " گالی مت دو ان کو جن کو یہ اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہیں مبادہ وہ عداوت اور نادانی میں اللہ کو برا کہنے لگیں" کے سلسلہ میں یہ فرمایا ہے کہ غیبت کے امکانات فراہم کرنے والے لوگ بھی غیبت کے گناہ میں شریک ہیں پھر مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں روز جمعہ، نماز جمعہ میں شریک

https://downloadshiabooks.com/

ہونے کے لیے غسل جمعہ، مستحب ہے، ناخن کاٹنا، مستحب ہے، مونچھ تراشنا، مستحب ہے بال کاٹنا ، مستحب ہے اور دیگر مستحبات کا حکم ہے جس طرح ایک بادشاہ کے پاس جانے کے لیے تمام تر نظافت و زینت کے ساتھ حاضر ہوا جاتا ہے اسی طرح بارگاہ خداوندی میں جس قدر زیادہ توقع لیکر جا رہا ہو اسی حساب سے زیادہ تیاری کے ساتھ حاضر ہونا چاہیئے اور دربار خداوندی میں حاضر مومنین کی اذیت کا باعث بننے والی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے اگر بدبو دار لباس یا جسم کے ساتھ حاضر ہو گا تو لوگ اس کی غیبت کریں گے کیونکہ بدبو کو سبھی ناپسند کرتے ہیں اور اسی طرح اس غیبت میں سب شریک ہو جائیں گے اور پھر اس آیت کریمہ کو ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ غیر خدا کی عبادت کرنے والوں کو تم برا کہو گے تو وہ جہالت میں زبان درازی کرتے ہوئے اللہ کو گالیاں دیں گے مطلب یہ ہے تم سبب بنے ہو کہ اللہ کو جاہل لوگ نادانی و دشمنی میں گالیاں دیں[52]۔

پہلا تبرائی دستور:

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام گہوارے میں تھے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ان کے گہوارے کے پاس کھڑے دیر تک امام موسی کاظم علیہ السلام سے سرگوشی فرما رہے تھے امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی یعقوب سراج یہ ماجرا دیکھ رہے تھے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے یعقوب قریب آؤ اور اپنے مولا و آقا (گہوارے میں امام موسی کاظمؑ) کے پاس آ جاؤ اور میرے لال اور اپنے امام سے ملاقات کر لو یعقوب سراج کہتے ہیں کہ حکم امام صادق علیہ السلام کی تعمیل کرنے کے لیے میں گہوارہ امام کاظم علیہ السلام سے قریب ہوا اور

52۔ رسائل الشھید الثانی، ص ۱۶۲۔

https://downloadshiabooks.com/

گہوارے میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو سلام کیا تو امام کاظم علیہ السلام نے بزبان فصیح جواب سلام عطا کیا اس کے بعد مجھ سے فرمایا "اذھب فغیّر اسم ابنتك التی سمّیتھا امس" جاؤ اپنی بیٹی کے نام کو بدل دو جسے تم نے کل رکھا ہے امام کاظم علیہ السلام ابھی بظاہر امام نہیں ہیں کیونکہ امام جعفر صادق علیہ السلام باحیات ہیں لیکن گہوارے سے پہلا حکم اور پہلا دستور صادر فرما رہے ہیں اپنے بابا امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی کو کہ جا کر اپنی بیٹی کا نام تبدیل کر دو اور یہ بھی بتلایا کہ یہ نام تم نے کل ہی رکھا ہے اور تمہارے یہاں بیٹی پیدا ہوئی ہے مگر جو نام تم نے اپنی بیٹی کے لئے طے کیا ہے وہ اللہ اور اوٴلیاء الٰہی کو ہرگز پسند نہیں ہے مومن کو ہرگز کسی دشمن خدا اور رسولؐ و معصومین علیہم السلام کے نام پر نام نہیں رکھنا چاہیے چہ جائے کہ اس کے کام کو اپنائے اور پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ خود معصومین علیہم السلام اپنے بچوں کے نام سر سخت دشمنان معصومین علیہم السلام کے نام پر رکھیں گے مگر یہ کہ تقیہ کا موقع و محل ہو۔

حضرت امام کاظم علیہ السلام نے نام تبدیل کرنے کی وجہ بھی بتلائی "فانه اسم یبغضه الله" یہ وہ نام ہے جس سے خداوند متعال نفرت کرتا ہے جب خدا نام سے نفرت کرتا ہے تو ان کے کام سے اور ان کے برے کردار سے کس قدر نفرت کرتا ہو گا خداوند متعال تمام محبان اہل بیت علیہم السلام کو دشمنان معصومین علیہم السلام کے منحوس ناموں اور کاموں میں ملوث ہونے سے محفوظ رکھے۔ آمین

جناب یعقوب سراج کہتے ہیں کہ امام کاظم علیہ السلام کا دستور صادر ہوا تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا "انتہ الی امرہ ترشد" اے یعقوب !ولی خدا اپنے مولا و آقا

https://downloadshiabooks.com/

کے دستور کی پابندی کرو حکم کو بجالاؤ دستور کا امتثال کرو کہ اگر تم ایسا کرتے ہو تو ہدایت یافتہ ہو جاؤ گے۔

ائمہ طاہرین علیہم السلام دشمنان خدا اور رسولؐ کے ناموں سے ہماہنگی تو ناپسند کرتے ہیں ان سے میل بیوہار کو کیا پسند کریں گے، ان کے کرتوت سے کس قدر نفرت کرتے ہوں گے لہذا ہمیں صرف نام سے نہیں بلکہ ان کے کام سے بھی نفرت کرنی چاہیے اور ان سے مصلحتی و تقیہ ای تعلقات سے ھٹ کر کوئی سروکار نہیں رکھنا چاہیے یاد رہے کہ صدر اسلام کے سر پھرے حکمراں خبیث اول کی منحوس بیٹی "حمیراء" کے نام پر یعقوب سراج نے اپنی بیٹی کا نام رکھا تھا اور یہ بھی یاد رہے کہ اس ملعونہ کا جو اصل نام تھا اس کو بھی نہیں رکھا تھا بلکہ رسول خداؐ کی طرف پسندیدگی کی نسبت دئے جانے والے نام "حمیراء" کے لفظ کو یعقوب سراج نے انتخاب کیا تھا مگر امام کاظم علیہ السلام نے اس نام سے بھی منع کر دیا جس سے دو بات عیاں ہو جاتی ہے ایک تو یہ کہ اس ملعونہ کا بروزن فاحشہ نام، کس قدر منحوس ہو گا اور اس سے عقیدت و محبت کا دم بھرنے والوں سے کس قدر امام کاظم علیہ السلام کو نفرت ہو گی اس کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا دوسری بات یہ ہے کہ یہ ہو ہی نہیں سکتا رسول خداؐ از روئے خوشنودی لفظ "حمیراء" استعمال کرتے رہے ہوں یہ کیسے ممکن ہے کہ رسول خداؐ کے ساتویں جانشین اس نام سے اس قدر نفرت و بیزاری کا اظہار کریں، صحابی کی بیٹی کے نام کو بدلوا رہے ہیں اور رسول خداؐ اسی نام کو بخوشی پکار رہے ہوں ہر گز نہیں، یقیناً اس طرح کی روایات یا تو سرے سے باطل ہیں یا پھر رسول خداؐ از روئے خوشی نہیں بلکہ از روئے واقع اسی نام سے پکارتے رہے ہوں کہ تاریخ داں لوگ یہ نہ لکھ دیں کہ بڑی گوری چٹی تھی نہیں حقیقت امر یہ ہے کہ زیادہ تر نجاست میں مبتلا رہتی تھی اور چہرہ بھی گورا نہیں سرخ رہتا تھا جو قابل تعریف نہیں

https://downloadshiabooks.com/

بلکہ تنقیص کا باعث ہے اور حقیقت میں خوبصورت رہی بھی ہوے ن بھی منحوس کردار اور حجت خدا سے لڑنے والی ''باغیہ'' سے اظہار محبت کیسی ؟

بہر حال یعقوب سراج اپنے گھر لوٹے اور اپنی بیٹی کا نام تبدیل کر دیا جس سے ہمیں یہ سبق ملا کہ دشمنان خدا او دشمنان معصومین علیہم السلام سے نام میں بھی ہمآہنگی نہیں ہونی چاہیے کام میں یکسانیت اور اتفاق و اتحاد تو بڑی دور کی بات ہے اور اسی روایت کی بدولت ہمیں بھی یہ پتہ چلا کہ حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام نے گہوارے سے کون سا دستور امامت پہلے پہل صادر فرمایا ہے حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام کے چاہنے والوں کو ہرگز مخالفین کے نام، کام اور انجام سے سے کوسوں دور رہنا چاہیے۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۳۳

وقیعہ کے معنی گالی دینا، غیبت کرنا، عیب لگانا تین معنی وقیعہ کے ذکر ہوئے ہیں گالی چونکہ اہل بیت علیہم السلام نے خود منع کر دی ہے تو ان کے الفاظ میں استعمال وقیعہ کو گالی سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا مگر برا بھلا اور لعن طعن کا معنی لیا جائے گا غیبت وہ حرام کام ہے جس سے اہل بیت علیہم السلام نے خود سختی کے ساتھ منع کیا ہے لہذا ان کے کلام میں استعمال شدہ ''الوقیعہ'' کا غیبت کرنا معنی نہیں ہو سکتا لیکن سامنے والا اس قدر فاسق و فاجر ہو کہ اس کی غیبت، غیبت نہ رہ جائے تو پھر وقیعہ کا معنی غیبت کے بجائے ملامت و سرزنش لیا جائے گا کسی مرد مومن کو تہمت دینا اس پر غیبت لگانا اس کے اوپر افتراء پردازی کرنا اہل بیت علیہم السلام نے سختی سے منع کیا ہے تو پھر ان کے کلام سے یا ان کی شان میں ذکر کلمہ وقیعہ کا ترجمہ عیب جوئی یا عیب تراشی نہیں کیا جائے گا بلکہ یا تو طرف مقابل مومن نہیں ہے یا پھر وہ اس قدر منحوس ہے کہ اس کے سلسلہ میں عیب عیب نہیں بلکہ حقیقت ہے جسے برملا ہونا چاہیے اور اس کی ترویج و تشہیر ہونی چاہیے تاکہ دوسرے لوگ دھوکہ نہ کھائیں اور اس کی بعض اچھائیوں کے جال میں نہ پھنس جائیں۔

حبہ بن جوین کا بیان ہے کہ ایک شخص نے سعد بن ابی وقاص، عمر سعد ملعون کے باپ سے آکر کہا کہ ''ان علی ابن ابی طالب یقع فیك'' حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام تمہاری برائی کرتے ہیں تمہیں برا بھلا کہتے ہیں تمہاری سرزنش کرتے ہیں غیبت عیب اور گالی کا ترجمہ یہاں ممکن نہیں ہے تم پر لعن طعن کرتے ہیں تم سے تبراء کرتے ہیں تم سے بیزاری کا اعلان کرتے ہیں یہ سب ترجمہ درست ہیں اس نے برائی و بیزاری کی وجہ بھی بیان کی وہ کہتا ہے ''

https://downloadshiabooks.com/

لتخلفك يوم الجمل" اس لیے کہ تم نے جنگ جمل کے دن حضرت علی علیہ السلام کا ساتھ چھوڑ دیا تھا اور ام المومنین سے جنگ کرنے کے لیے باہر نہیں نکلے تھے اس لیے علی ابن ابی طالب علیہ السلام تمہاری مذمت کرتے ہیں تمہاری سرزنش کرتے ہیں تم سے نفرت و برائت کا اعلان کرتے ہیں سعد بن ابی وقاص کوئی دلیل، کوئی مناسب توجیہ، کوئی معقول عذر نہیں پیش کر سکا اور نہ ہی پلٹ کر مولا کی شان میں کوئی جسارت کر سکا بلکہ اپنے اقدام کی شخصی رائے اور خواہ مخواہ کی باتیں بنا کر مولا کا قصیدہ پڑھنے پر مجبور ہو جاتا ہے اور اپنی حرص و طمع اور واہ واہی کا خواہاں ہوتے ہوئے بولتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو تین ایسی خصوصیتیں حاصل ہیں کہ ان میں سے ایک بھی مجھے حاصل ہو جاتیں تو میرے لیے دنیا و مافیھا سے زیادہ پسندیدہ تھیں، اے عقل کے اندھے جب تو جانتا ہے کہ علی ابن ابی طالب علیہ السلام ایسی خصوصیت کے حامل ہیں تو ساتھ دیکر دین کا بول بالا کرنے اور باطل کو ٹھکانے لگانے میں مددگار کیوں نہیں بنا؟!

ان تین خصلتوں میں سے ایک یہ کہ غدیر خم میں رسول خداؐ نے علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو مولا بنایا اور اعلان کر دیا کہ خدایا جو علیؑ سے دوستی و مودت کرے تو اس سے محبت کر اور جو ان سے دشمنی و عداوت کرے تو اس کا دشمن ہو جا، اے عقل کے اندھے سعد ابن ابی وقاص، جمل میں مولا کا ساتھ نہ دے کر تو کون سی دوستی نبھا رہا تھا؟ کیا علی ابن ابی طالب علیہ السلام ،رسول خداؐ کی طرح تیرے مولا و آقا نہیں تھے تو نے اپنے مولا و آقا کی بات کیوں نہیں سنی یا ام

https://downloadshiabooks.com/

المومنین کے خلاف تیرے اندر جنگ و جدال کی قدرت وطاقت ہی نہیں تھی یا کچھ اور دال میں کالا تھا[53]۔

تبرا، مومن کی علامت:

بغض و کینہ بذاتہ ناپسندیدہ عمل نہیں ہے بلکہ اپنے متعلقات کے اعتبار سے کبھی کبھی پسندیدہ عمل کہلاتا ہے ہو سکتا ہے کہ بغض و کینہ اور عداوت و دشمنی محبوب ترین فعل اور پسندیدہ ترین شخص کی علامت بن جائے خاندان سید المرسلینؐ نے بھی یہ حسین و جمیل کام خود بھی کیا ہے اور حکم بھی دیا ہے بلکہ اس عمل کو پکے مومن کی علامتوں میں سے ایک علامت ونشانی قرار دیا ہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں" ثلاث من علامات المومن" مومن و صاحب ایمان و ایقان کی بہت سی علامتوں میں سے تین علامتیں یہ ہیں کہ وہ اللہ کے سلسلہ میں علم و دانش سے مالا مال ہوتا ہے خدا کی ذات و حقیقت کو تو درک نہیں کیا جا سکتا لیکن مومن کو چاہیے کہ اس کے اوصاف حمیدہ وصفات جمیلہ کی شناخت رکھے، اس کی نعمتوں کا تذکرہ کرے اور مدح و ثناء خالق میں کوتاہی نہ کرے اور اللہ کے سلسلہ میں علم رکھنا اس کی معرفت رکھنا مومن کی علامت ہے اور اس کے صاحب ایمان ہونے کی نشانی ہے۔

دوسری علامت یہ ہے کہ اسے کن کن لوگوں سے دوستی کرنا چاہیے وہ کون کون سے لوگ ایسے ہیں کہ جن سے الفت مودت اور محبت کرنی چاہیے یعنی محبان خدا و دوستان الہی کے اسماء وصفات سے بھی واقف ہونا چاہیے کیونکہ جس سے دوستی رکھنی ہے اگر اس کی معرفت و شناخت

53۔ مناقب ابن سلیمان کوفی، ج ۲، ص ۱۵۱۔

https://downloadshiabooks.com/

سے ہی انسان بے بہرہ ہو تو یہ ایمان کی علامت نہیں ہے اِیمان کی نشانی یہ ہے کہ جس سے دوستی رکھنی ہے جس سے دل لگانا ہے جس پر شیفتہ و فریفتہ ہونا ہے ان کے حالات زندگی ان کے کرامات ،فضائل و معجزات اور ان کے افکار و خیالات سے واقفیت رکھے خلاصہ گفتگو یہ ہے کہ انبیاء و مرسلین اور محمد و آل محمد علیہم السلام کی معرفت رکھے صرف دعوائے محبت کافی نہیں ہے فضائل و معجزات آل محمد علیہم السلام اور ان کے حالات زندگی سے واقفیت بھی ضروری ہے تب جاکر محبت ومودت صحیح معنی پیدا کرے گا اور مومن واقعی کہلائے گا۔

تیسری علامت یہ ہے کہ ان ان مردوں اور ملعونوں کے حالات زندگی اور اب کے کرتوتوں سے آگاہ ہو جن سے مومن کو بغض و کینہ رکھنا ہے کیونکہ بغض و دشمنی صرف زبانی بر عمر لعنت نہیں ہے بلکہ جن جن سے دشمنی کرنا ہے جن جن کو لعن وطعن کرنا اور جن جن پر تبراء کرنا ہے انکی سوانح حیات ، واقعات اور کرتوت سے آشنائی بھی ہونی چاہیے حضرات اہل بیت علیہم السلام یہ چاہتے ہیں کہ مومن صرف ہماری خوبیوں سے ہی آشنا نہ رہے بلکہ ہمارے دشمنوں کی برائیوں ان کی منحوس زندگی اور شر و شرارت سے بھری گندی زندگیوں اور انکے ناہجار حالات سے بھی واقف ہو صاحب ایمان کے ایمان کی علامت یہ ہے کہ ظالموں، جباروں اور دشمنان خدا و رسول خداؐ اور دشمنانِ اہلبیت علیہم السلام کی تاریخ کے اوراق الٹے، دیکھے کہ ان خبیثوں نے کیا کیا جرائم کیے ہیں اور خاص طور سے اہل بیت علیہم السلام پر کیا کیا مصائب و آلام ڈھائے ہیں ان سے واقف ہو[54]۔

54۔ بحار الانوار، ج٦٦، ص٢٤٦۔

https://downloadshiabooks.com/

دشمن شناسی لازم ہے:

گویا امام جعفر صادق علیہ السلام فرمانا چاہتے ہیں کہ صرف ہماری حیات و کرامات سے واقفیت کافی نہیں ہے طائر ایمان کے پر پرواز کو اڑان بھرنے کے لیے دو پروں کی ضرورت ہے اور دوسرا پر پرواز ہمارے دشمنوں کے حالات انکے کرتوت اور ان کی خباثتوں سے آگاہی رکھنا ہے دوسرے لفظوں میں تبرا دوسرا پر پروازِ ایمان ہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے دشمن اول ابلیس سے لیکر آخری دشمن سفیانی تک کے حالات سے واقفیت کا اشارہ دیا ہے امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ خداوند متعال کا ارشاد گرامی ہے کہ میں نے اپنے بندوں پر دس فریضے لازم و واجب کیے ہیں اور اگر ان دس فریضوں کی شناخت جس بندے کو حاصل ہو جائے وہ بہشتی ہو جائے گا جن میں سے چھٹی چیز جس کی شناخت بہشتی بننے میں لازم ہے وہ یہ ہے کہ میرے دشمن ابلیس اور اس کے چیلوں کی معرفت یعنی شیطان اور اس کے منحوس شاگردوں کے ہتھکنڈوں اور بہکانے کے طریقوں سے واقفیت جنت میں داخلے کی شرط ہے۔

ہمیں تاریخ ابلیس سے واقف ہونا چاہیے ہمیں اس کے چیلوں کی چالبازیوں سے آشنا ہونا چاہیے ہمیں صرف یہ جان لینا کافی نہیں ہے کہ ابلیس بھی کوئی موجود ہے نہیں بلکہ اس کی حقیقت اور سوانح حیات اور اس کے گمراہ کن حربوں سے واقفیت بھی رکھنی چاہیے یہ حدیث قدسی آشکار کر رہی ہے کہ ہمیں ابلیس نامہ بھی پڑھنا چاہیے اور صدر اسلام سے لیکر ہمارے زمانہ تک کون کون ابلیس کا چیلا رہا ہے اور کون کون شیاطین و ابلیس کی نمائندگی کرتے ہیں ان سب سے آشنائی جنتی بننے کی شرط ہے۔

https://downloadshiabooks.com/

حضرت امام صادق علیہ السلام کے الفاظ ملاحظہ ہوں فرماتے ھیں " السادسة معرفة عدوی ابلیس و ما کان من ذاته واعوانه' صرف میرے دشمن ابلیس کی معرفت کافی نہیں ہے بلکہ اس کے مدد گاروں قابیل سے لیکر نمرود و شداد فرعون وہامان وغیرہ سے ہوتے ہوئے خدا و رسول ؐ اور معصومین علیہ السلام کے دشمن، خلفاء جور، حکام بنی امیہ و بنی عباس سب کے کچے چٹے سے واقفیت مومن کی علامت اور جنت میں داخلے کی شرط ہے صرف تولا اور ولایت و معجزات و کرامات اولیاء سے آشنائی کافی نہیں ہے بلکہ تبراء کا بھی درس ہونا چاہیے خبثاء کی بھی تاریخ پڑھنی چاہیے اور دشمن اوّل ابلیس سے لیکر اس کے تمام اعوان و انصار کے کرتوت سے آگاہی ضروری ہے[55]۔

جناب سیدہ علیہا السلام نے چالیس دن تک انصار و مہاجرین کے دروازوں پر جا کر نصرت طلب کی ہے مگر کسی نے مدد نہیں کی علامہ مجلسیؒ نے کتاب اختصاص سے ایک روایت نقل کی ہے جسکے قائل حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہیں اس روایت میں ایک پہلو یہ بھی ہے کہ جناب رسول خدا ؐ نے فدک حوالے کرتے وقت باقاعدہ طور جناب ام ایمنؒ سے کہا تھا " یا ام ایمن اشھدی و یاعلی اشھد" مگر عمر ملعون نے جناب ام ایمنؒ کو ایک عورت کہہ کر کہ ٹھکرادیا اور مولا علی علیہ السلام کو یہ کہہ کر علی تو اپنی ہی روٹی سیکیں گے یہ کہہ کر ٹھکرادیا تھا جناب سیدہ علیہا السلام اس وقت ایک بد دعا کرتی ہوئے باہر تشریف لائی تھیں " اللھم انھما ظلما ابنة نبیك حقھا فاشدد وطآتك علیھما" خدایا ان دونوں ظالموں نے تیرے نبی ؐ کی بیٹی کے حق کو چھین لیا ہے لہذا پالنے والے تو ان دونوں کو سختی کے ساتھ شدت کے ساتھ کچل دے روندھ دے۔

55۔ بحار الانوار، ج٦٦، ص ١٣۔

https://downloadshiabooks.com/

جناب سیدہ علیہا السلام کی بد دعا درگاہ خدا میں اسی طرح مقبول و مستجاب ہے جس طرح ان کی دعائیں مستجاب ہیں ہم آپ ان کتوں پر لعن طعن اور تبراء کر کے جناب سیدہ علیہا السلام کی بد دعا کی استجابت کی علامت اور خدا کی نیابت میں ان ملعونوں کو ابھی لفظوں لعنتوں سے روندھ رہے ہیں کچل رہے ہیں حجت خداؑ کو آنے دیجیے پیروں سے بھی کچلیں گے روندھیں گے اور جناب سیدہ علیہا السلام کی مقبول بد دعا کو عملی جامہ پہنائیں گے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ چالیس روز تک جناب سیدہ علیہا السلام کو سوار کر کے امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کو لیکر امیر المومنین علیہ السلام ایک ایک دروازے پر نصرت طلبی کے لیے جاتے ہیں اور جناب سیدہ علیہا السلام کہتی ہیں "یا معاشر المهاجرين والانصار! انصروا الله وابنة نبيكم" اے گروہ مھاجرین و انصار! تمہیں کیا ہو گیا ہے اللہ کی مدد کرو اور دختر رسول اللہؐ کی مدد کرو پہلا فقرہ "انصروا الله" اللہ کی مدد کرو جناب سیدہ علیہا السلام اعلان کر رہی ہیں کہ میری مدد صرف میری مدد نہیں ہے بلکہ رسول خداؐ اور اللہ کی مدد ہے اگر تم میری مدد کرو گے تو خدا تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثبات قدمی عطا کرے گا مگر بقول امام جعفر صادق علیہ السلام "فما اعانها احد ولا اجابها ولا نصرها" کسی ایک بھی مہاجر و انصار نے حضرت زھراء علیہا السلام کی مدد نہیں کی مدد تو دور کی بات ہے صدائے زھراء علیہ السلام پر کسی نے لبیک تک نہیں کہا ظاہراً اکتالیسویں دن جناب سیدہ علیہا السلام معاذ بن جبل کے گھر پہنچ گئیں آپ نے معاذ سے کہا "یا معاذ بن جبل انی قد جئتك مستنصرة" اے معاذ میں تیرے پاس نصرف طلبی کے لیے آئی ہوں یہ کہہ کر جناب سیدہ علیہا السلام نے معاذ بن جبل کو ایک واقعہ اور حقیقت کی طرف متوجہ کیا آپ نے فرمایا معاذ تجھے کیا ہو گیا ہے تو نے رسول خداؐ سے بیعت

https://downloadshiabooks.com/

کرتے وقت کس عنوان سے بیعت کی تھی "قد بایعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی ان تنصرہ و ذریتہ" تو نے رسول خداؐ سے صرف ان کی مدد کے لیے نہیں بلکہ ان کی ذریت و اولاد کی نصرت پر بیعت کی تھی اور وہ بیعت بھی کیسی کہ تیرا دفاع رسول خداؐ اور ان کی ذریت سے ٹھیک ویسا ہی ہو گا جیسا کہ تو اپنی اولاد کے دفاع میں ڈٹ جاتا ہے اور اپنا دفاع کرتا ہے اے معاذ ابو بکر نے فدک غصب کر لیا ہے میرے وکیل کو فدک کے علاقہ سے نکال باہر کر دیا ہے۔

معاذ ملعون بولا "فمعی غیری" کیا میرے ساتھ آپ کے دفاع میں کوئی اور دوسرا بھی ہے جناب سیدہ علیہا السلام نے صاف لفظوں میں کہہ دیا "لا ما اجابنی احد" نہیں میں نے بہت سے لوگوں اور مہاجرین و انصار سے نصرت طلب کی ہے کسی نے میری آواز پر لبیک نہیں کہا ہے میری کسی نے مدد نہیں کی ہے آج میں تیرے دروازے پر آئی ہوں مدد طلب کرنے کے لیے معاذ بولا تو پھر بھلا میں اکیلے آپ کی مدد کیسے کر سکتا ہوں بس یہ جملہ معاذ کے منہ سے نکلا تھا کہ جناب سیدہ علیہا السلام اٹھ کھڑی ہوئیں اور ایک جملہ زبان اقدس پر جاری کرتی ہوئی باہر نکل آئیں معاذ کا جوان بیٹا اسی وقت گھر میں داخل ہوا اس نے گھر میں داخل ہوتے ہی باپ سے پوچھ لیا کہ دختر رسول خداؐ کس سلسلہ میں آپ کے پاس آئی تھیں معاذ نے ابو بکر نے فدک غصب کر لیا ہے اسے واپس دلانے میں مجھ سے مدد مانگنے آئی تھیں بیٹے نے کہا تو آپ نے کیا جواب دیا معاذ بولا کہ میں نے کہہ دیا کہ میں ایک اکیلے کس طرح آپ کی نصرت کر سکتا ہوں بیٹے نے پھر تکرار کرتے ہوئے پوچھا کہ آپ نے انکی نصرت کرنے سے گویا انکار کر دیا معاذ نے کہا ہاں! بیٹا بولا کہ اس پر دختر رسول خداؐ نے آپ سے کیا کہا معاذ نے کہا کہ خدا کی قسم کھا کر یہ کہا اور چلی گئیں "واللہ لا نازعتك الفصیح من راسی حتی ارد علی رسول اللہ" بخدا قسم آج کے بعد تو میرے ذھن سے ایک جملہ

بھی نہیں سنے گا یعنی میں تجھ سے آج کے بعد بات نہیں کروں گی یہاں تک کہ رسول خداؐ کی خدمت میں پہنچ جاؤں۔

معاذ بن جبل کا بیٹا محب زھراء علیہا السلام تھا مولائی تھا باپ کو مخاطب کر کے جناب سیدہ علیہا السلام کے جملہ کو دہراتا ہوا گھر سے باہر نکل جاتا ہے بخدا قسم میں بھی تجھ سے گفتگو نہیں کروں گا یہاں تک کہ جناب رسول خداؐ کی خدمت میں پہنچ جاؤں" اذلم تجب ابنة محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" اس لیے کہ تو نے دختر رسول خداؐ کی آواز پر لبیک نہیں کہی ہے[56]۔

56۔ بحار الانوار، ج۲۹، ص ۱۹۲۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۳۴

حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام نے زندگی کے تمام مراحل کے لیے احکام بیان کیے ہیں اور کوئی شعبہ زندگی احکام شریعت سے خالی نہیں ہے پھر یہ کیسے تصور کیا جاسکتا ہے کہ دشمنوں سے تعامل کے لیے ان بزرگواروں نے کوئی حکم بیان نہیں کیا ہو گا قرآن مجید میں متعدد آیات اور اقوال معصومین علیہم السلام میں سیکڑوں احادیث اس گوشہ حیات سے متعلق موجود ہیں اور ائمہ طاہرین علیہم السلام نے عملی طور پر اس حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے دشمن خدا و دشمن اؤلیاء خدا سے نہ صرف نفرت ہونی چاہیے بلکہ عملی طور پر بھی ان سے دوری ہونی چاہیے اور حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام نے دشمنان خدا و دشمنان اؤلیاء خدا سے عملی طور پر نفرت و بیزاری کا اعلان اور ان کے اوپر تبراء کیا ہے۔

سبط ابن جوزی معروف سنی عالم ہیں جنہوں نے ۶۴۰ھ میں وفات پائی ہے ان کی معروف کتاب تذکرۃ الخواص ہے جس کے صفحہ ۱۰۲ پر لکھتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام بھرے مجمع میں سب کے سامنے اپنے قنوت میں پوری ٹیم پر جو کہ مستحق لعنت و تبرا تھی لعنت بھیجا کرتے تھے اور سبط ابن جوزی نے ان ملاعین کے نام بھی گنوائے ہیں معاویہ، عمرو ابن عاص، ابو الاعور سلمی، حبیب بن مسلمۃ فھری، عبد الرحمن بن خالد بن ولید، ضحاک بن قیس فھری، ولید بن عقبہ نیز ان کے علاوہ بہت سے منافقین اور بنی امیہ کے طلقاء کو شامل لعنت و تبراء کیا کرتے تھے۔

https://downloadshiabooks.com/

حبر الامۃ ترجمان القرآن ممدوح خاص و عام حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ کا بیان ہے کہ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام دعا صنمی قریش کو نماز شب کے قنوت میں پڑھا کرتے تھے میں نے یہ دعا حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو قنوت میں پڑھتے ہوئے سنا ہے پھر ابن عباسؓ نے دعا صنمی قریش کو شیعیان آل محمد علیہم السلام کے درمیان نقل و نشر فرمایا ہے۔

اس کے بعد سے یہ دعا ہر بزم و محفل میں نقل ہونے لگی علامہ شیخ قیس بہشت عطار کا کہنا ہے کہ یہ دعا دشمنان آل محمدؐ کے سلسلہ میں تبرا و برائت کے اہم مطالب پر مشتمل ہے خاص طور سے قریش کے دو بت یعنی ابو بکر و عمر اور ان کے حوالی موالی کے کرتوت پر مشتمل ہے پھر علامہ قیس فرماتے ہیں کہ "فانهما و اتباعهما اساس کل ما جری من مصائب و بلایا و اهتضام لآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" اس لیے کہ وہی دونوں اور ان دونوں کے پیروکار ان تمام مصائب و آلام اور حق محمد آل محمدؐ کے غصب ہونے کی بنیاد رکھنے والے ہیں اور آج تک جو موالیان آل محمدؐ پر مصائب و آلام توڑے جا رہے ہیں ان کی جڑ وہی دونوں ملعون ہیں۔

اس دعا کی دسیوں شرحیں لکھی گئی ہیں جن میں سب سے پرانی اور تفصیلی شرح علامہ سفرویہ کی ہے جن کا پورا نام عماد الدین اسعد اصفہانی تھا اور کنیت ابو السعادات تھی آپ سید اجل سید ابن طاؤسؒ کے استاد تھے اور سید نے آپکی بڑی مدح کی ہے ابن طوفی نے علامہ سفریہ اسعد اصفہانی زبردست شاعر، شعر شناس اور لغات عرب پر مہارت رکھنے والا بتلایا ہے اور بڑا ادیب گردانا ہے آپ نے زندگی کے آخری پانچ سال بغداد میں گزارے ۶۳۵ھ میں بغداد آئے اور ۶۴۳ھ میں وفات پائی، شاگردوں میں تین عظیم شخصیتیں قابل ہیں۔(۱) سید رضی ابن طاؤس ۶۶۴ھ (۲) خواجہ نصیر الدین طوسی ۶۷۲ھ (۳) کمال الدین میثم بحرانی ۶۷۹ھ۔

ایک اور بزر گوار جنہوں نے تبرائیات کے اوپر بڑا زبر دست کام کیا ہے علامہ عماد الدین طبر سی امامی ہیں اس بزر گوار نے بڑی کتابیں لکھی ہیں اور خاص طور سے تولا و تبراء کے اوپر اور امامت معصومین علیہم السلام کو ثابت کرنے کے لیے کتاب اسرار الامامة، الکفایة فی الامامة اور جوامع الدلائل والاحوال فی الامامة آل الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تالیف فرمائی ہے اس کے باوجود ان کا دل نہیں بھرا اور حضرات محمد و آل محمدؐ کے فضائل و معجزات اور کرامات کے اوپر ایک اور کتاب تالیف فرمائی اور اس کا نام مناقب الطاہرین رکھا۔

عماد الدین طبر سی خواجہ طوسی، محقق حلی صاحب الشرائع اور علامہ حلیؒ کے ہم عصر تھے فقہ و احادیث اور اصول دین و مذہب پر بھی کئی کتابیں لکھی ہیں لیکن دفاع از مذہب تشیع و اہل بیت علیہم السلام پر ان کی کتب پر جتنا ناز کیا جائے کم ہے علامہ عماد الدین طبری شیعی کے دونوں پر پرواز برابر سے قوی تھے انہوں نے تولا پر بھی خوب کام کیا اور تبراء پر داد سخن دیا ہے خود اپنی کتاب الکافی فی السقیفہ کے مقدمہ میں رقمطراز ہیں کہ " لما الّفت کتبی فی مناقب الطاهرین وهی بمجموعها فی التولی" "میں نے حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام کے مناقب و فضائل پر کئی کتابیں لکھی ہیں اور وہ سب کی سب تولی و ولایت اور بڑی عقیدت و مودت کا مظہر ہیں لہذا " لزمنی من ذلك ان اکتب کتباً فی التبری" تو ضروری ہوا کہ میں چند کتابیں تبراء و برائت کے سلسلہ میں بھی تالیف کروں۔

جناب شیخ عباس قمیؒ صاحب مفاتیح الجنان اس مقام پر حاشیہ لگاتے ہوئے فرماتے ہیں " و کلا الکتابین هما بمثابة السیف والرمح علی المخالفین " علامہ عماد طبریؒ کی دونوں کتابیں یعنی مناقب الطاہرینؑ بھی اور کامل البھائی بھی مخالفین کے اوپر لہراتی ہوئی تلوار اور حملہ آور نیزہ

https://downloadshiabooks.com/

ہے جناب شیخ عباس قمیؒ صرف مدح نہیں کر رہے ہیں بلکہ اپنا مافی الضمیر بھی اس تعریف کی آڑ میں آشکار کر رہے ہیں اور کیوں نہ ہو شیخ عباس قمیؒ صرف تولائیات والے نہیں ہیں انہوں نے تبرائیات کے اوپر بھی زبر دست کام کیا ہے منتہی الآمال کو ہم صرف دو جلدوں پر مشتمل سمجھتے ہیں لیکن علامہ شیخ عباس قمیؒ نے تتمۃ المنتھی بھی لکھی ہے جس میں اپنی تبرائیات کے جلوہ دکھائے ہیں میں نے اس کتاب کو خوب پڑھا اور استفادہ کیا ہے تتمۃ المنتھیٰ ایام عید زھراء سلام اللہ علیھا میں پڑھنے اور نقل کرنے کے لائق ہے۔

جناب شیخ عباس قمیؒ عماد الدین طبریؒ کے حالات زندگی کو رقم کرتے ہوئے فرماتے ہیں اس عظیم الشان انسان نے کامل البھائی کی تالیف ہے ۶۷۵ھ میں فراغت حاصل کی ہے مگر مجھے ان کی وفات اور محل قبر کا علم نہیں ہے حالانکہ اس قدر بزرگ عالم دین کی تاریخ وفات اور محل قبر کیونکر مبہم رہ گئی جائے تعجب ہے کتاب کامل بھائی ۱۲ سال کی مدت میں تالیف کی گئی ہے اور اس کتاب کے مطالب سے پتہ چلتا ہے کہ علامہ عماد الدین طبریؒ کے پاس تالیف کے وقت کتاب "فعلت فلاتم" جو کہ مثالب دشمنان محمد و آل محمد علیہم السلام ہے اور جس کے مؤلف علامہ ابو الجیش مظفر بن محمد خراسانی شیعی متکلم ہیں لگتا ہے کہ ان کے پاس یہ کتاب موجود تھی اسی طرح کتاب الحاویۃ جو کہ معاویہ کے کرتوت پر مشتمل ہے اور جس کے مؤلف سنی مگر دشمن معاویہ انسان جناب قاسم بن محمد ماموئی تھے موجود تھی علامہ عماد الدین طبریؒ بہت بڑے مناظر بھی تھے بروجرد میں انہوں نے مناظرات کیے ہیں۔

ٹھنڈی توجیہات:

خبیث ثانی نے منبر رسولؐ پر چڑھ کر براہ راست متعۃ الحج اور متعۃ النساء کو حرام قرار دیتے ہوئے کہا تھا "متعتان کانتا علی عهد رسول الله حلالین و انا احرمهما و اعاقب علیهما" دو قسم کے متعہ زمانہ رسول خداؐ میں حلال تھے میں ان دونوں کو حرام قرار دیتا ہوں اور ان دونوں کے مرتکب ہونے والوں کو سزا دوں گا ہ دیگ سے زیاد چمچہ گرم کے مصداق کچھ لوگ حکم رسول خداؐ کی صریحی مخالفت پر عمر کے قول کو توجیہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ در حقیقت عمر بن خطاب نے حرام تھوڑی کیا ہے وہ ایک مقتدر حاکم اور پاور فل بادشاہ تھے انہوں نے اپنی رعایا کو متعۃ الحج و متعۃ النساء سے محروم کیا ہے اور بادشاہ و سلطان کو حکم حکومتی کے تحت رعایا کو کچھ چیزوں سے محروم کرنا مصلحت کے طور پر جائز ہے۔

جواب یہ ہے کہ اولاً رسول خداؐ کے مباح و جائز کردہ امور سے محروم کرنے والے تم کون ہوتے ہو؟ تمہیں کب رسول خداؐ نے شیطان بنایا تھا حکم حکومتی کہہ کر خوام مخواہ کی توجیہ کرو دوسرے یہ کہ رسول خداؐ کے کلام کو خود عمر نقل کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ زمانہ رسول خداؐ میں حلال تھا حلال کے مقابل میں حرام آتا ہے محروم کا معنی کہاں سے نکلتا ہے تیسرے متعۃ النساء میں مصلحت تراشی کی جاسکتی ہے جیسے کہ ایران میں عمومی اعلان کی اجازت نہیں ہے لیکن متعۃ الحج میں کون سی مصلحت کار فرما ہے کیا عبادتیں اور واجبات کی ادائیگی میں بندوں کو عمل دخل کی اجازت ہے چوتھے اگر متعۃ سے منع کرنے میں کوئی مصلحت ہوتی تو عمر سے پہلے خبیث اول نے یا خود رسول خداؐ نے منع کیوں نہیں کیا اور امام امیر المومنین علی علیہ السلام نے اپنے دور میں کیوں

https://downloadshiabooks.com/

نہیں منع کیا پانچویں وہ کیا مصلحت تھی سوائے اس کے اس کی بہن بن بیاہی ماں بن گئی تھی اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اس عمومیت کو لوازم سے آگاہ کیا ہے کہ تو عمر نے اگر متعہ حرام نہ کر دیا ہوتا تو کوئی بھی زنا نہ کرتا مطلب یہ کہ سارے زانیوں کے زنا میں زنازادہ شریک ہے اور اس نے ایسا کیا ہی اس لیے تھے کہ دشمن علی علیہ السلام کی اس کے مانند کثرت ہو جائے۔

https://downloadshiabooks.com/

درس نمبر ۳۵

انہونی:

اللہ عزوجل نے فرشتوں کو معصوم خلق فرمایا ہے نہ تو ان کے اندر نفس امارہ ہے جو کہ برائیوں کا دستور دیتا ہے اور نہ ہی شیطان اور اس کے سرکش چیلوں کا ان کے اوپر تسلط قائم ہو سکتا ہے ویسے بھی فرشتے ابلیس کی دشمنی سے واقف ہیں انہوں نے بارگاہ خداوندی سے ابلیس کا بھگایا جانا اپنی نگاہوں سے دیکھا ہے اور اسے قیامت تک کا لعنتی ہوتے ہوئے مشاہدہ کیا ہے خلاصہ کلام یہ ہے کہ فرشتے اللہ کے مکرم بندے اور اس کی پاکیزہ مخلوق ہیں کہ جن کے اندر قدرت سے مخالفت کا کوئی عنصر نہیں پایا جاتا اور نہ ہی وہ فرشتے کبھی کوئی ایسی خطا کر سکتے ہیں کہ جس کی بدولت انہیں جہنم رسید ہونے کی دھمکی دی جائے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ لعنت اور تبراء کے باب میں معصومین علیہم السلام نے کتنی شدت و احتیاط برتی ہے اور تبراء و برائت کے باب میں انہونی بھی ہونی فرض کر کے اپنے چاہنے والوں کو شدت سے خبردار کیا ہے کہ کبھی ایسا نہ ہونے پائے کہ ان دونوں ملعونوں کی نسبت تمہارے دل میں نرمی پیدا ہو سماعہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے محو گفتگو ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں "**والذی بعث محمداً بالحق**" یہ امام صادق علیہ السلام کی بھاری قسم ہے قسم کا محل و مقام آپ جانتے ہیں اور امام معصوم قسم کھائے یہ بھی بڑی اہمیت کی حامل بات ہے اور پھر مقسم بہ کیا ہے اس کی بھی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے بہر حال امام صادق علیہ السلام نے قسم کھا کر فرمایا ہے "**لو ان جبرئیل و میکائیل کان فی قبلهما شیٔ**" اگر دونوں ملعونوں کی نسبت حضرت جبرئیلؑ و حضرت میکائیلؑ کے دلوں میں ہلکا سا بھی نرم

https://downloadshiabooks.com/

گوشہ ہو "لا کبھما فی النار و علی وجوھھما"، تو خداوند متعال یہ نہیں دیکھے گا کہ یہ دونوں فرشتے ازل سے ابد تک میرے نوکر رہے ہیں انہوں نے ہمیشہ خدمت انجام دی ہے میرے نبیوں کا سہارا رہے میرے ولیوں کے دوست رہے مسلسل خدمات انجام دیتے رہے کتب آسمانی کے پہنچانے میں سید الکتب کے سید الرسل کے پاس لے جاتے میں ان ددنوں فرشتوں کی خدمات نا قابل انکار ہے یہ سب دھرا کا دوھرا رہ جائے گا اگر ان دونوں خبیثوں کے لیے جبرئیل و میکائیل کے دلوں میں نرم گوشہ ملا تو خداوند متعال ان دونوں سید الملائکۃ کو بھی منہ کے بل جہنم میں جھونک دے گا۔

یہ یاد رہے کہ جناب مختار علیہ السلام نے قاتلین امام حسین علیہ السلام سے انتقام میں اپنی توانائی بھر کوئی کوتاہی نہیں کی ہے انہیں اپنے زمانے کے امام کی شناخت تھی غیروں سے زیادہ اہل بیت علیہم السلام کے چاھنے والے تھے ان کے عظیم کام پر معصومین علیہم السلام کی تائید ہے نہ تو انہیں دشمنان اہل بیت علیہم السلام کے قتل میں اور نہ ہی حکومت کے تخت و تاج پر قبضہ کرنے میں کسی شئ سے متھم کیا جاسکتا ہے دشمن دشمن ہے دوست دوست، جناب مختار عنفوان شباب بھی بھلے ہی زبردست مولائی نہ رہے ہوں لیکن اہل بیت علیہم السلام کی چاہت اور محبت میں زندان و قید کی سزا پائی اور بالآخر وہ کر دیا کہ آج تک محبان اہلبیت علیہم السلام کے دلوں کو سکون و قرار ملتا ہے اوران کے لئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔

مگر ایک حدیث کہ جس کا ذیل آپ کے سامنے بیان کیا جا چکا ہے ہمیں ایک مطلب کی طرف رہنمائی کرتی ہے جو بہت زیادہ قابل غور ہے اور وہ یہ ہے کہ جناب مختار کی بہن دوسرے خبیث کی بہو تھی دوسرے لفظوں میں جناب مختار کا سمدھیانا تھا رشتہ داری کی بنیاد پر جناب مختار کے دل میں دونوں ملعونوں کی نسبت نرم گوشہ پایا جاتا تھا اب یہ کس حد تک تھا اور کیا مجبوری تھی یا

https://downloadshiabooks.com/

نازک رشتہ کی بنیاد پر ایسا تھا مگر بقول امام جعفر صادق علیہ السلام ھلکا سا نرم گوشہ تھا اس لیے سماعہ سے بیان کرتے ہوئے امام صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ "انه کان فی قلبه منهما شیء" پھر قسم کھا کر جبرئیلؑ و میکائیلؑ کو مشروط طور پر امام علیہ السلام نے آڑے ہاتھوں لیا ہے۔

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں قیامت کے دن جناب رسول خداؐ جناب امیر المومنین علیہ السلام جناب امام حسن و امام حسین علیہما السلام جہنم کے کنارے سے گزر رہے ہوں گے ایک جہنمی جہنم سے پکار کے کہہ رہا ہو گا اے اللہ کے رسولؐ میری فریاد کو پہنچیں (تین بار) مگر رسول خداؐ اس کی فریادرسی نہیں کریں گے مصلحت کیا ہے آگے سنیے پھر وہ جہنمی جناب امیر المومنین علیہ السلام کو پکار کر کہے گا اے امیر المومنین علیہ السلام میری فریاد کو پہنچیں (تین بار) مگر امام علی علیہ السلام سنی ان سنی کر دیں گے پھر وہ جہنمی ایک جملہ اضافہ کے ساتھ حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کو پکار کر کہے گا "یاحسین یا حسین یا حسین اغثنی انا قاتل اعدائك" اے حسینؑ اے حسینؑ میری فریادرسی فرمائیں میں آپ کے دشمنوں کا قاتل مختار ہوں۔

اس موقع پر جناب رسول خداؐ اپنا رخ حضرت امام حسین علیہ السلام کی طرف کریں گے اور امام حسین علیہ السلام سے کہیں گے کہ مختار نے ہم سے فریاد کی تھی مگر اے بیٹا حسینؑ مختار نے آپ سے احتجاج کیا ہے دلیل پیش کی ہے اور فریاد کی وجہ ذکر کی ہے بس ادھر رسول خداؐ کا امام حسین علیہ السلام سے یہ بیان ہو گا ادھر روایت کا فقرہ ہے کہ "فینقضّ علیه کانه عقاب کاسر" پھر امام حسین علیہ السلام شکاری باز کی طرح مختار کے اوپر ٹوٹ پڑیں گے "فیخرجه من النار" اورانہیں آتش جہنم سے باہر نکال لائیں گے سماعہ نے سنا مگر کچھ دل کو تسلی نہیں ہوئی اور بول پڑے اے مولا، مختار جیسا عظیم فدائی شیدائی قربان ہونے والا جہنم میں ہو گا! بھلے وہ چند ساعت

https://downloadshiabooks.com/

ہی سہی لیکن کیوں؟ "ولم غذب بالنار وقد فعل ما فعل" آخر انہیں جہنم میں ڈالا ہی کیوں جائے گا جبکہ جو انہوں نے جو کیا ہے وہ آپ مجھ سے بہتر جانتے ہیں تب امام صادق علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا کہ نہ تو انہیں کو کسی بے خطا قتل کرنے کرنے کی سزا کے طور پر نہ ہی انہیں اپنے زمانے کے حجت خداؑ کی اجازت جنگ و جہاد نہ حاصل کرنے کی سزا کے طور پر کیونکہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لیے کسی امام یا حجت خدا سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی کسی اور جرم کی سزا کے طور پر بلکہ مختار کو چند ساعت ہی سہی واصل جہنم کیا جائے گا تاکہ امام حسین علیہ السلام انہیں بچائیں اور یہ سزا دل مختار میں ان ملاعین سے نرم گوشہ رکھنے کی وجہ سے ہو گی۔

زخم زبان کاری ہوتا ہے:

تلوار کی کاٹ سے زیادہ کاری زبان کی کاٹ ہوتی ہے جس کو استعمال کرنے کا حکم خود رسول خداؐ نے دیا ہے اور عملی طور پر بھی رسول خداؐ قریش کے اوباشوں کو برا بھلا کہتے تھے اور ان کی بتوں کی نام بنام توہین کرتے تھے اور کفار قریش بہت برا لگتا تھا ایک روز جناب ابو طالب علیہ السلام کے پاس آکر ان لوگوں نے جو شکوہ کیا تھا وہ صرف انہیں بے وقوف کہنے کی حد تک محدود نہیں تھا بلکہ کفار قریش کے بقول کہ تمہارا بھتیجا محمدؐ ہمیں بے وقوف اور نادان تو کہتا ہی ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ "یسب آلھتنا" ہمارے خداؤں کو گالیاں بھی دیتا ہے سب و شتم کو ان لوگوں نے گالی گلوچ سے تعبیر کیا ہے جبکہ رسول خداؐ عام لوگوں کی طرح معاذاللہ گالیاں نہیں بکتے تھے بلکہ بتوں کا مذاق اڑاتے تھے اور یہ بات انہیں سب سے زیادہ لگتی تھی۔

https://downloadshiabooks.com/

آج ہم اگر صحابہ کو رضی اللہ عنھم نہ کہیں تو مسلمانوں کو اتنا برا نہیں لگے گا لیکن ان کی توہین کریں انکے کرتوت کو بر ملا کریں اور ان پر سب و شتم کریں تو یہ بات مسلمانوں کو آگ بگولہ کر دیتی ہے مگر یہ سیرت رسول خداؐ ہے اور دستور صریح رسول خداؐ ہے آپ فرماتے ہیں " اهجوا قریشا فانه اشد علیها من رشق النبل "[57] قریش کی ھجو کرو انہیں برا بھلا کہو ان کے اوپر لعنت کرو نام بنام قریش کے خبیثوں کے کرتوت پر تبراء کرو اس لیے کہ قریش کو یہ عمل تیروں اور تلواروں کے زخم سے بھی زیادہ چبھتا ہے پتہ چلا دشمن کو ویسے ہی جلانا چاہیے جس سے وہ زیادہ جلے بوکھلائے آگ بگولا ہو اس لیے کہ زخم زبان زخم سنان سے زیادہ ہوتا ہے۔

یہ تو تھا رسول خداؐ کا حکم اب جناب امیر المومنین علیہ السلام کا بھی اقدام لعن سن لیں آپ فرماتے ہیں " مالی ولقریش " میرا قریش سے کیا واسطہ ہے توجہ رہے کہ یہ کلام جنگ جمل سے پہلے کا ہے اور رسول خداؐ کی شہادت کے بعد جس سے پتہ لگانا آسان ہے کہ امام علیہ السلام کی مراد قریش سے کون کون خبیث ہو سکتے ہیں فرماتے ہیں " اما واللہ بعد قتلتھم کافرین " بخدا قسم میں نے انہیں ان کی حالت کفر میں مارا ہے اور واصل جہنم کیا ہے " ولا قتلنھم مفتونین " اور عنقریب میں انہیں ان کی حالت آزمائش و امتحان فتنہ وفساد کی حالت میں ماروں گا اس کے بعد امام علیؑ بلا فصل فرماتے ہیں " مالنا الی عائشة من ذنب " ہم ھاشمیوں نے عائشہ کا کیا بگاڑا ہے آخر ہمارا جرم وگناہ کیا ہے جو میرے اور ھاشمیوں کے خلاف آگ اگل رہی ہے اور میرے خلاف لوگوں کو بھڑکا رہی ہے امام علیہ السلام فرماتے ہیں " ما لنا الی عائشة من ذنب الا ادخلناها فی حیزنا "

57۔ کتاب المبسوط، للشیخ طوسی، ج۸، ص۲۲۸۔

https://downloadshiabooks.com/

ہمارا گناہ یہ ہے کہ ہم نے اسکو اپنے گھر میں پناہ دی اور اسے اپنی چار دیواری میں رہنے دیا ورنہ اس کی حیثیت ہی کیا تھی وہ بس ایک عورت بلکہ بیکار رنگ وصورت کی ہی تو تھی۔

امام علی علیہ السلام آگے ارشاد فرماتے ہیں "واللہ لابقرن الباطل حتیٰ یظھر الحق من خاصرتہ" بخدا قسم میں باطل کا پیٹ پھاڑ ڈالوں گا تاکہ حق اس کے پہلو سے باہر نکل آئے اور میں اب کر کے رہوں گا باطل کا پیٹ پھاڑنے کا مقولہ استعارہ ہے حق کو حق باطل کو باطل کشف کر دینا مگر مالک اشتر وغیرہ نے جو سمجھا اس کے مطابق عمل کر ڈالا بقول استاد محترم علامہ محمود الحسن خان صاحب کے اونٹ سے گری تو ازار میں دراڑ آگئی تھی اور وہ مزہ لیکر بیان فرماتے تھے پھاڑنے پھٹنے والی بات جمل میں پیش آئی تھی جس کو قلم بند کرنا مناسب نہیں ہے بہرحال اس روز کے بعد ام المنافقین کی حیثیت سب کو پتہ چل گئی۔

امام امیر المومنین علی علیہ السلام آگے فرماتے ہیں کہ "فقل لقریش فلتضج ضجیجھا"[58] قریش کے اوباشوں سے کہہ دو انہیں جتنا چیختا چلاتا ہے چیخ چلالیں میں پیچھے ہٹنے والا نہیں ہوں میں باطل کا شکم چاک کر کے ہی رہوں گا یہ امیر المومنین علیہ السلام کیلکار اور سیرت ہے کہ دشمن کی چیخ وپکار سے خوف وہراس دل میں نہیں لانا چاہیے جو باطل ہے اسے باطل اور جو حق ہے اسے حق کہنا چاہیے نقصان تو ہوگا مگر اس کا میدان قیامت میں جبران بھی ہوگا۔

ختم شد

نور محمد ثالثی۔ نجف اشرف عراق

58۔ شرح نہج البلاغۃ للمعتزلی، ج۱، ص۲۳۳۔

https://downloadshiabooks.com/

مؤلف کے دیگر آثار

۱	سفط المعرفۃ،۱،۲،۳عربی محاضرات، مطبوع	۲	فقہ العقیدہ، دفتر اول، عربی محاضرات، مطبوع
۳	سفیر ولایت علیؑ، تالیف، مطبوع	۴	احکام خاک شفاء، تالیف، مطبوع
۵	آخری پھول، جلد۳، ۲، ۱ تالیف، مطبوع	۶	خوشبوئے بلاغت، دفتر اول، تالیف، مطبوع
۷	ارمغان کشمیر، دفتر اول، تالیف، مطبوع	۸	شکستہ نگینوں کا دیدار، تالیف، مطبوع
۹	مروان درمیزان قرآن، تالیف، غیر مطبوع	۱۰	معارف آل عمران، تالیف، غیر مطبوع
۱۱	نہج الرشاد (توضیح المسائل)، ترجمہ، مطبوع	۱۲	مرثیہ شریف کاشانی، ترجمہ، مطبوع
۱۳	علم و حکمت، ترجمہ، مطبوع	۱۴	نصائح و تجارب، ترجمہ، مطبوع
۱۵	سلطان العرب والعجم، ترجمہ، غیر مطبوع	۱۶	عقیدہ موت کے تربیتی آثار، ترجمہ، مطبوع
۱۷	سربراہ خواتین، ترجمہ، مطبوع	۱۸	حکمت جاودانی، ترجمہ، مطبوع
۱۹	مواعظ شافیہ، ترجمہ، غیر مطبوع	۲۰	آفاق ولایت، ترجمہ، مطبوع
۲۱	سربراہ انسانیت، ترجمہ، غیر مطبوع	۲۲	طرفدران معاویہ کو نصیحت، ترجمہ، مطبوع
۲۳	شفاء در تربت کربلا، ترجمہ، مطبوع	۲۴	حج و عمرہ، ترجمہ، مطبوع
۲۵	سنہرا خط، ترجمہ، مطبوع	۲۶	سربراہ مسلمین جلد ا، ترجمہ، مطبوع
۲۷	مصلح اعظم، ترجمہ، غیر مطبوع	۲۸	خدا کا مہینہ، ترجمہ، مطبوع
۲۹	دروس العقائد، دفتر اول و دوم، تالیف، مطبوع	۳۰	دنیا و آخرت، ترجمہ، مطبوع

https://downloadshiabooks.com/